اسواسطے کہ آواز منھ اور زبان سے ہوتی ہی اللہ تعالی پاک ہی منھ اور زبان سے مسئلہ قرآن مجید اللہ تعالی کا
کلام حقیقۃً ہی مجازاً نسمجھو اور جیسے اللہ کی ذات قدیم ہی ویسا ہی کلام اوسکا بھی قدیم ہی مسئلہ قرآن شریف

Marfat.com

یہی ہی کہ مشہور ہی اوترا ہی حضرت محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم پر آیت آیت کر خواہ آیت رحمتِ الٰہی کی ہو خواہ آیت عذاب کی سب کلام خدا کا ہی **مسئلہ** قرآن برحق ہی اللہ تعالی نے بھیجا ہی اور کتابین اور صحیفے جیسے توریت دزبور کہ منسوخ ہو گئے یہ قرآن معجزہ ہی باقی رہیگا قیامت تک منسوخ نہوگا اور کوئی آیت یا سورت اوسکی بدلی نجائیگی یہ قرآن کلام خدا کا ہی حضرت محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم کا بنایا ہوا نہین اور نہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کا بنایا ہوا ہی یہ قرآن ہمارے پیغمبر کو توسط جبرئیل کے جو خدا کے امانت دار ہین پونہچا اگر کوئی کہے کہ قرآن حضرت جبرئیل نے بنایا یا خدا کے رسول نے بنالیا ہی تو کافر ہوا **مسئلہ** اعتقاد رکھنا چاہیے کہ جس وضع کا قرآن خدا کے رسول نے دنیا مین چھوڑا ہی اسے کوئی نہ گھٹا سکتا ہی اور نہ بڑھا سکتا ہی کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّكۡرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوۡنَ یعنی یہ قرآن ہمنے اوتارا ہی اور ہم اوسکے نگہبان ہین **مسئلہ** پیغمبر کہتے ہین قاصد کو اور نبوت خبر دینے کو اور بلندی کو بھی کہتے ہین یہان دونون معنی صادق ہین اسواسطے کہ اللہ تعالی نے پیغمبرونکو خبر دی ہی اور سب خلقت سے اونکا درجہ بڑا کیا ہی وہ خبر دیتے ہین جس چیز مین صلاحیت دین و دنیا کی ہی اور آخرت کا چھٹکارا ہی خواہ وہ امر سے ہو یا نہی سے او بہشت کا وعدہ ہو یا دوزخ کی وعید خلق کو بشارت دیتے ہین اور ڈراتے ہین اونکا نام نبی ہی سب خلق سے درجہ انکا بڑا ہی کوئی کیسی ہی بندگی کرے خواہ جان سے یا مال سے انکے درجے کو نہین پہونچ سکتا درجۂ نبوت انکو کسی عمل سے نہین ملا بلکہ خدا کے فضل و کرم سے حاصل ہوا انکے تین قسم ہین ایک نبی جنکے پاس جبرئیل علیہ السلام ظاہرا حکم نہین لائے مگر پردے مین یا دلمین جو القا ہوا اوسپر عمل کیا اور نیا حکم نہین ہوا اور نہ خلق اللہ کو ہدایت کرنے کا حکم ہوا دوسرے وہ لوگ کہ اونکو حکم ہوا کہ ہمارا پیغام خلق کو پونہچاؤ اور یہ بات لوگونکو بتاؤ اور جبرئیل ظاہرا انکے پاس آنے لیکن نئی شریعت نہین لائے اگرچہ کتاب نئی لائے جیسے حضرت داؤد علیہ السلام اونکا نام مرسل ہی اور مرسل نبی ہوتا ہی اور نبی مرسل نہین ہوتا تیسری قسم پیغمبرون کی اولو العزم ہین عزم کہتے ہین قصد کو یعنی صاحب قصد تھے کہ اون پر نئی شریعت آئی اور اونمین جو حکم ہوا تھا کہ لوگونکو راہ بتاؤ جو نمانین جنگ کرو سمجھاؤ اونھون نے ویسا ہی کیا انبیاء اولو العزم پر اطلاق مرسل اور نبی کا صادق ہی اور مرسل اور نبی پر اطلاق اولو العزم کا صادق نہین ہوتا چنانچہ حضرت داؤد علیہ السلام صاحب کتاب تھے لیکن شریعت جدا نرکھتے تھے بلکہ حکم تھا

کہ توریت پر عمل کرو پس مرسل ہوئے اور اولوالعزم نہوئے ظاہر ہی کہ اللہ تعالی نے خلق کو پیدا کرکے حکم کیا
کہ ہمارے احسانون کا شکر توحید اور بندگی کرکے ادا کرو جبکہ توحید اور بندگی فرض ہوئی اور ہر ایک کو شعور نتھا
کہ کیفیت توحید اور عبادت کی دریافت کرے اسواسطے اللہ تعالی نے پیغمبرونکو بھیجا کہ اونکو راہ اللہ تعالی کے
احسان اور شکر کی بتاوین جیسا پیغمبر خدا فرماتے ہین اِنَّمَا بُعِثْتُ مُعَلِّمًا یعنی نہین بھیجے گئے ہم مگر تبلانے کو
خدا نے حکم اپنا پیغمبرونکی زبان سے خلق کو سنایا اور وہ حکم دو طرح کا ہی ایک کا نام امر ہی یعنی حکم جسنے اوس حکم
کی تعمیل کی اوسکو بشارتِ عاقبت بخیر اور رضامندی اللہ تعالی کی سنائی اور دوسرے حکم کا نام نہی ہی
یعنی ممانعت جسنے وہ کام کیا اوسے غضب اللہ تعالی کی خبر سنائی اگرچہ عقل اللہ تعالی نے آدمی مین دی ہی
کہ اوسکی نعمتون کا شکر کرے لیکن آداب جو لائق دربار آلہی کے ہون حد اسکی بغیر تعلیم معلم دربار خاص کے کہ وہ
واقف آئین شرعی ہو معلوم نہین ہو سکتی ظاہر ہی کہ اگر شرع مانع نہوتی تو عقل نوع بشر کی اوسکے فہم صفات و
اسماء مین سرگردان رہتی اور لوگ الفاظ نامناسب بوجہ بیکاری قوت دراکہ کہنے لگتے غلط اور صحت آداب کا
فرق کسطرح کرسکتے اسواسطے کہ آدمیونکی عقل ایک طرح کی نہین ہر شخص اپنے اپنے عقل کے موافق حد باندھ
رکھتا کہ اسکا نام شکر ہی اور اسکا نام کفر ہی اور وہ اختلاف جو پڑتا اوسکا انصاف کون کرتا کہ یہ خلاف ہی اور
یہ درست ہی درحقیقت کمال حکمت اللہ تعالی کی ہی کہ اپنے فضل و کرم سے پیغمبرونکو بھیجا اور حکم جو مدِ خاطر تھا
انکی معرفت کہلا بھیجا اللہ تعالی فرماتا ہی رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ
حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ یعنی بھیجے قاصد بشارت دینے والے بھلائی کرنے والون کو اور ڈرانے والے بدکارون کو
بھیجے ہین تاکہ کافرون کو اللہ پر حجت نہو کہ ہمین کسی نے نہ کہا تھا ہرگاہ پیغمبرونے خلق کو اللہ تعالی کا حکم سنایا
کہ یہ بات کرو اور یہ نکرو اوسوقت لوگونکو شبہہ ہوا کہ تم فلانے کے بیٹے ہو اور بیبیان رکھتے ہو اور بازارون مین
سودا لیتے پھرتے ہو تم خدا کے قاصد کہان سے ہو گئے اونھونے جواب دیا کہ خدا کی مہربانی سے کافرونے کہا تمہارا
کون شاہد ہی تم اپنی طرف سے کہتے ہو پیغمبرونے فرمایا ہم خدا کی طرف سے کہتے ہین تم خاطر جمع رکھو جس پیغمبر کو
جس امت سے مقابلہ پڑا جس طرح کا معجزہ چاہا بحکم خدا دکھلا دیا اللہ تعالی کو سب قدرت ہی لیکن عادت یہ ہی
کہ ظہور اکثر چیزون کا اسباب کے ذریعے سے کرتا ہی اسلیے کافرونے وہ بات چاہی کہ آدمی سے نہو سکے چنانچہ فرعون

Marfat.com

کے وقت مین جادو کا زور تھا جادوگر جانتے تھے کہ جادو کو جادو رد کرسکتا ہی مٹا نہین سکتا لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا معجزہ تھا اوسنے جادو کو مٹا دیا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وقت مین اہل یونان طب مین بہت دم مارتے تھے اور طب والے دو چیزونکو اپنی عقل مین غیر ممکن جانتے تھے ایک اندھے مادرزاد کی بینائی اور مُردے کو جلانا اس لیے اونہونے یہی سوال کیا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعا سے مُردہ جو مٹی مین بالکل ملگیا تھا زندہ ہوا اور اندھا مادرزاد اچھا ہوا ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین لوگ پیاسے بہت ہوئے اونگلیون سے حضرت کی اسقدر پانی نکلا کہ لشکر سیراب ہوگیا اور جانورونسے شاہدی چاہی مرد اور گوہ شہادت دیوائی کہ تو سچا پیغمبر ہے اور درختون سے شاہدی چاہی کھجور کے درخت کو بُلایا فوراً چلا آیا اور شہادت دی کہ تو سچا پیغمبر ہے اور پتھرونسے چاہا تو کنکریونے تسبیح شہادت کی پڑھی آن دلیلون سے پیغمبر سچے جانے گئے کہ مقرر یہ پیغمبر برحق ہین انکا کہا سچا ہی پیغمبرونمین سب سے پہلا حضرت آدم علیہ السلام ہین اور سب سے پیچھے حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم جتنے نبی ہین یا رسول سبکو سچا جانے اور سبسے باادب رہے اور کیسکی اہانت نکرے کہ کفر ہی مسئلہ پیغمبرونکی تعداد مین اختلاف ہی بعض کہتے ہین ایک لاکھ چوبیس ہزار ہین اور بعض کہتے ہین کہ دو لاکھ لیکن صحیح یہ ہی کہ جسقدر پیغمبر خدا کی طرف سے آئے ہین سب پر ایمان لائے کچھ تعداد و شمار کی حاجت نہین قال اللہ تعالی مِنْهُمْ مَنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَنْ لَمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ یعنی بعضے پیغمبرونکا حال تمپر ظاہر کیا ہی اور بعضون کا نہین بیان کیا مسئلہ ہمارے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم سلطان الرسل اور امام الانبیا ہین جیسا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اَنَا سَيِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ وَلَا فَخْرَ یعنی مین سردار ہون اولاد آدم کا اور نہین فخر ہی اور فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اٰدَمُ وَمَنْ دُوْنَهٗ تَحْتَ لِوَائِيْ یعنی حضرت آدم علیہ السلام اور جو سوا انکے ہین نیچے عَلَم کے میرے ہونگے یعنی قیامت مین پہلے جسکی شفاعت قبول ہوگی وہ مین ہونگا اور اللہ تعالے نے کلام مجید مین فرمایا ہی اِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ الآیۃ یعنی یہ کتاب ہی عزیز کہ پہلے اس سے ایسی کتاب نہین آئی کہ اوسے جھٹلاوے اور پیچھے اسکے ایسی شریعت نہین ہوگی کہ اسے مٹادے مسئلہ نزدیک اہل سنت و جماعت کے صاحب شریعت کہ اولوالعزم ہین رسل سے وہ چھہ ہین آدمؑ نوحؑ ابراہیمؑ موسیٰؑ عیسیٰؑ محمد علیہم الصلوٰۃ والسلام مسئلہ انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام معصوم ہین گناہ صغائر اور کبائر اور کفر اور قبائح سے لیکن کبھی ہرزد

ہوتے ہین اونسے زلات اور خطئیات اعتقاد رکھنا چاہیے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیا ہین اونکے بعد کوئی پیغمبر نہوگا اور اللہ کے دوست ہین اور خاص بندے ہین اور کبھی اونھون نے بت کو نہین پوجا نبوت سے پہلے اور نہ پیچھے اور کبھی گناہ صغیرہ اور کبیرہ آپسے وقوع مین نہین آیا یہی قول ہی امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ کا فقہ اکبر مین اور سند کو رہی عقائد تمہید مین کہ کہا اہل سنت و جماعت نے تھے انبیا علیہم السلام قبل وحی کے انبیا ہی معصوم واجب العصمۃ اور تھے رسول قبل وحی کے رسول اور نبی ہاموان اور بعد وفات کے بھی والدلیل علیہ قولہ تعالیٰ فی الخبر عن عیسیٰ علیہ السلام و تصدیقاً لہ مَنْ كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا قَالَ إِنِّي عَبْدُ اللَّهِ آتَانِيَ الْكِتَابَ وَجَعَلَنِي نَبِيًّا و معلوماً اَنَّ الوحی لَا یکون للصبیان و الاطفال و الکتاب لا یکون الا لنبی مرسل و ھذا نص من غیر تاویل و لا تعریض و من انکر ذلک فانہ یصیر کافراً و روی عن النبی علیہ الصلوٰۃ و السلام انہ سئل متی کنت نبیاً قال کنت نبیاً و آدم بین الماء و الطین و المعنی فیہ و ھو ان العصمۃ للانبیاء علیہم الصلوٰۃ و السلام قبل الوحی

مسئلہ اعتقاد رکھنا چاہیے کہ عذاب قبر کا برحق ہی اور اس سے مراد عذاب عالم برزخ کا ہی کہ واسطہ ہی درمیان دنیا اور آخرت کے گنہگار مومن اس عالم برزخ مین محنت اور عذاب مین رہینگے اور نیک کار مومن ناز و نعمت مین اوس طرح پر کہ خواہش اور مرضی اوس خالق حقیقی کی ہوگی مسئلہ سوال منکر اور نکیر کا حق ہی منکر اور نکیر دو فرشتے ہین سیاہ نہایت مہیب شکل کبود چشم کہ قبر مین آوینگے اور بندون سے اونکے خدا اور رسول اور دین سے سوال کرینگے اگر توفیق ایزدی اور تعلیم آلہی سے بندہ نے اونکے سوال کا جواب دیدیا تو خیر میت سے ناز و نعمت مین رہیگا اور اوسکے حق مین قبر گویا ایک چمن بہشت کی ہوجاویگی اور اگر خدانخواستہ جواب دینے سے رہ گیا تو ہر طرح کے عذاب مین پڑیگا جیساکہ حدیث اس بات کے سچ ہونے پر ناطق ہی اور اوسکی حقیقت اور کیفیت کو موقوف علم آلہی پر رکھنا چاہیے خواہ عالم برزخ مین اعادہ حیات سے یا روح کو مقابل بدن کے لاکر یا کسی اور طرح یہ بات وقوع مین آوے صاحب خلاصہ اور بزازیہ نے اپنی کتاب مین لکھا ہی کہ سوال میت سے گاڑنے کے ساتھ ہی نہوگا بلکہ گاڑنے والونکے وہانسے غائب ہونیکے بعد ہوگا اور اگر کسیکو کوئی درندہ کھا گیا ہی تو اوسکے پیٹ مین اوس سے سوال ہوگا صحیح یہ ہی کہ پیغمبرونسے سوال نہوگا اور اگر ہو تو تعظیم اور تشریف کے ساتھ نہ بہ تو حید اور احوال امت

ہوگا مومنین کے لڑکون سے سوال ہونے مین بھی اختلاف ہی اکثر دنکا مذہب یہ ہی کہ اونسے بھی سوال ہوگا مگر خدا کے
فضل سے فرشتے اونکو بعد سوال تلقین کرینگے کہ کہو اَللّٰہُ رَبِّیْ وَدِیْنِیَ الْاِسْلَامُ وَنَبِیِّیْ مُحَمَّدٌ یا کہ جناب
باری خود اونکے دلمین ڈالدیگا چنانچہ عیسی علیہ السلام کو مہد مین الہام کیا اطفال مشرکین کے سوال مین بھی
اختلاف ہی اسی سبب سے امام اعظم رح نے توقف کیا ہی اور اون لوگونکے ثواب عذاب مین بھی گفتگو ہی بعض کہتے ہین
کہ یہ لوگ دوزخ مین رہینگے اور بعض کا مقولہ ہی کہ بہشت مین محمد بن حسن فرماتے ہین کہ مجھے یقین ہی کہ جناب باری
کسی کو بے گناہ عذاب نکریگا مذہب اصح یہ ہی کہ اطفال مشرکین خدمت کرینگے مومنین کی بہشت مین اکثر فقہا کا
یہ مذہب ہی کہ شہید اور جو دو شخص کہ فی سبیل اللہ آپس مین دوستی رکھتے تھے اور جو شخص کہ جمعے کے دن یا رات
کو مر گیا ہی اور وہ شخص کہ ہر رات سورۂ ملک پڑھتا ہی اور وہ لوگ کہ استسقا اور اسہال مین مر گئے ہون اون پر
بھی سوال نہوگا ترمذی نے اور ابن عبد البر نے ذکر کیا ہی کہ سوال قبر خاص اسی امت عظمی کے واسطے ہی اور
اس تعجیل عذاب مین حکمت یہ ہی کہ یہ امت مرحومہ قبر ہی مین اپنے اعمال بد کی سزا چکے پا لیوے تا کہ روز قیامت
مین پاک صاف نکلے باقی اللہ تعالی بہتر جاننے والا ہی مسئلہ اتفاق کیا اہل سنت وجماعت نے کہ اللہ تعالی
پیدا کرتا ہی میت مین ایک نوع کی حیات کو قبر مین اسقدر کہ متالم اور متلذذ ہو لیکن اختلاف علما کا اس مین ہی کہ
آیا روح قبر مین اعادہ کرتی ہی جسم مین یا نہین ابو حنیفہ رح اس مسئلہ مین کوئی حکم نہین کرتے تھے بعضے علمانے کہا اعادہ کرتی ہی
روح قبر مین اس دلیل سے کہ جواب فرشتون کا فعل اختیاری ہی پس نہین متصور ہو سکتا ہی جواب بدون ادخال روح کے اور کہا بعضون نے کہ متصور
ہو سکتا ہی جواب بدون اعادہ روح کے آیا نہین دیکھتا کہ آدمی سوتا ہی خارج ہوتی ہی روح اوسکی اور رہتی ہی متصل جسد کے یہانتک
کہ متالم ہوتا ہی نیند مین اور متنعم وَقَدْ رُوِیَ عَنْہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ سُئِلَ کَیْفَ یُوْجَعُ اللَّحْمُ
فِی الْقَبْرِ وَلَمْ یَکُنْ فِیْہِ الرُّوْحُ فَقَالَ کَمَا یُوْجَعُ سِنُّکَ وَلَیْسَ فِیْہِ الرُّوْحُ مسئلہ اتفاق کیا
اہل سنت وجماعت نے کہ روح مخلوق ہی لیکن اختلاف ہی اس مین کہ آیا روح کو فنا ہی یا نہین مذہب صحیح یہ ہی کہ نہین
ہی موت واسطے روح کے اس دلیل سے کہ ہرگاہ نقل کرتی ہی روح بدن متقین سے تو رہتی ہی دار نعیم مین کما قال
اللہ تعالی کَلَّآ اِنَّ کِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِیْ عِلِّیِّیْنَ اور رہتی ہی روح گنہگارونکی دار جحیم مین کما قال اللہ تعالی
کَلَّآ اِنَّ کِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِیْ سِجِّیْنٍ پس ثابت ہوا کہ ارواح کو موت نہین ہی جاننا چاہیے کہ موت کے بعد ارواح ابرار کی

علیین مین اور فجار کی سجین مین الی یوم القیام مستقر رہتی ہی ثُمَّ یَعُوْدُ اِلٰی جَسَدِہٖ وَیَقُوْمُ لِلْحِسَابِ بِاَمْرِ
اللّٰہِ تَعَالٰی یَوْمَ التَّنَادِ فَیَکُوْنُوْنَ فِی الْجَنَّۃِ اَوْ فِی النَّارِ مَعَ جَسَدِہٖ مُخَلَّدُوْنَ دَائِمُوْنَ ھٰکَذَا فِی
التَّمْھِیْدِ اور لکھا ہی دقائق الحقائق مین کہ ہرگاہ پوچھے گئے بعض علما حال معادن ارواح سے کہا کہ ارواح
انبیا علیہم السلام کی جنات عدن مین رہینگی اور لحد سے انس رکھینگی اور اجسام انکے اپنے رب کو سجدہ کرنے اور ادا
حمد مین مشغول رہینگے اور ارواح شہیدونکی فردوس اعلی مین درمیان بہشت کے سبز چڑیون کے پیٹ مین رہینگی
اور جنت مین اوڑتی پھرینگی اور جہان خواہش ہوگی چرینگی پھر پناہ لینگی قندیلونمین جو لٹکتی ہین بہشت مین
اور ارواح اولاد مسلمین کی پیٹ مین کنجشک سبز جنت کے نزدیک پہاڑ مشک کے روز قیامت تک رہینگی
اور ارواح اولاد کفار اور مشرکین کی گھومتی پھرینگی جنت مین اور ہنوگا انکے لیے کہین ٹھکانا روز قیامت تک
پھر وہ خدمت کرینگی مومنین کی اور ارواح اون مومنین کی جنپر کسیکا دین باقی ہی معلق رہینگی ہوا مین جنت
مین جا سکینگی نہ آسمان مین جبتک وہ دین اور وہ حق ادا نہو اور ارواح فاسق مسلمان کی عذاب کیجائینگی
قبر مین ساتھ جسم کے اور ارواح کافرون اور منافقون کی سجین مین رہینگی وَھٰکَذَا فِیْ مِرْاٰۃِ الْاٰخِرَۃِ مُنْتَخِبًا
عَنِ الْبُدُوْرِ السَّافِرَۃِ وَکَذَا فِی الْعَقِیْدَۃِ الْمُعِیْنَۃِ النَّسَفِیَّۃِ اور شاہ عبد العزیز نے فتح العزیز مین تفسیر
آیہ کَلَّآ اِنَّ کِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِیْ سِجِّیْنٍ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سِجِّیْنٌ کِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ اور کَلَّآ اِنَّ کِتٰبَ الْاَبْرَارِ
لَفِیْ عِلِّیِّیْنَ مین لکھا ہی کہ ارواح فجار کی سجین مین مستقر رہتی ہین اور ارواح ابرار کی علیین مین جسکو خواہش
ہو تفسیر مذکور مین دیکھ لیوے کہ بشرح وبسط لکھا ہی اور لکھا ہی حافظ محی السنۃ ابو محمد الحسین الفراء البغوی نے
تفسیر معالم التنزیل مین اِنَّ کِتٰبَ الْفُجَّارِ الَّذِیْ یُکْتَبُ فِیْہِ اَعْمَالُھُمْ لَفِیْ سِجِّیْنٍ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ
ابْنُ عُمَرَ وَقَتَادَۃُ وَمُجَاھِدُ وَالضَّحَّاکُ سِجِّیْنٌ ھِیَ الْاَرْضُ السَّابِعَۃُ السُّفْلٰی فِیْھَا اَرْوَاحُ الْکُفَّارِ
مسئلہ مُردونکو پاک پروردگار کا قیامت کے دن قبرونسے زندہ کرکے اوٹھانا حق ہی کلام مجید اور حدیثین اسکی
صداقت پر ناطق ہین اور مدار دین اسلام کا اسی مسئلہ پر ہی کہ جو خالق عدم سے مخلوقات کو وجود مین لایا
مارنیکے بعد دوبارہ اوسکو جلانا اوسکے لیے کون مشکل ہی وَھُوَ الَّذِیْ یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُہٗ حدیثونمین
آیا ہی آسمان سے ایک مینہ برسیگا پس مُردے زمین سے آپسے آپ نکل آوینگے اور وحوش وطیور وحشرات الارض وغیرہ سکے

Marfat.com

سب مبعوث ہونگے تاکہ حکیم مطلق قصاص ہر ایک کا دوسرے سے دلاوے اور یہ بھی حدیث مین آیا ہی کہ فرداے قیامت قصاص مخلوقات کا ایک کا دوسرے سے ضرور دلایا جاویگا یہانتک کہ سینگ والی بکری نے جو بے سینگ والی بکری کو مارا ہی اوسکا بھی عوض دلایا جاویگا بلکہ چیونٹی کو چیونٹی سے عوض دلایا جاویگا اور یہ قصاص تکلیف اور تمیز پر حصر بمصلحت نہین رکھتا ہی اسواسطے بعضے علما کہتے ہین کہ لڑکے کا لڑکے سے قصاص لیا جاویگا اور بعد قصاص لینے کے حیوانات معدوم کر دیے جاوینگے اور جو حیوانات کہ ماکول اہل اسلام کے ہوتے ہین وہ خاک بہشت کی ہو وینگے وجود بعث و نشر کا نفخ صور سے ہوگا پہلے پھونکنا صور کا ابتدائی حال قیامت مین ہوگا پس اوسیوقت اہل زمین و آسمان پر ایک ہول اور دہشت اور خوف و وحشت طاری ہوگی یہانتک کہ سب جاندار مرجاینگے جیسا کہ کلام مجید مین آیا ہی وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ یعنی جسدن پھونکا جاویگا صور تو گھبرا جاوے جو کوئی ہی زمین اور آسمان مین مگر جسکو اللہ چاہے اور دوسری جگہہ فرماتا ہی وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ یعنی اور پھونکا گیا صور پھر بیہوش ہوگرا جو کوئی ہی آسمان مین اور زمین مین مگر جسکو اللہ چاہے پھر دوسری بار قبرونسے مُردے اوٹھینگے یعنی صور پھونکا جائیگا پس اوسیوقت مُردے اوٹھینگے اور کھڑے ہو جاوینگے چنانچہ متصل اوسی آیت کے فرماتا ہی ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُونَ اور فاصلہ درمیان دونون صورونکے چالیس برس کا ہوگا اور اس تعمیم مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ سے معلوم ہوتا ہی کہ اثر اس فزع اور صعق یعنی گھبراہٹ اور بیہوش ہونیکا تمام اہل زمین اور آسمان یعنی جن و انس و ملائکہ پر ہوگا اور استثناء اِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ مین شاید جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل اور عزرائیل علیہم السلام اور حور اور خزنہ اور حملۂ عرش اور شہدا لوگ مراد لیے گئے ہین مسئلہ تولا جانا اعمال بندونکا قیامت کے دن حق ہی اگرچہ علم اوس پاک پروردگار کا سب پر محیط ہی لیکن اوسکے ضمن مین حکمتین ہین تاکہ بندے جانین اور انپر ظاہر ہووین اور کیفیت اس وزن و میزان کی موقوف اوسکے علم پر ہی بس اسقدر ایمان کے واسطے کافی ہی اور حق یہ ہی کہ میزان حقیقی وہی ہی اور اوسکے دو پلے ہین ہر پلہ آسمان و زمین کے برابر سلمان رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہی کہ اگر اوسکے ایک پلے مین آسمان و زمین اور جو چیزین اوسمین ہین رکھدیوین تو سما جاوین اور حسنات کا پلہ دہنی طرف سے عرش کے مقابل بہشت کے

رہیگا اور پلہ سئیات یعنی گناہ کا عرش کی بائین طرف سے مقابل دوزخ کے رہیگا رہا یہ امر کہ کس جنس کو تولینگے حقتعالےٰ قادر ہی کہ عمل کو ایک شکل اور جسم بنا دیوے مثلاً حسنات کا ایک جسم نورانی اور سئیات کا ایک جسم ظلمانی بنا دیوے یا کہ صحیفے اعمال کے جو اون میں لکھے ہین ہووین اونمین ثقل اور خفت احداث فرما دے اور نزدیک بعضونکے واسطے تطبیق احادیث کے اعمال اور صحائف اعمال سبکے سب وزن ہوینگے قائل ہین علما وزن اعمال کے جنکا کہ گناہ نہین ہی اور جنکی کہ طاعت نہین ہی انکے شرف اور معصیت کے اظہار کے واسطے وزن ہی اور وزن عمل کافر مین بھی یہی حکمت ہی کہتے ہین کہ میزان آخرت دنیا کے میزان کا اولٹا ہی کیا معنی کہ بوجھ زیادہ ہونے سے میزان کا پلہ اوپر چڑھیگا اور کم ہونے سے نیچے جھکیگا **مسلہ** نامۂ اعمال بندونکا کہ انکی نیکی اور بدی اور سب جزو کل اوسمین لکھا ہوا ہی حق ہی مومنونکے دہنے ہاتھ مین اور کافرونکے بائین ہاتھ مین پیٹھ کی طرف سے دیوینگے تاکہ مومن اور کافر کی تمیز ہو اور بعضے کہتے ہین کہ گنہگار مومنون کو بھی دہنے ہاتھ مین دیوینگے مگر بعد عذاب اور بعض کا قول یہ ہی کہ اونکو سامنے سے دینگے یا کہ اعمالنامہ دینگے بلکہ احوال اوسکا سنا دینگے حق یہ ہی کہ گنہگار مومنون کے نامۂ اعمال دینے کا حال کچھ نص قرآن سے صریحاً ثابت نہین اور مطلب کتاب سے حساب ہی تو کتاب اور حساب دونون حق ہین **مسلہ** خدا تعالی بندونسے سوال کریگا کہ تمنے طاعت اور معصیت سے کیا حاصل کیا یہ بھی حق ہی اور فرشتے بھی پوچھے جائینگے حدیث مین آیا ہی کہ پہلے حساب حضرت جبرئیل امین علیہ السلام سے لیوینگے کہ امانت وحی پیغمبرون کو کس طرح پونہچائی اور بعضے حدیثونمین آیا ہی کہ پہلے حساب لوح کا ہوگا اوسکو حاضر کرینگے وہ خوف خداوندی سے کانپنے لگیگا حکم ہوگا جبرئیل کو کہ تونے علم کس طرح پونہچایا گواہ تیرا کون ہی وہ اسرافیل کو گواہ قرار دینگے اسرافیل حاضر ہوینگے غضب و ہیبت کبریائی ذوالجلال سے کانپنے لگینگے پھر پیغمبرونکو حاضر کرینگے تبلیغ وحی اور ادای امانت رسالت سے اونپر سوال ہوگا اور پہلے عبادات سے سوال نماز کا ہوگا اور معاملات سے خون کا اور حسنات ظالم کی مظلوم کو دلائی جائینگی اور گناہ مظلوم کا ظالم کے سر دھرینگے روایت ہی کہ سات سو نمازین جو قبولیت کا درجہ رکھتی ہین ایک دانگ کے عوض مین جائینگی روایت مین آیا ہی کہ مثلاً ایک شخص ثواب ستر پیغمبر و نکا رکھتا ہی اور کسیکا نصف دانگ اوسپر پانا ٹھہرے تو وہ بہشت مین جانے نپاویگا جبتک کہ اوسکا پانیوالا راضی نہو اب اوس پاک پروردگار کی رحمت اور فضل کو دیکھا چاہیے کہ جسکو اس مظلمہ سے بچانا منظور ہوگا پس وہین اوسکے خصم کو بہشت برین دکھلا کے فرماویگا کہ اسکو کون خرید کرتا ہی وہ عرض کریگا خداوندا اسکی قیمت بھلا کون دے

سکیگا خالق بیچون فرماویگا اسے توہی لے سکیگا یہ جو تیرا مسلمان بھائی پر حق ہی اگر تو اوسے بخشے تو اوسکی عوض مین تجھے یہ بہشت ملیگی فوراً وہ راضی ہوکر بخشدیگا یہ بھی حدیث مین آیا ہی کہ اپنے مومن بندون سے سوال چپکے کریگا کہ کسی اور کو خبر نہو اور ملائکہ نیکی کا نامہ اعمال اسکے ہاتھہ مین دینگے اور کافر اور منافق کو فضیحت اور رسوا کرینگے اور ندا دینگے الا لعنة اللہ علی الظالمین غرض اوسکے فضل سے امید رحمت ہی اور عدل سے کمال دہشت **مسئلہ** حوض حق ہی یعنی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو واسطے ایک حوض ہی نام اوسکا کوثر چنانچہ انا اعطیناک الکوثر اوسپر ناطق ہی اوسکا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور اوسکی بو مشک اذفر سے زیادہ خوشتر ہوگی جو کوئی اوسکا پانی ایکبار پئےگا پھر اوسکو پیاس نہوگی **مسئلہ** صراط برحق ہی یعنی قیامت مین دوزخ کی پیٹھہ پر خداوند تعالی ایک پل کھینچیگا بال سے باریکتر اور تلوار سے تیزتر اور خلائق کو حکم کریگا کہ تم اوسپر سے گذر جاؤ چنانچہ بہشتی لوگ خدا کے فضل سے کوئی ہوا کیطرح اور کوئی برق کی مانند اور بعضے سوار گھوڑونکے مثل گذر جاوینگے اور داخل بہشت ہووینگے اور دوزخی پھسل پھسل کر دوزخ مین گر پڑینگے اور یہ جو مصحف شریف مین آیا ہی وان منکم الا واردھا اس سے غرض یہی ہی کہ اوس پل پر سے ساری خلائق کو گذرنا ہوگا یہانتک کہ انبیا علیہم السلام بھی گذرینگے ابن عباس سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس آیت کے مضمون سے مخصوص ہین یعنی ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سب پل پر سے گذر جاوینگے اور آپ حضرت حق مین کھڑے رہینگے فی الحقیقة یہ بات کام کی ہی کیونکہ اگر آپ آگ پر سے گذرین تو بلاشبہہ وہ آگ گلستان ہوجاوے آگ تو بندۂ مومن سے کہیگی کہ ای مومن جلدی سے گذر جا کہ تیرے ایمان کے نور سے میری لو بجھی جاتی ہی چہ جائیکہ ہمارے پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام کہ نور انوار مومنون کے ہین آپکے روبرو آگ کب ٹھیر سکتی ہی **مسئلہ** شفاعت حق ہی یعنی گنہگارون کی شفاعت درگاہ ایزدی مین انبیا اور اولیا اور صالحین اور ملائکہ کہ جنکو قرب اوس پاک پروردگار کی درگاہ پاک مین حاصل ہی کرینگے اور ثابت اور متحقق ہی کہ پہلے جو کوئی ابتدا اس امر جلیل کی کریگا وہ ہمارے پیغمبر صاحب ہین صلی اللہ علیہ وسلم جناب باری مین آپکی جسقدر قدر و منزلت ہی وہ فردای قیامت ظاہر ہوجاویگی ع پیمبر کی ہمارے جتنی ہی اللہ کو خاطر بدرگاہ شہان عزت کسیکی ہو تو ایسی ہو اللہم بحق جاہ محمد اغفر لنا غرض تمام خلائق اس موقف ہول اور دہشت سے بیقرار ہوکر شفیع کی تلاش مین نکلینگے

پہلے حضرت آدم صفی سے ملتجی ہونگے وہ اپنا عذر ظاہر کر کے الگ ہو جاوینگے کہ مجھے اوس اکل گندم کی نافرمانی کی خجالت اور ندامت ابتک باقی ہے جناب کبریائی مین مجھے طاقت نہین کہ ایک حرف منہ سے نکالون غرض اسیطرح خلائق حضرت نوح اور ابراہیم اور موسی اور عیسی علیہم السلام سے ملتجی ہونگے اور تکلیف بیان کرینگے وہ سبکے سب اپنا اپنا عذر بیان کر کے پہلو تہی کرینگے آخر الامر نبینا و شفیعنا محمد مصطفی رسول مجتبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حضور مین حاضر ہو کر ساری خلق فریاد کریگی اوسوقت آپ نفس نفیس اوٹھینگے اور سرا پردہ عزت وجلال مین جاوینگے اور مقام محمود مین کہ جسکا وعدہ جناب باری نے کیا ہی چنانچہ یہ آیت اسپر ناطق ہی عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا کھڑے ہونگے اور اپنے رب کو سجدہ کرینگے اوسوقت حکم ہوگا کہ سر سجدے سے اوٹھا آپ پاک پروردگار کی حمد وثنا بیان فرما کر بعض گنہگارونکو بخشائینگے پھر دوسرا سجدہ کرینگے اور اکثر لوگونکو بخشائینگے پھر تیسرا سجدہ کرینگے اور تمام گنہگاران امت کا گناہ معاف کروائینگے اوسوقت کوئی نرہیگا مگر وہ کہ جسکی نسبت قرآن مجید مین خلود نار کا صاف حکم ہی یعنی کافرین اور منکرین یہ اوس حدیث کا مضمون ہی جو صحیح بخاری اور مسلم مین مذکور ہی پس ظاہر ہوا کہ سبکا گناہ حضرت رسالت مآب ہی بخشائینگے اور حاجت دوسرے کی شفاعت کی نرہیگی اور یہ بھی حدیث مین آیا ہی کہ حضرت کی شفاعت کے بعد کوئی باقی نرہیگا مگر وہ لوگ جنمین سوای لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے اور کوئی نیکی نہو سراسر گناہ ہی ہوگئے ہون اونکے واسطے بھی اذن شفاعت چاہینگے حکم ہوگا کہ ای محمد انکی شفاعت ہم اپنے آپ کرینگے اور آتش دوزخ سے نکالینگے خلاصہ یہ ہی کہ آپ ہی مہمان ہین اور دوسرے طفیلی خداوند کریم قرآن مجید مین خطاب کرتا ہی وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی ای محمد ای دوست ای محبوب ای مطلوب ای خاص بندے میرے ہم اتنی نعمتین تجھے دینگے اور رحمت کرینگے تجھپر تو راضی ہو ویگا ہمسے سب ہماری رضا چاہتے ہین اور مین تیری رضا چاہتا ہون کہتے ہین کہ یہ آیہ کریمہ یعنی لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَۃِ اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا خاص اس امت مرحومہ کی شان مین وارد ہوئی ہی قوم نوح علیہ السلام پر بھی خطاب ہوا تھا یَغْفِرْ لَکُمْ مِّنْ ذُنُوْبِکُمْ مگر انکے لفظ مِنْ فائدہ بعضیت کا دیتا ہی ای بَعْضَ ذُنُوْبِکُمْ یعنی بعض گناہ تمہارے پس اس امت مرحومہ پر کمال فضل آلہی ہی اُمَّۃٌ مُّذْنِبَۃٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ یہ امید اور خوشخبری گنہگارونکو بس ہی جاننا چاہیے کہ شفاعت چند جگہ وقوع مین آویگی

Marfat.com

پہلی بار موقف حشر مین دفع شدائد و تکلیف کے واسطے دوسری مرتبہ حسنات دیتے وقت تیسری دفعہ اجرای
حکم اور وقوع عذاب کی حالت مین چوتھے آگ سے نکالے جانے مین پانچوین رفع درجات اور ثواب پانیکے واسطے
پس ہر گنہگار کو امید اوس جناب کی شفاعت سے ہی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت عام ہی ہر امت کے
واسطے اور خاص ہی اہل مدینہ اور زوار قبر شریف اور کثرت سے درود پڑھنے والونکے لیے **مسئلہ** بہشت اور دوزخ
جس طرح پر آیات اور احادیث سے ثابت ہوئی ہین بیشک حق ہی روایت ہی کہ بہشت آسمان مین یا ساتوین
آسمان کے اوپر ہی اور دوزخ زمین کے نیچے غرض اوسکی تعیین موقوف علم الٰہی پر ہی شرح مقاصد مین لکھا ہی کہ
تعیین مکان بہشت اور دوزخ کی از روی نص کے ثابت نہین ہی قرآن شریف مین آیا ہی جَنَّۃٍ عَرْضُهَا
السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ پس رہنا ایسے مکانون کا زمین اور آسمان مین کیونکر متصور ہو سکتا ہی حق یہ ہی کہ آدمیون
کے نزدیک آسمان و زمین سے کوئی چیز بڑی نہین ہی اسواسطے تمثیل اوسی طرح پر دی گئی واللہ اعلم بالصواب
حقیقت اعراف کی کہ بہشت اور دوزخ کے بیچ مین کہ بہشت سے برا اور دوزخ سے بھلا مشہور ہی اس مین
اختلاف ہی بعض اہل سلف سے منقول ہی کہ خالق حقیقی نے یہ مکان اطفال مشرکین وغیرہ کے واسطے بنایا ہی لیکن
امام سبکی کہتے ہین کہ یہ بات کسی حدیث سے ثابت نہین ہی اور اکثر ایمہ بھی اوسکے منکر ہین **مسئلہ** بہشت اور دوزخ
قیامت مین پیدا نہونگے بلکہ وہ مخلوق اور موجود ہین حضرت آدمؑ اور حواؑ کا قصہ دلیل قاطع ہی اسپر **مسئلہ**
جو کوئی دو سو آیت قرآن شریف کی ہمیشہ تلاوت کرے وہ بندہ قبر مین اپنے قرابتی اور پاس والونکی شفاعت
کریگا تو قبول ہو جاویگی اور اوسکے مان باپ بھی تخفیف عذاب ہوگی **مسئلہ** ایمان پیغمبر کو سچا جاننا اور اوسکی
رسالت کو دل سے ماننا اور اقرار کرنا زبان سے اور گواہی دینا ہی مگر حقیقت ایمان کی وہی تصدیق دلی ہی اور
اقرار لسانی ایک علامت ہی تصدیق کی اجرای احکام ظاہری کے لیے کیونکہ زبان دل کی ترجمان ہی جاننا چاہیے
کہ ایمان مجرد علم صدق پیغمبر نہین ہی تصدیق شئی دوسری ہی اور جاننا دوسری چیز تصدیق عبارت ہی اذعان
اور قبول سے اور حقیقت مین رنگ پکڑنا ہی رنگ قبول سے اور منور ہونا اوسکا نور یقین سے ہی اور علم فقط جاننے کو
کہتے ہین غرض سارے کفار عرب علی الخصوص یہود پیغمبر صاحب کو ایسا جانتے جیسا کوئی اپنے بیٹے کو جانتا ہی
چنانچہ فرمایا حقتعالی نے یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ہمارے حضرت کے پیدا ہونے کی خبر اور انکی تعریفین

Marfat.com

اور صفتین شرح وبسط سے یہود کی کتاب مین مسطور اور انکی زبانون پر مذکور تھین یہانتک کہ انکے قوم کے بڑے بوڑھے اپنے لڑکے بالون کو وصیت کیا کرتے تھے کہ جسکیو وہ زمان پاک ملے ضرور اوس نبی برحق کو ہمارا سلام پونہچائیو اور ضرور اوسکے دین متین کو قبول کیجیو آفتاب نبوت کے طلوع ہوتے ہی دیکھو شقاوت ازلی نے اونکا کیا حال کیا پردہ خفا آخر انکی آنکھون پر پڑ ہی گیا بغض وحسد سے دوزخ کے کندے بنے یہانسے ظاہر ہو کہ عقل بے ہدایت ربانی کام نہین آتی اور شاخ علم بے عنایت رحمانی پھل نہین لاتی نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ عِلْمٍ لَا یَنْفَعُ وَقَلْبٍ لَا یَخْشَعُ **سوال** ارکان ایمان کے کیا ہین **جواب** اقرار زبانی ہی اور تصدیق دلی **سوال** احکام ایمان کے کی ہین **جواب** سات ہین پہلا جو شخص کہ ایمان لایا اوسکو مار ڈالنا قید کرنا یا اوسکے مال کو ناحق لے لینا اور اوسکو بدون حکم شرع کے رنج دینا اور اوس سے گمان بد کرنا درست نہین یہ پانچ حکم تعلق ساتھ دنیا کے رکھتے ہین اور دو ساتھ آخرت کے پہلا جو شخص کہ با ایمان دنیا سے گیا عذاب ابدی دوزخ سے خلاص پایا دوسرا یہ ہی کہ آخر کو جگھہ اوسکی بہشت مین ہی **سوال** شرط ایمان کی کے ہین **جواب** سات ہین پہلا ایمان غیب پر لانا دوسرا علم غیب کا جاننے والا حقتعالی ہی فقط تیسرا اپنے اختیار سے ایمان لانا چوتھا جو چیز کہ اللہ تعالی نے حلال کی ہی اوسے حلال جاننا پانچوان جو چیز کہ اللہ تعالی نے حرام کی ہی اوسے حرام جاننا چھٹا عذاب سے خدایتعالی کے ڈرنا ساتوان رحمت سے اللہ تعالی کے امیدوار رہنا **سوال** حقیقت ایمان کیا ہی **جواب** قبول کرنا تمامی فرمانہای اللہ تعالی کا **مسئلہ** ایمان دو طرح کے ہوتے ہین ایک مدلل دوسرا مقلد **ایمان مدلل** اوسے کہتے ہین کہ اللہ تعالی کے وجود اور وحدت اور پیغمبر کی پیغمبری اور وعدے اللہ اور رسول کے کہ قیامت اور بہشت اور دوزخ اور جو چیز کہ اعتقاد اوسکا ضرور ہی اور ہر چیز کی دلیل آیت قرآن یا حدیث سے ثابت کرے کہ برحق ہی ایمان اوسکا نزدیک کل علما کے مقبول ہی بدون خلاف کے اور **ایمان مقلد** وہ ہی کہ اللہ تعالی موجود ہی اور پیغمبر اوسکا برحق ہی اور وعدے اوسکے کہ جن پر اعتقاد رکھنا ضرور ہی اوسکی دلیل نجانے اور کسی سے سنکر مان جاوے جیسے عوام لوگ ہوتے ہین یہ ایمان نزدیک بعض کے روا نہین کیونکہ اوسکے دل مین اگر شیطان وسوسہ ڈالدے یا کوئی اوسے بہکانے لگے تو پھر جائیگا لیکن صحیح روایتون سے ثابت ہوا ہی کہ ایمان مقلد کا مقبول ہی اس دلیل سے کہ ہر گاہ اسنے منکر

حکم اللہ تعالی کا قبول کیا او سوقت وہ صاحب ایمان ہوگیا جبتک کہ اعتقاد سے نہ پھریگا اوسکا ایمان نہیں جائیگا
اور تقلید اسے کہتے ہین کہ دیکھا دیکھی کرنے سے کرے تقلید کئی قسم کی ہوتی ہی ایک تو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ
وسلم کے کہے اور کیے کی متابعت کرنی دوسری تقلید عالم کی عالم کو یعنی ایک مسلہ کسی عالم نے کہا پھر دوسرے
عالم نے کہ اوس سے علم اور پرہیزگاری مین زیادہ ہی برعکس اسکے بیان کیا اور اوس عالم نے قبول کیا تیسری عالمونکو
پرہیزگار عالمونکے عمل پر عمل کرنا یعنی جو کام عالم کرتے ہون اونکے دیکھا دیکھی کرنا یہ تینون تقلیدین درست اور
صحیح ہین چوتھی جو عالم ہو مگر پرہیزگار نہو تو تقلید اوسکی روا نہین مگر جو بات کہے موافق کتاب کے اسمین درست ہی **سوال**
پیغمبر خدا نے لوگونکو بمجرد پڑھنے کلمہ کے مسلمان کہا اور آپکے صحابہ اور تابعین نے بھی جسنے کلمہ پڑھا مسلمان
برحق کہا پس بعضے علما کو ایمان مقلد کی نسبت جو شبہہ واقع ہوا ہی اوسکا کیا سبب **جواب** اگر
کسی نے مسلمان کے ملک مین پیغمبر کی تعریف اور توصیف سنکر باختیار خود کلمہ پڑھا اور مسلمان ہوا یا آسمان
و زمین کو خیال کرکے اوسکا مالک اللہ کو سمجھکر مسلمان ہوا پس بیشک وہ مسلمان ہی **مسلہ** مثلاً جو کوئی
مسلمان دار الحرب کو چلا جاوے اور کوئی اوس مسلمان کا ہندو آشنا ہو جاوے اور جن جن باتون پر ایمان لانا فرض ہی وہ
کافر بھی کہے کہ یہ برحق ہی لیکن وہ اپنے دین سے نہیں پھرا اور اوسنے اوس مسلمان کی دیکھا دیکھی عمل بھی کیا
اسمین دو صورتین ہین پہلی یہ کہ جو کوئی کلمہ پڑھے اور جانے کہ میرا کفر جاتا رہا اور مین مسلمان ہوا اس صورت مین وہ
شخص بمجرد کلمہ پڑھنے کے مسلمان ہو جاتا ہی دوسری جو شخص یون جانے کہ کلمہ کہنے سے مین اپنے دین سے نہین نکلا
اور اوس کافر نے کلمہ پڑھا تو کافر ہی رہا نزدیک حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے اسواسطے کہ ایمان اللہ تعالی کی
باتونکو دل مین سچ جاننا اور زبان سے اقرار کرنا ہی **مسلہ** نزدیک اہل سنت و جماعت کے ایمان تقلیدی والا گنہگار ہی
کیونکہ وہ شخص باوصف عقل اور قدرت کے تحصیل علم سے باز رہا اللہ تعالی نے تحصیل علم اوسپر فرض کیا تھا پھر
کسواسطے جاہل رہا اور یہ عقل جو اللہ تعالی نے اوسے ایک بڑی نعمت دی تھی اوسے اوسنے ضایع کیا جیسا کہ آیا ہی شرح فقہ اکبر
مین ان ایمان المقلد الذی لا دلیل معہ صحیح قال ابو حنیفۃ وسفیان الثوری
والمالک والاوزاعی والشافعی واحمد وعامۃ الفقہاء واہل الحدیث
رضی اللہ عنہم صح ایمانہ ولکنہ عاص بترک

الاستدلال بل نقل بعضهم الاجماع علی ذلک **مسئلہ** کہا اہل سنت و جماعت نے کہ ہر مسلمان کو چاہیے
کہ اپنے خالق حقیقی کو پہچانے اور جو لائق اوسکی جناب کے ہو اوسے کہے اور جو لائق نہو اوسے نکہے اگر کوئی بات بول اوٹھے
یا اعتقاد رکھے کہ بقدر یون ہی ہے حال آنکہ وہ لائق اوس جناب پاک کے نہین تو وہ کافر ہو جس شخص کی عقل قائم ہو اوسکا
یہ کہنا کہ مجھے خبر نہین تھی یہ عذر پذیرا نہوگا اللہ تعالی کی جناب مین کیونکہ اللہ تعالی نے قرآن مجید مین فرمایا ہی کہ مینے
پیغمبر خلق پر بھیجے اور کتابین بھیجین کہ یہ کرو اور یہ نکرو پس کسیکو اوسکے لیے عذر کرنیکی جگہ نرہی **مسئلہ** پیدا کرنا کام خدا کا ہی
جسے تکوین کہتے ہین اللہ تعالی قدیم ہی اور اوسکی صفتین بھی قدیم ہین اور نتیجہ یعنی ظہور کاریگری کا جو ہی یا بی مادہ کے
ہی اوسے عالم امر کہتے ہین جیسے روح یا مادے سے ہی اوسے عالم خلق کہتے ہین اس کرنے اور کیے کو موافق عقائد اہل سنت
و جماعت کے دو کہنا چاہیے اسوجہ سے کہ جو دو نہون تو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو عبدہٗ و رسولہٗ نہین کہہ سکتے پس
جو کوئی کہے کہ مین خدا کی کاریگری ہون تو کافر ہوا اور جو یون کہے کہ خدا کی کاریگری سے ہوا ہون تو درست ہی کیونکہ
کاریگر حق تعالی ہی اور آدمی اوسکی کاریگری کا ظہور ہی اور اوسکی ربط کے قیاس مین جھگڑا ہی یعنی حکم اور روح کے ربط مین
اس مختصر رسالہ مین اوسکی تصریح لکھنا مناسب نہ جانا جسکو شوق ہو شرح مقاصد مین دیکھلے **مسئلہ**
اعتقاد اہل سنت و جماعت کا یہ ہی کہ اللہ تعالی نے خلق مین ذرے پیدا کیے ہین ذرہ اوسے کہتے ہین کہ انقسام پذیر نہو
یعنی ایسا چھوٹا ہو کہ اوسکے ٹکڑے نہو سکین اون ذرون کو اکٹھا کر کے جسم بنا دیتا ہی اور ایک قوم فلاسفہ ہی وہ
کہتے ہین کہ ذرہ نہین اللہ تعالی نے ہیولی سے بدن سب چیز کا بنایا ہی اور ہیولی نام ایک چیز لطیف کا ہی وہ بھی
خدا کی طرح قدیم ہی نعوذ باللہ من ذلک اللہ تعالی اوس ہیولی سے صورت
بنا دیتا ہی اور حال آنکہ اللہ تعالی نے محض لفظ کن سے دنیا و ما فیہا کو پیدا کیا ہی جو کوئی
سوای خدای تعالی کے اور کو قدیم جانے کافر ہی فلاسفہ کی طرح **مسئلہ** ایمان
نہ زیادہ ہوتا ہی نہ کم اسواسطے کہ ایمان کی حقیقت دل کی تصدیق ہی اور وہ شی واحد ہی کہ تعدد کو
اوسمین راہ نہین پس زیادتی اور نقصان ایمان مین ممکن نہین کیونکہ زیادتی اور نقصان تعدد
مین ہوتا ہی اگر تصدیق کے سوا عمل بھی داخل ایمان ہوتا تو بیشک زیادتی اور نقصان کو اوسمین
دخل ہوتا حال آنکہ نفس الامر مین یہ نہین ہی پس یہ قول الایمان لا یزید ولا ینقص

Marfat.com

کہ ہمارے امام اعظم ابو حنیفہ کوفی سے منقول ہے بیشک و شبہہ است اور بے کم و کاست ہی **مسئلہ** ایمان اور اسلام
ایک شی ہی یعنی جو کوئی مومن ہی وہ مسلم بھی ہی اور جو مسلم ہی وہ مومن ہی اس مین مغایرت نہین ہی ایسا ہی لکھا ہی
عقائد نسفی اور عقائد تمہید مین **مسئلہ** اگر کوئی باریکی علم توحید کی حل نہو سکے تو واجب ہی کہ اعتقاد رکھے اللہ کی
ذات مین مجملاً جو سب کے نزدیک صواب ہو اور ہرگاہ عالم ربانی عارف کامل ملے تو فوراً اوس سے تحقیق کر کے مفصل
دریافت کرے ڈھیل نہ دے **مسئلہ** ایمان بائس غیر مقبول ہی بأس کے اصل معنی شدت اور عذاب کے ہین
اور یہان مطلب سکرات موت و معاینہ احوال آخرت ہی کہ مرتے وقت حاصل ہوتا ہی حدیث مین آیا ہی
کہ مرتے وقت ہر کوئی اپنی جگہ خواہ بہشت ہو یا دوزخ دیکھنے لگتا ہی ایسی حالت مین جو کافر ایمان لاوے تو اوسکا
ایمان معتبر نہین کیونکہ اُسوقت کا ایمان لانا ایمان غیب پر اور حالت اختیار مین نہوا بلکہ اضطراری ہوا
چنانچہ قیامت کے دن کافر غل مچانے لگینگے رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ
یعنی بارخدایا ہم کان سے سُننے لگے اور آنکھ سے دیکھنے لگے اور ہمنے یقین جانا کہ تیرے پیغمبرونکا کہنا اور خبر دینا سب
سچ ہی ہمین دنیا مین پھر بھیج تا کہ عمل کرین اور مستحق ثواب کے ہووین اوسوقت کی یہ باتین کام نہ آوینگی اور فائدہ
نہ بخشینگی اور سب کے سب اہل حق اول سے آخر تک اتفاق رکھتے ہین کہ ایمان بائس ہرگز مقبول نہین اور
حدیث مین آیا ہی اِنَّ اللّٰہَ یَقْبَلُ تَوْبَةَ الْعَبْدِ مَالَمْ یُغَرْغِرْ غرغرہ کنایہ ہی موت کی حالت اور سکرات کی
شدت اور جان کے حلقوم تک پہونچنے سے کلام مجید مین آیا ہی فَلَمْ یَكُ یَنْفَعُهُمْ اِیْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا
یعنی ایمان وقت بأس کے اور وقت دیکھنے عذاب آلہی کے فائدہ نکریگا اور دوسری جا فرماتا ہی وَلَیْسَتِ التَّوْبَةُ
لِلَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ السَّیِّاٰتِ حَتّٰۤى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّیْ تُبْتُ الْـٰٔنَ استدلال اسی
آیت سے صحیح اور صریح تر ہی کیونکہ ہو سکتا ہی کہ مراد رویت بأس سے کہ آیہ سابق مین ذکر ہوا مشاہدہ علامت
قیامت ہو چنانچہ طلوع ہونا آفتاب کا مغرب کیطرف سے جیسا کہ بعض مفسرین نے اس آیت کی تفسیر اسی طرح کی ہی
اور یہ دوسری آیت صریح ندا کرتی ہی عدم قبول توبہ اور ایمان پر وقت حضور موت کے اور بعضونکے نزدیک وقت
بأس کے توبہ مقبول ہی لیکن ایمان اُسوقت کا بالاتفاق قبول نہین پس ایمان فرعون کا کہ ڈوبتے وقت حالت
اضطرار مین تھا ایمان نہین اسواسطے کہ وہ ڈوبنے کا وقت بیشک زمان بأس تھا اور اس پر اتفاق ہی سب علما

اور مجتہدین کا اور اسی واسطے ہر جگہ زبان شرع میں وہ مذموم اور مقبوح اور ضرب المثل کفر او استکبار کا رہا بلکہ کلام اللہ سے بھی کفر اور برائی اوسکی کئی جگہ ثابت ہی قولہ تعالی فَاَخَذَہُ اللّٰہُ نَکَالَ الْاٰخِرَۃِ وَالْاُوْلٰی اور دوسری جا فرماتا ہی یَقْدُمُ قَوْمَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَاَوْرَدَہُمُ النَّارَ جسکو اندک مہارت عربی زبان مین حاصل ہی وہ سمجھ لیگا کہ معنی یقدم قومہ کے یہی ہین کہ وہ اپنی قوم کے ساتھ دوزخ مین جائیگا اور وہ وہان اپنی قوم کا پیشوا اور سردار ہوگا اور تیسری جا فرماتا ہی وَاسْتَکْبَرَ ہُوَ وَجُنُوْدُہٗ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّہُمْ اِلَیْنَا لَا یُرْجَعُوْنَ یعنی استکبار کیا اوسنے یعنی فرعون نے اور اوسکے لشکر نے زمین مین ناحق اور گمان کیا اون لوگون نے کہ انکی بازگشت ہماری طرف نہوگی جیسے کافر لوگ گمان کرتے ہین فَاَخَذْنٰہُ وَجُنُوْدَہٗ فَنَبَذْنٰہُمْ فِی الْیَمِّ یعنی پس غضب اور عذاب سے پکڑا ہمنے اوسکو اور اوسکے لشکر کو اور ڈالدیا اونکو ہمنے دریای نیل مین فَانْظُرْ کَیْفَ کَانَ عَاقِبَۃُ الظّٰلِمِیْنَ پس دیکھ کہ عاقبت ظالمونکی کیسی ہی وَجَعَلْنٰہُمْ اَئِمَّۃً یَّدْعُوْنَ اِلَی النَّارِ اور انکو کیا ہمنے پیشوا اہل دوزخ کا کہ دوسرونکو آتش دوزخ کی طرف دعوت کرین وَیَوْمَ الْقِیٰمَۃِ لَا یُنْصَرُوْنَ اور قیامت کے دن مدد دیے نجائینگے وہ لوگ بلکہ مردود اور مخذول رہینگے وَاَتْبَعْنٰہُمْ فِیْ ہٰذِہِ الدُّنْیَا لَعْنَۃً اور دنیا مین اوسپر اور اوسکے لشکر پر ہمنے لعنت کی اب اوسکا حال تمنے سُنا اور اُسکا وصف قرآن شریف مین دیکھا اگر وہ مسلمان اور پاک دنیا سے جاتا تو ہرگز اُسکو اس طرح حق جل و علا یاد نکرتا اور اس آیت مین جو فرمایا ہی حَتّٰٓی اِذَآ اَدْرَکَہُ الْغَرَقُ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا الَّذِیْٓ اٰمَنَتْ بِہٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِیْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ سیاق اور سباق اس آیت کا بھی ہر دانشمند پر چھپا نہین ہی کہ کس طرح پر ہی عمر بھر اوس ظالم نے نافرمانی اوس رب العالمین کی کی موسٰی اور ہارون علیہما السلام اُسکے اور اوسکی قوم کی نسبت دعای بد کرتے رہے بالآخر دم آخر مین اپنی حیات سے مایوس ہوکر عذاب آلہی مشاہدہ کرکے زبان سے قائل اسلام ہوا اسمین حکم ہوا کہ اب بھلا ایمان اور اسلام کیا کام آویگا کہ اختیار بالکل ہاتھ سے تیرے جاتا رہا محض بیچارہ ہوگیا وہ کفر اور ڈینگ تیری کیا ہوئی آج تجھے دنیا مین رسوا اور فضیحت کرینگے اور مردہ تجھکو قعر دریا سے نکالینگے تماشاگاہ اور محل عبرت اہل جہان مین لائینگے تفسیر نیشاپوری مین لکھا ہی کہ فرعون کا ایمان بے بسی کا ہی کیونکہ اوسنے ایمان خدا کے واسطے ظاہر نہین کیا تھا بلکہ دریا کی آفت سے بچنے کے لیے اور دوسرے فرعون نے

یہ بات کہی تھی کہ ایمان لایا مین اوس پر کہ جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے تو بھی نام اللہ کا اسنے نہین لیا اسواسطے ایمان اوسکا مقبول نہین روایت ہی کہ جب ابوجہل لعین غزوۂ بدر مین مارا گیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مَاتَ فِرْعَوْنُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اگر فی الحقیقۃ طاہر اور مطہر اس جہان سے گذرتا تو کبھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ابوجہل لعین کو کہ قطعی دوزخی تھا اوس فرعون سے ہرگز تشبیہ ندیتے اور کسی مشایخ طریقت نے نسبت اہل اسلام کے فرعون کی طرف نہین کی مگر شیخ محی الدین عربی قدس اللہ سرہٗ نے کتاب فصوص مین معلوم ہوا کہ فی الواقع یہ قول صریح خلاف اجماع ہی اگر اجتہاد مین کہین کسی سے خطا واقع ہو جاوے تو محل تعرض نہین کہ خطای اجتہادی ہی **مسئلہ** اختلاف کیا فقہا نے کہ ایمان مخلوق ہی یا غیر مخلوق کہا بعضون نے کہ ایمان غیر مخلوق ہی اور کہا اعاظم فقہا نے کہ ایمان مخلوق ہی لیکن اصح یہ ہی کہ ایمان کیواسطے دو حیثیت ہین یعنی اگر مراد ایمان سے تصدیق قلبی اور اقرار لسانی لیجاوے پس وہ بیشک مخلوق ہی اسواسطے کہ یہ فعل عباد ہی اور فعل عباد کل مخلوق ہی اور اگر مراد ایمان سے شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لیا جاوے تو وہ بے شک غیر مخلوق ہی **مسئلہ** گناہ کبیرہ سے بندۂ مؤمن کا ایمان نہین جاتا اور گناہ دو قسم کا ہی کبیرہ اور صغیرہ کبیرہ وہ ہی کہ دلیل قطعی سے معلوم ہوا ہی کہ یہ گناہ ہی خصوصاً اس مین وعید بھی وارد ہوئی جیسا کہ ناحق کسیکا خون کرنا اور زنا کرنا اور لواطت کرنا اور مان باپ کو ناحق ستانا اور صحابہ علیہم الرضوان کی شان مین لفظ مستکرہ کہنا اور عورت کو مرد کی نافرمانی کرنی اور مرد کا ناحق عورت کو ستانا اور جورو خصم مین خصومت اور تفرقہ ڈالنا اور اوس پاک پروردگار کی حضرت سے نا امید ہونا اور اسکے عذاب بےخوف ہونا وغیر ذلک اور صغیرہ وہ ہی کہ شرع مین جس گناہ پر وعید نہین آئی اور معتزلہ کے نزدیک مرتکب گناہ کبیرہ نہ مؤمن ہی نہ کافر دین اسلام مین پہلے یہی مسئلہ برخلاف اجماع کے حادث ہوا اور یہی لوگ ہین کہ پہلے دین اسلام مین رخنے ڈالے اور متابعت عقل سے گمراہ ہوئے اور ظاہر نص قرآنی مین تاویلات زیادہ کرنے لگے یہ مذہب بالکل باطل ہی اس دلیل سے کہ حق سبحانہ تعالی نے اپنے بندونکی دو قسمین کی ہین چنانچہ فرماتا ہی وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ تیسری قسم نہین ہی درحقیقت اون لوگون نے قدر تصدیق اور ایمان کی جو رسول مقبول پر لانا ہی نہین پہچانی کہ اسکی قوت نورانیت کے آگے گناہ بالکل مضمحل ہین جس طرح کفر کے ساتھ حسنات بالکل ناکارے ہین اسی طرح گناہ ایمان پر ہرگز غالب

Marfat.com

نہین آسکتا **مسئلہ** حق سبحانہ تعالی نے خبر دی ہی کہ مشرک کو ہرگز نہ بخشیگا باقی صغائر و کبائر با توبہ اور بے توبہ جسے چاہیگا بخشیگا اور جسے چاہیگا پکڑیگا یفعل اللہ ما یشاء و یحکم ما یرید کافر دوزخ مین ہمیشہ رہیگا بالاتفاق اور مطیع اور تائب بھی ہمیشہ بہشت مین رہینگے بالاتفاق اور عاصی مشیت ربانی مین ہی اگر چاہے بقدر گناہ اوسکو سزا دے اور دوزخ مین ڈالے پھر اوسکو دوزخ سے نکالکر بہشت مین داخل کرے یا اوسکا گناہ معاف کردیوے کسیکی شفاعت سے یا بے شفاعت یون ہی بخشدے اور بہشت مین لے جاوے یعذب من یشاء و یغفر لمن یشاء **مسئلہ** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے ہو کافہ خلائق یعنی جن و انس کی اسیواسطے آپکو رسول الثقلین کہتے ہین اور آپکے حضور مین جنون کا آنا اور قرآن شریف کا سُننا اور ایمان لانا نص قرآنی سے ثابت و متحقق ہی اور بعضے علما کا یہ مقولہ ہی کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرشتے اور حیوانات اور جمادات اور نباتات یعنی ہر جزو کل پر مبعوث ہوئے حیوانون کا انکی رسالت پر گواہی دینا پتھرونکا سلام کرنا درختون کا سجدہ کرنا اس بات پر دلیل واضح ہی چونکہ جن اور انس اختیار رکھنے والے پیدا کیے گئے ہین کفر اور معصیت انسے سرزد ہوتے ہین اسلیے وے مخاطب ہین اور باقی اقسام سے سوائے ایمان اور طاعت کے وقوع مین نہین آتا جیسے فرشتے ہین اور دلیل صریح اسکی نص قرآن ہی وما ارسلناک الا رحمۃ للعلمین کیونکہ یا اور نون اس صیغہ مین رب العالمین کیطرح حقیقت پر نہین ہی **مسئلہ** عقائد سُنیہ مین منہاج الاعمال سے لکھا ہی کہ جس کا عمر مین آخر کلام لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہو وہ دوزخ مین نجائیگا اور حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہی کہ جس کا مرتے وقت آخر کلام لا الہ الا اللہ ہو اوسوقت سے پہلے کے سب گناہ عمدا ہو خواہ سہوا بخشے گئے **مسئلہ** بعد پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساری امت سے افضل اور برتر آپکے اصحاب ہین رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اصحاب اونکو کہتے ہین جنھون نے ایمان کے ساتھ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب مین چار یار باصفا کہ خلیفہ اور جانشین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہین سب سے بڑے اور پیارے ہین پیغمبر خدا کا کوئی صحابی ان چارون کے درجے کو نہین پہونچتا اور ان چارونمین افضلیت علی ترتیب الخلافت ہی پہلے انکے حضرت صدیق ہین بعد انکے حضرت عمر انکے بعد حضرت عثمان بعد انکے حضرت علی رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین

Marfat.com

صحیح بخاری مین اسناد صحیح سے آیا ہی کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہی کہ خَیْرُ النَّاسِ بَعْدَ النَّبِیِّ صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَبُوْ بَکْرٍ ثُمَّ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا اور شرح فقہ اکبر مین مرقوم ہی وَاَوْلٰی مَا یُسْتَدَلُّ
بِہٖ عَلٰی اَفْضَلِیَّۃِ الصِّدِّیْقِ فِیْ مَقَامِ التَّحْقِیْقِ نَصْبُہٗ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ اِیَّاہُ لِاِمَامَۃِ
الْاَنَامِ مُدَّۃَ مَرَضِہٖ فِی اللَّیَالِیْ وَالْاَیَّامِ وَلِذَا قَالَ اَکَابِرُ الصَّحَابَۃِ رَضِیَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَسَلَّمَ لِدِیْنِنَا اَفَلَا نَرْضَاہُ لِدُنْیَانَا روایت ہی عمر رضی اللہ عنہ سے کہ کہا ابوبکر سردار ہمارے ہین یعنی حسب
نسب مین اور افضل ہمارے ہین یعنی عمل مین اور کرنے بھلائیو نمین اور بہت پیارے ہمارے ہین طرف رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم کے نقل کی یہ ترمذی نے روایت ہی ابن عمرؓ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
نے بلاشبہہ اللہ تعالی نے پیدا کیا اور جاری کیا ہی حق اوپر زبان اور دل عمر کے نقل کی یہ ترمذی نے اور روایت
کی ابی داؤد نے ابی ذر سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بلاشبہہ اللہ تعالی نے رکھا ہی حق زبان پر
عمر کے کہ کہتا ہی ساتھ حق کے اور روایت ہی جابر سے کہ کہا عمر نے واسطے ابی بکر کے ای بہترین لوگون کے بعد رسول
خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کہا ابوبکر نے آگاہ ہو ای عمر تحقیق تو نے کہا مجھکو بہترین لوگونکا پس تحقیق سُنا ہی
مینے آنحضرت سے کہ فرماتے تھے نہین طلوع ہوا آفتاب کسی شخص پر کہ بہتر ہو عمرؓ سے نقل کی یہ ترمذی نے اور روایت
ہی عائشہ صدیقہ سے کہ کہا اوسوقت کہ سر مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا میری گود مین تھا چاندنی رات مین
ناگہان کہا مینے یا رسول اللہ کیا ہو نگی کسی کے لیے نیکیان موافق گنتی ستارون آسمان کے فرمایا کہ ہان وہ عمر ہی
کہ نیکیان اوسکی موافق گنتی آسمان کے ستارون کے ہین کہا مینے پس کیا حال ہی ابوبکر کی نیکیون کا فرمایا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین ہین تمام نیکیان عمر کی مگر مانند ایک نیکی کے ابوبکر کی نیکیو نمین سے نقل کی یہ رزین نے
لیکن اختلاف کیا بعض علما نے افضلیت پر عثمان رضی اللہ عنہ کے علی کرم اللہ وجہہ پر لیکن اصح یہ ہی کہ ان
دونون صاحبو نمین بھی افضلیت اوپر ترتیب خلافت کے ہی جاننا چاہیے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
کی خلافت نزدیک بعض علما کے بنص صریح ثابت ہی اور حدیث صحیح سے بھی لیکن جمہور علمای اہل سنت و جماعت
قائل اسکے ہین کہ اجماع صحابہ سے ثابت ہی یعنی سب صحابیون نے انکی خلافت پر اجماع کیا اور سبھون نے انکی
پیروی کی ہرگاہ خلافت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اجماع سے ثابت ہوئی اور آپنے مرتے وقت امر خلافت

Marfat.com

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو سونپا اور انکو خلیفہ مقرر کیا انکے نام عہد نامہ لکھا اور علی مرتضی اور سارے
صحابیون نے آپسے بیعت کی پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت اجماع امت سے ثابت و متحقق ہوئی اور
حضرت عمر نے اپنی شہادت کے وقت امر خلافت کو حضرت علی اور عبد الرحمن بن عوف اور طلحہ اور زبیر اور سعد
ابن ابی وقاص رضی اللہ عنہم ان صاحبون پر مشترک چھوڑا اونہون نے حضرت عثمان غنی کو اختیار کیا حضرت
علی اور جمیع صحابیون نے اونسے بالاتفاق بیعت کی پس حضرت عثمان کی خلافت بھی اجماع سے ثابت ہوئی
اور بعد انکے جناب مرتضوی سے سبھون نے بالاتفاق بیعت کی آپ امام برحق اور خلیفہ مطلق ہین آپکے زمانے
مین جو نزاع اور خلاف واقع ہوا وہ خلافت کے استحقاق کے سبب سے نہین بلکہ وہ عین خروج اور بغاوت تھی
جمہور علمای اہل سنت و جماعت قائل اسی ترتیب کے ہین جو مذکور ہوئی بعد چارون خلیفون کے عشرہ مبشرہ کی فضیلت
ثابت ہی عشرہ مبشرہ نام صحابیون کا ہی کہ جنکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت بہشت کی دی اور فرمایا
ابوبکرٍ فی الجنۃ وعمرُ فی الجنۃ وعثمانُ فی الجنۃ وعلیٌّ فی الجنۃ وطلحۃُ فی الجنۃ وزبیرٌ فی الجنۃ
وعبدُ الرحمٰن بنُ عوفٍ فی الجنۃ وسعدُ بنُ ابی وقاصٍ فی الجنۃ وسعیدُ بنُ زیدٍ فی الجنۃ
وابو عبیدۃَ بنُ الجراحِ فی الجنۃ یہ دس بزرگ اقارب نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور اخیار امت ہین
انکا بہشتی ہونا ثابت ہی اور انکے سوا قطعی بہشتی جناب فاطمہ زہرا اور حسن اور حسین رضی اللہ عنہما اور خدیجہ
کبری اور حضرت عائشہ صدیقہ اور حمزہ اور عباس اور سلمان اور صہیب اور عمار بن یاسر بھی ہین
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فاطمۃُ سیدۃُ نساءِ اہلِ الجنۃِ والحسنُ والحسینُ
سیدا شبابِ اہلِ الجنۃِ یہ حدیث شریف دلیل افضلیت فاطمہ زہرا کو تمامی عورات عالم پر کافی ہی
یہانتک کہ مریم اور عائشہ اور خدیجہ بھی اس مین داخل ہین اسی طرح سیوطی نے ذکر کیا اور دوسری
حدیث مین آیا ہی کہ افضل عورتین فاطمہ اور خدیجہ اور عائشہ اور مریم اور آسیہ ہین بعضے کہتے ہین کہ
عائشہ فاطمہ سے اولی نہین لیکن سیوطی نے فتاوی مین بیان کیا ہی کہ اس مین تین مذہب
ہین اصح یہ ہی کہ فاطمہ افضل ہین عائشہ سے اور بعضون نے اس مین توقف کیا ہی اور امام سبکی
نے کہا کہ مختار ہمارا اور ہمارے دین کا یہی ہی کہ سب سے فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا افضل ہین بعد انکے حضرت خدیجہ کبری

Marfat.com

اور بعد اونکے عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہن اجمعین حق تو یہ ہی کہ اگر مراد افضلیت سے شرف ذاتی اور طہارت طینت اور پاکی جوہر لیجاوے تو کوئی بھی حضرت فاطمۂ زہرا اور حسن اور حسین اور دوسرے اہل بیت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو نہین پاتا واللہ اعلم **مسئلہ** عقیدہ اہل سنت وجماعت کا یہ ہی کہ سب صحابیون کو دوست رکھے دل سے اور رافضیون خارجیون کیطرح نہو جائے کہ ایک سے محبت اور دوسرے سے بیزار ایسے لوگ خوار ہونگے خدا کے رسول نے کہا ہی کہ میرے کسی صحابی کو برا نکہنا اور فرمایا ہی پیغمبر خدا نے جو کوئی دوست رکھے میرے اصحاب کو میری دوستی کے سبب دوست رکھا مجکو کیونکہ ہمنشین میرے ہین اور جو کوئی دشمنی رکھے میرے اصحاب سے پس ساتھ میرے دشمنی رکھی کیونکہ قدر میرے صحبت کی نہ کی **مسئلہ** علمای اہل سنت وجماعت کا یہ قول ہی کہ نہایت کار حضرت معاویہ کا بغاوت اور خروج خلیفۂ برحق پر یعنی حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ پر ہی ایسی باتین مورد لعن وکفر نہین بلکہ یزید کے حال پر بھی توقف کرتے ہین گو امام احمد حنبلؒ نے یزید پر لعنت کی ہی اور ابن جوزی کہ حفظ سنت اور شریعت مین یکتای روزگار تھے اپنی کتاب مین لعن یزید اہل سلف سے نقل کی ہی لیکن اصح یہ ہی کہ یزید پر لعن نکرے چنانچہ ملا علی قاری نے اس مسئلہ کو بشرح وبسط فقہ اکبر مین لکھا ہی خداوندا ہمارے اور تمامی مسلمانونکے دلونکو اونکے اور اونکے ہواخواہون کی محبت اور ولا سے نگاہ رکھ اور ہمین اور ہمارے محبون کو اور تمامی مومنین کو اہل بیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محشور کر آمین **بحرمۃ سید العلمین** ؎ خدایا بحق بنی فاطمہ ٭ کہ بر قول ایمان کنم خاتمہ ٭ اگر دعوتم رد کنی ور قبول ٭ من ودست ودامان آل رسول ٭ **مسئلہ** اہل سنت وجماعت کا یہ عقیدہ ہی کہ کرامت اولیا حق ہی دوست حق کا نام ولی ہی نشانی دوست خدا کی یہ ہی کہ زہد اور تقوی اختیار کرے اور یاد حق تعالی مین ہمیشہ مشغول رہے خلاف طریقۂ سنت نبوی کے کوئی کام نکرے اعتماد اوسکا خدای کریم پر ہو ماسوا اللہ سے بالکل قطع کیا ہو امید کسی طرح کی سوا اوس ذات پاک کے دوسرے سے نرکھے عشق اور محبت نے اوسکے ظاہر وباطن مین سرایت کیا ہو ایسے شخص سے جو فعل خرق عادت صادر ہو وہ کرامت ہی اور یہ درحقیقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ہی اسواسطے کہ وہ ولی آپکی امت سے ہی اور آپکے معجزے انواع قسم کے ہین بیشتر بعثت کے پہلے وقوع مین آئے اوسکو ارہاصات کہتے ہین اور اکثر آپکے حین حیات

ظاہر ہوئے اور اکثر آپکی رحلت کے بعد آپکی امت کے اولیا اللہ سے ظاہر ہوئے اور ظاہر ہوتے ہین اور درحقیقت
یہ سب دلیلین آپکی اور آپکے دین پاک کے حق ہونیکی ہین کرامات اولیا کی متواتر بطریق شہرت ثابت ہوئی ہی
کسیطرح اوسمین شک اور انکار اور تردد کو دخل نہین خصوصًا بعضے اولیای عظام کی کرامت آفتاب سے
زیادہ روشن تر ہی مثلا حضرت غوث الثقلین شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی قدس اللہ سرہ العزیز وغیرہ
کی اور اصل یہ ہی کہ ولیونکی کرامتین پیغمبرونکے معجزے کی شاہد ہین **مسئلہ** زندونکی دعا اور صدقہ لاریب نفع
بخشتا ہی مردونکو اس مضمون کے احادیث بہت وارد ہوئے ہین اور نماز جنازہ بھی ازین قبیل ہی حدیث
مین آیا ہی کہ جس جنازے پر سَو آدمی نماز پڑھین اور دعای مغفرت مانگین وہ البتہ مغفور ہی دوسری
حدیث مین آیا ہی کہ دعا بلا کو ٹالتی ہی اور صدقہ آتش غضب الٰہی کو بجھاتا ہی **مسئلہ** گناہ صغیرہ ہو یا کبیرہ
اوسکو حلال جاننا بیشک کفر ہی اگر کوئی مرتکب ایسے گناہ ہونکا ہو جاوے تو چاہیے کہ اوسکو گناہ ہی جانے اور معترف
بقصور ہو درگاہ باری مین اور گریہ وزاری کرے اور صغیرہ کا سبک جاننا یہ ہی کہ اوسکو کچھ چیز ہی نسمجھے یعنی
گناہ ہی نجانے اور اوسکے ارتکاب سے اپنے کو قابل سزا نہ گمان کرے یہ بھی کفر ہی وگرنہ یون تو کبیرہ سے صغیرہ کا
سبک ہونا ظاہر و آشکار ہی **مسئلہ** خواص بشر کہ انبیا ہین بہتر ہین خواص ملائکہ سے کہ انکے انبیا ہین یہ بات بلا اختلاف
ثابت ہی اور اختلاف ہی اسمین کہ عوام بشر یعنی غیر انبیا وہ بھی عوام ملائکہ سے بہتر ہین یا نہین نزدیک مصنف
عقائد نسفی و تکمیل الایمان کے عوام بشر بہتر ہین عوام ملائکہ سے لیکن یہ قول صحیح نہین بلکہ اصح یہ ہی کہ عوام
ملائکہ بہتر ہین عوام بشر سے یہی قول ہی ابوشکور سالمی رح کا عقائد تمہید مین واللہ اعلم بالصواب **مسئلہ** کوئی
ولی نبی کے مرتبے کو نہین پہونچتا کیونکہ وہ معصوم ہین عصیان سے اور مامون ہین خوف عزل و سوء خاتمت
سے اور مکرم ہین وحی اور مشاہدہ ملائکہ سے اور افضلیت نبی کی ولی سے امر متیقن ہی **مسئلہ** مؤمن صالح اور
فاسق کے پیچھے نماز پڑھنا درست ہی اور نماز جماعت کے ساتھ ادا کرنا سنت مؤکدہ ہی اگر امامت کے واسطے
کوئی مؤمن صالح نملے تو مؤمن فاسق کے پیچھے کہ اوسکا فسق منجر بکفر نہوا ہو نماز جماعت کے ساتھ ادا کرین **مسئلہ**
اعتقاد رکھنا چاہیے کہ حضرت عیسی علیہ السلام آخر زمانے مین آسمان سے اوترکے دجال بدبخت ملعون کو قتل
کرینگے اور دین محمدی اور شریعت مصطفوی پھیلا نیکے واسطے امت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے عمل

کرینگے اور اپنی شریعت کو منسوخ بتاوینگے اور سات برس دنیا مین رہینگے ناسخ اور منسوخ اوسے کہتے ہین جیسا کہ
اللہ تعالی نے پہلے کچھ حکم کیا پھر دوسرے حکم سے حکم اول کو بدل دیا چنانچہ پہلے بیت المقدس قبلہ تھا پھر کہا کہ
بیت الحرام یعنی مکہ کی طرف منھہ نماز مین کرو تو پہلے ایک حکم دینا دوسری بار خلاف اوسکے دینا یہ حکمت الٰہی ہے
جیسے حکیم موافق مزاج بیمار کے جدا جدا دوا کرتا ہے اور جب حالت مریض کی بدل جاتی ہے تو دوا بھی بدل
دی جاتی ہے وہ پاک پروردگار تو حکیم مطلق ہے اپنے بندونکے حقمین جو مصلحت ہوتی ہے موافق اوسکے حکم
فرماتا ہے اوسکا کوئی فعل حکمت سے خالی نہین ظاہری مصیبت و بلا مین مبتلا ہونے پر شکایت کرنا جاہلونکا کام
ہے کفران نعمت اسکا انجام ہے **رباعی** طبیب گر کرے بیمار کو کہ فاقہ ÷ نہ اوسکا ہو بامید شفا کبھی شاکی
حکیم مطلق اگر دے کبھی کوئی فاقہ ÷ تو کیا غضب ہے کہ ہو اوسکا رات دن شاکی ÷ مسئلہ کہا اہل سنت و جماعت نے
کہ توبہ مقبول ہے ہر گناہ سے کہ صادر ہوا ہو بندے سے برابر ہے کہ ہووے وہ توبہ کرنے والا ذاکر گناہ ہونکا یا بھولا ہوا لقولہ تعالی
وَتُوبُوا اِلَى اللّٰهِ جَمِيعًا وقولہ جل جلالہ تُوبُوا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوحًا حکم کیا اللہ تعالی نے ہملوگون کو
ساتھہ توبہ کے مطلقا اور نہین شرط کیا ذکر گناہون کا اور معنی توبہ ندامت ہے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
اَلنَّدَمُ تَوْبَةٌ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کہو تو
ایسی بات بتاؤن کہ جسکے پڑھنے سے چھوٹا بڑا شرک دور ہو جاوے لوگون نے عرض کی کہ فرمایئے یا رسول اللہ
پس فرمایا کہ ہمیشہ تین بار یہ دعا پڑھ لو اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ
لِمَا لَا اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ مسئلہ ایمان درمیان
خوف و رجا کے ہے یعنی امیدواری اس طرح کی چاہیے کہ اگر جانے کہ ایک ہی آدمی بہشت مین جاویگا سمجھے کہ
خدا چاہے تو وہ مین ہی ہونگا اور ترسناکی بھی اسقدر چاہیے کہ اگر ایسا معلوم ہو کہ دوزخ مین ایک ہی بندہ
جاویگا پس وہ مین ہی ہونگا کیونکہ مجھسے گنہگار زیادہ کوئی نہین ہے اور یہ بھی قول ہے علما کا کہ حالت حیات مین
خوف غالب چاہیے اور موت کے وقت رجا زیادہ ہونا علامت سعادت کی ہے مسئلہ مسح موزیکا اعتقاد رکھنا
نشان اہل سنت و جماعت کا ہے حضر مین ایک شبانہ روز اور سفر مین تین شبانہ روز تک جائز ہے مسئلہ
اصل کفر کی پانچ چیزین ہین ایک تعطیل دوسرے تشریک تیسرے تشبیہ چوتھے تعلیل پانچوین شرک تدبیر

تعطیل یہ ہی کہ اللہ تعالیٰ خلق کا پیدا کرنے والا نہین یہ تمام کائنات آپ ہی آپ پیدا ہوئی اور رہوتی ہی اور آپ ہی
آپ اسکو فنا ہی اللہ تعالیٰ کوئی نہین اور تشبیہ یہ ہی کہ اللہ تعالیٰ جسم اور بدن ہی اور اسکا ایسا ہاتھ اور
مُنہ ہی وغیر ذلک اور تشریک یہ ہی کہ خدا کا ساجھی ہی اور تعلیل یہ ہی کہ فلاسفہ کہتے ہین کہ اللہ تعالیٰ سبب
سب چیزون کا ہی یعنی مادہ سب چیزون کا کہ اوس سے پیدا ہوتی ہین اور شریک تدبیر یہ ہی کہ بعضے کہتے ہین
کہ تدبیر خلق کی فرشتے کرتے ہین اور بعضے کہتے ہین کہ ستارے کرتے ہین اور بعض کہتے ہین کہ قوتین کرتی ہین
اور خدا کچھہ نہین کرتا نَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِكَ یہ سب مادے کفر کے ہین ان سب سے توبہ کرے **مسئلہ** پیغمبر خدا کا
نام مبارک لیوے یا سُنے درود پڑھنا ضرور ہی اللہ تعالیٰ فرماتا ہی یَآ اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا
تَسْلِیْمًا یعنی اے ایمان لانے والو درود پڑھو اوپر نام پیغمبر کے اور سلام پس ثابت ہوا کہ درود اور سلام تعظیم
خاص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی اور مہاجرین اور انصار جو کہ اسلام مین سبقت لانے والے ہین اونکے حقمین
اللہ تعالیٰ نے رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ فرمایا پس تعظیم صحابہ کی ہوئی آخوند درویزہ نے قصیدہ امالی
کی شرح مین لکھا ہی کہ بعضونکے نزدیک پیغمبر کو رحمۃ اللہ علیہ کہنے سے کفر کا ڈر ہی پیغمبر کے سوا اور کی تعظیم مین صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ کہنا کفر ہی تفسیر مدارک مین لکھا ہی کہ پیغمبر کا نام سنکے یا لیکے درود پڑھنا ضرور ہی اور اگر
بے نام پیغمبر کے آل پیغمبر یا کسی سید کے نام پر درود پڑھے تو یہ نشان رافضی کا ہی حق یہ ہی کہ جبنے اوپر درود
پڑھا تو اوسکی تعظیم مثل پیغمبر کے کی اگر پیغمبر کے نام کے ساتھ پیغمبر کے آل اور اصحاب پر درود بھیجے تو روا ہی لیکن
نرا کسی کا نام لیکے درود پڑھے جیسا کہ امام حسن صلی اللہ علیہ وسلم کہے تو یہ بے ادبی ہی درست نہین **مسئلہ** اعتقاد
رکھنا چاہیے کہ پیغمبر ہمارے اور سب پیغمبر علیہم السلام کا بدن مبارک قبرونمین زندون کا سا رہیگا زمین سے نہ گلیگا
تعظیم اور توقیر پیغمبر کی جسطرح کہ انکی زندگی مین تھی ویسے ہی اب بھی بجا لانی چاہیے **مسئلہ** اعتقاد رکھنا چاہیے
کہ ہمارے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو معراج ہوئی جاگتے ہین اس بدن کے ساتھ مکہ سے مسجد اقصےٰ تک قرآن سے
ثابت ہی سیر ساتون آسمان کی اور عرش و کرسی بہشت و دوزخ کی اور سوال و جواب اللہ تعالیٰ سے حدیثون
سے ثابت ہی **مسئلہ** خروج دجال لعین کا حق ہی جیسا کہ ثابت ہوا احادیث متعددہ سے روایت ہی ابو سعید
خدری سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نکلیگا دجال پس متوجہ ہوگا اسکی طرف ایک مرد مسلمان

Marfat.com

کہا بعضون نے کہ یہ خضر علیہ السلام ہونگے اور یہ مقتضی ہی اسکو کہ خضر زندہ ہین اختلاف کیا ہی علمانے اس مین
اکثر فقہا اور محدثین اور بعض صوفیہ اس پر ہین کہ وہ مرگئے اور جمہور صوفیہ اور بعض فقہا اوسطرف گئے ہین کہ وہ
زندہ ہین کہا نووی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ یہی صحیح ہی آخر حدیث **مسئلہ** خروج یاجوج وماجوج اور طلوع
آفتاب مغرب کی طرف سے برحق ہی لقولہ تعالی حَتّٰی اِذَا فُتِحَتْ یَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ
حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ یعنی یہانتک کہ جب کھولے جاوین یاجوج اور ماجوج اور وہ ہر بلندی سے دوڑتے
آوینگے یعنی کھلنا سد یاجوج اور ماجوج کا علامت قیامت ہی اور جیسا کہ فرمایا اللہ تعالی نے يَوْمَ يَاْتِيْ
بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا یعنی جسدن آوینگی بعض نشانیان پروردگار تیرے کی
تو نہ نفع دیگا کسی نفس کو ایمان اوسکا اکثر مفسرین نے اس آیت سے طلوع شمس جو جانب مغرب سے ہوگا مراد
لی ہی رات اوس دن کی بڑی ہوگی لوگ وظیفہ خوان علوم کرینگے کہ وظیفہ اور ورد اپنا پڑھ چکینگے اور رات
نہین ٹلیگی توبہ اور استغفار کرینگے کہ کار عظیم خلوتخانہ غیب سے عالم شہود مین ظہور کیا چاہتا ہی پھر آفتاب جنوب سے
نکلیگا مگر اوس مین روشنی نہوگی سب لوگ دیکھینگے بیچ آسمان کے پھر مغرب کیطرف مراجعت کرکے غروب
ہوجاویگا اوس وقت سے نہ کافر کا ایمان مقبول ہی نہ توبہ اور معالم مین ہی کہ اوسدن ایمان کافر کا اور توبہ فاسق
کی مقبول نہین چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ توبہ منقطع نہین ہوتی ہی یہانتک کہ آفتاب مغرب سے طلوع کرے
**مسئلہ** غیب کی خبر جو کوئی منجم یا کاہن بتلاوے اوسکی تصدیق کفر ہی حدیث مین آیا ہی جو کوئی منجم
پاس جاوے اور اوسکی بات کو یقین کرے وہ کافر ہی **مسئلہ** مسلمان کو کسی گناہ کے سبب کافر نکہنا چاہیے جبتک
کہ حرام قطعی کو حلال اور حلال قطعی کو حرام نکہے **مسئلہ** شریعت کی بات پر ٹھٹھا اور اہانت کرنی کفر ہی
کیونکہ یہ نشانی ہی جھٹلانے اور انکار کی **مسئلہ** ہنسی ٹھٹھے سے کلمہ کفر کا کہہ بیٹھنا بھی کفر ہی گو متکلم کو معلوم نہو کہ یہ
کلمہ کفر کا ہی کیونکہ عذر جہالت نامسموع ہی **مسئلہ** جو کوئی آپسمین رشتہ دارون پر طعن کرے اور کہے کہ یہ کیا
بڑی بات ہی کہ آپسمین بہن بھانجی کا بیاہ کرتے ہین کافر ہوا اسواسطے کہ پیغمبر کے کہے کی اہانت کی **مسئلہ**
جو کوئی کہے کہ دوسرا نکاح کرنا پاجیون کا کام ہی ہم اشراف ہین نہین کرتے کافر ہوا کیونکہ حکم رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی اہانت کی **مسئلہ** جو کوئی ہنسانے کیواسطے حضرت موسی علیہ السلام کیطرح عصا ہاتھ مین

لیکر یا حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کا سانگ بنے کافر ہوا کیونکہ فعل پیغمبر پر تمسخر کیا **مسئلہ** اگر کسی کو کہا جاوے کہ میان دنیا کو عاقبت کیواسطے چھوڑ وہ جواب دے کہ نقد کو واسطے اودھار کے نہین چھوڑتے کافر ہے **مسئلہ** اگر کوئی مسلمان کو کہے کہ ای کافر اس کہنے والے کے کفر مین اختلاف ہے بعضے کہتے ہین کہ کافر ہوا اور بعضے کہتے ہین نہین لیکن مختار فتوی اکثر علما کا اس پر ہے کہ اگر اوسنے گالی کے طور پر کہا اور اعتقاد سے کافر نہین کہا پس کافر نہوگا اور اگر اعتقاد سے کافر سمجھکر کہا ہی کافر ہوگا اسلیے کہ جب اوسنے اعتقاد کیا کہ یہ کافر ہے تو گویا دین اسلام کو کفر سمجھا اور دین اسلام کو کفر سمجھنا کفر ہے **مسئلہ** اگر کوئی کہے کہ اللہ مجھے بھول گیا کافر ہوا **مسئلہ** فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نزدیک ہے کہ متفرق ہوگی امت میری بہتر فرقون پر سب دوزخی ہونگے مگر ایک جنتی اور وے وہ لوگ ہین جو گروہ عظیم کے پیرو ہون لوگون نے پوچھا کہ یا رسول اللہ وہ کون لوگ ہین فرمایا کہ جو میری اور میرے اصحابون کی راہ پر ہون یعنی اہل سنت و جماعت کے یہی ہین کہ سنت راہ پیغمبر کی اور جماعت راہ پیغمبر کے اصحابون کی ہے نشانی اہل سنت و جماعت کی دس چیزین ہین جس مین یہ دس چیزین پائی جاوین تو جانیے کہ یہ اہل سنت و جماعت سے ہے اور مومن سنی **اول** بعد پیغمبر خدا کے سب سے افضل ابوبکر صدیق اور عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہما کو جانے کہ وہ دونون پیغمبر خدا کے خسر تھے **دوم** شیخین کے بعد سب سے بہتر جانے اور دوست رکھے حضرت عثمان بن عفان اور حضرت مرتضی علی رضی اللہ عنہما کو کیونکہ وہ دونون داماد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے تھے **سوم** تعظیم دونون قبلون کی کرے یعنی کعبہ اور بیت المقدس کی **چہارم** دونون موزون پر مسح کرنا **پنجم** دونون شاہدیون سے بچنا یعنی یہ شاہدی ندیوے کہ فلانا قطعی بہشتی ہے اور فلانا قطعی دوزخی ہے **ششم** دونون امامونکے پیچھے نماز پڑھنا یعنی صالح ہو یا فاسق ہو **ہفتم** اللہ تعالی کیطرف سے نیکی اور بدی کو جانے اگرچہ وہ نیکی سے راضی ہے نہ بدی سے **ہشتم** مومن فاسق کی نماز جنازہ پڑھنا **نہم** نماز اور زکوۃ دونون ادا کرنا **دہم** فرمان برداری بادشاہ کی کرنی اور کسی مسلمان پر ناحق تلوار نہ کھینچنا اور یہ چار مذہب حق ہین حنفی شافعی مالکی حنبلی ان چارونکے اصول قرآن اور حدیث اور اجماع صحابہ کے موافق ہین اور انحصار اہل سنت و جماعت کا اس زمانے مین انہین مذاہب اربعہ پر باجماع امت مرحومہ ثابت ہے

Marfat.com

فَمَنْ شَذَّ شُذَّ فِی النَّارِ یعنی پس جو کوئی علیحدہ ہوا اس جماعت سے تو داخل ہوا دوزخ مین علاوہ اسکے یہ چھہ فرقے کہ اونکے اصول قرآن اور حدیث اور اجماع صحابہ کے موافق نہین رافضیہ خارجیہ جبریہ قدریہ جسمیہ مرجیہ ان چھہ فرقونمین سے ہر ایک کی بارہ بارہ شاخین ہین پس بارہ چھکے بہتر ہوئے بارہ شاخین رافضیہ کی یہ ہین علویہ ابدیہ شیعیہ اسحاقیہ زیدیہ عباسیہ امامیہ ناوسیہ تناسخیہ لاعنیہ راجعیہ متربصیہ یہ بارہ چودہ باتونمین متفق ہین پہلے نماز پنجگانہ کو جماعت سے پڑھنا سنت نہین جانتے دوسرے دونون موزون پر مسح روا نہین رکھتے تیسرے حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کو برا کہتے ہین چوتھے سوا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سب صحابون سے بیزار ہین بلکہ اہانت کرتے ہین پانچوین حضرت بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی اہانت کرتے ہین چھٹے کہتے ہین کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قوت سے پیغمبری نہین کر سکتے تھے بغیر حضرت مرتضی علی کے ساتوین حضرت طلحہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہما کا نام برائی کے ساتھ لیتے ہین آٹھوین رحمت خدا اور اوسکے دیدار سے ناامید ہین نوین نماز تراویح کو سنت نہین جانتے دسوین تین طلاق جو کوئی ایکمرتبہ دیوے کہتے ہین کہ طلاق نہین پڑتی گیارہوین دہنے ہاتھ کو بائین ہاتھ پر قیام مین رکھنا سنت نہین جانتے بارہوین خطیبونکو کالے کپڑے پہناتے ہین تیرہوین روزے کو جلد کھولنا سنت نہین جانتے چودہوین مغرب کی نماز کا وقت جلدی آفتاب کے غروب ہوتے ہی سنت نہین جانتے بلکہ جبتک کہ تارے نہ چمک جاوین مغرب کی نماز نہین پڑھتے **جاننا** چاہیے کہ بارہ مسائلونمین یہ بارھون مختلف ہین اول علویہ کہ وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو نبی جانتے ہین اور یون کہتے ہین کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے بھولے سے وحی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پونچائی دوسرے ابدیہ حضرت علی کو پیغمبر کا پیغمبری مین شریک جانتے ہین تیسرے شیعیہ کہ حضرت علی کو ایسا دوست رکھتے ہین کہ اورکسیکو اون پر فضیلت نہین دیتے اور جو کوئی حضرت علی کو سب سے افضل نجانے اوسے کافر جانتے ہین چوتھے اسحاقیہ وہ کہتے ہین کہ زمین کسی وقت پیغمبر سے خالی نہین رہتی پیغمبری ہمارے پیغمبر پر ختم نہین ہوئی ابھی وقت باقی ہی پانچوین زیدیہ انکے تین گروہ ہین پہلے گروہ کہتے ہین کہ جنہون نے حضرت علی کے ہوتے اور کسی صحابی سے بیعت کی وہ کافر ہین دوسرے گروہ کہتے ہین کہ حضرت عثمان اور حضرت طلحہ اور حضرت زبیر اور بی بی عائشہ

Marfat.com

صدیقہ کافر ہین تیسرے گروہ کہتے ہین کہ سوا اولاد حضرت علی کے اور کوئی لائق امامت کے نہین اور
زمین امام سے خالی نہین ہوتی چھٹے گروہ عباسیہ وہ کہتے ہین کہ سوا اولاد حضرت عباس بن عبدالمطلب
کے اور کوئی لائق امامت کے نہین ساتوین امامیہ وہ کہتے ہین کہ فاسق کی امامت درست نہین اور بادشاہی
بجز اولاد حضرت مرتضی علی کے دوسرے کو سزاوار نہین آٹھوین نادیہ وہ کہتے ہین کہ جو کوئی اپنے کو دوسرے سے
افضل جانے وہ کافر ہی نوین تناسخیہ وہ کہتے ہین کہ مردے کے تن سے جان نکل کے اور کے تن مین جا پڑتی ہی
دسوین لاعنیہ وہ حضرت عائشہ اور حضرت طلحہ اور زبیر اور معاویہ پر لعنت کرتے ہین گیارہوین راجعیہ وہ کہتے ہین
کہ حضرت مرتضی علی آپ ابر مین ہین یہ کڑک آپکے دُلدل کے قدم کی آواز ہی اور بجلی اوسکے سُم سے آگ جھڑتی ہی
قیامت سے پہلے ایکبار دنیا مین آوینگے اور مُردونکو زندہ کرکے سنیون کو دوزخ مین اور شیعونکو بہشت مین
داخل کرینگے بارہوین مترالیہ وہ بادشاہ پر باغی ہونا درست رکھتے ہین اور بعض اونسے غلات نصیریہ ہین
وہ حضرت علی کو خدا کہتے ہین اور اسماعلیہ ہین وہ کہتے ہین اللہ تعالی نہ موجود اور نہ معدوم ہی اور بدائیہ ہین
وہ کہتے ہین کہ بعض کام اللہ تعالی کرتا ہی اور پھر وہ بُرا جانتا ہی اپنے کیے پر پچھتاتا ہی یعنی اوسے بھی کام کا انجام
معلوم نہین اور ذمیہ ہین وہ مذمت یعنی ہجو حضرت محمد رسول اللہ کے کرتے ہین اور کہتے ہین کہ حضرت مرتضی
خدا تھے اور حضرت محمد مصطفے پیغمبر تھے کہ حضرت علی کی طرف خلق کو بلاتے تھے اور زراریہ ہین وہ کہتے ہین
کہ اللہ تعالی کی صفتین نئی پیدا ہوئی ہین قدیم نہین ہین حادث ہین اور بنانیہ وہ کہتے ہین کہ اللہ تعالے
کی صورت انسان کی سی ہی پہلے اللہ تعالی کی روح نے حضرت علی مین حلول کیا پیچھے محمد بن حنفیہ مین
حلول کیا بعد اسکے آنکے بیٹے ابی ہاشم مین مجملاً حال عقائدہ باطلہ گروہ رافضیہ کا لکھا گیا اس مختصر رسالہ مین
گنجایش کہان جو شرح وار لکھا جاوے اور دوسرے فرقون کا حال عقائد بھی علی سبیل الاجمال لکھتا ہون
تا عوام لوگ اجمالاً اونکے عقائد پر مطلع رہین دوسرا فرقہ **خارجیہ** ہی اسکے بھی بارہ فرقے ہین ازارقیہ
اباحیہ ثعلبیہ خلیقیہ کوزیہ کنزیہ میمونیہ محکمیہ اخنسیہ خازمیہ معتزالیہ شمراخیہ یہ بارہ جن جن مسالونمین
متفق ہین وہ یہ ہین اول جماعت سے نماز پڑھنی برحق نہین جانتے دوسرے مسلمان کو گناہ کرنے
سے کافر کہتے ہین تیسرے کہتے ہین کہ حضرت مرتضی علی کرم اللہ وجہہ برحق امام نہ تھے اسیواسطے معاویے

Marfat.com

اونسے جنگ کی اور حضرت معاویہ بن سفیان کو امام برحق کہتے ہین اور بعض مسئلونمین آپس مین مختلف
ہین منجملہ اسکے ازارقیہ وہ کہتے ہین کہ آدمی مومن خواب مین کچھ بھلائی نہین دیکھ سکتا کیونکہ وحی اوترنا
منع ہوگیا ہی اباضیہ وہ کہتے ہین کہ ایمان محض قول کا نام ہی دوسری کچھ شرط نہین ثعلبیہ وہ کہتے ہین کہ
سب کام ہماری چاہت کے موافق خدا کے ہین اور قضا و قدر کے نہین خلفیہ وہ کہتے ہین کہ ایمان لانا فرض
غیر معلوم ہی فرضیت ایمان کی نص قطعی سے ثابت نہین ہوئی کوزیہ وہ کہتے ہین کہ بادشاہ جو کافرونسے غزا ترک
کرے وہ کافر ہی کنذیہ وہ کہتے ہین کہ غسل جنابت مین ملکر بدن دھونا فرض نہین ہی میمونیہ وہ کہتے ہین
کہ بندون پر زکوٰۃ کچھ نہین چاہے دو اور چاہے نہ دو محکمیہ وہ کہتے ہین کہ نیکی اور بدی اللہ تعالیٰ نے اپنے
علم قدیم مین نہین ٹھیرائی اخنسیہ وہ کہتے ہین کہ ایمان بھی کسب بندے کا ہی اور مخلوق ہی اور اللہ تعالیٰ نے
کہ پیدا کیا توفیق اور تاثیر کو اس سے منکر ہین روز قیامت مین بھی نیک کامونکا کچھ فائدہ مترتب نہین ہی
خازمیہ وہ کہتے ہین کہ نماز اکیلے پڑھنا چاہیے جماعت کچھ نہین معتزلیہ وہ کہتے ہین کہ قرآن نیا پیدا ہوا ہی
اور یہ جو کچھ کاغذون پر لکھا ہی سو اور ہی اور وہ جو مراد ہی وہ اور ہی شمراخیہ وہ کہتے ہین کہ بندے کا قول
فعل پیدا کیا ہوا اور ٹھیرایا ہوا اللہ تعالیٰ کا نہین مردون کو ثواب نماز اور روزہ اور خیرات سے جو کوئی
بخشے نہین پہونچتا اور قیامت کو کوئی شفاعت نکریگا اور اہانت رسول اللہ کی کرتے ہین اور قیامت
مین حساب اور عمل کا شمار اور میزان اور پل صراط پر گذر ہرگز نہوگا اور گنہگار ہمیشہ اعراف مین رہینگے نہ
بہشت مین اور نہ دوزخ مین اور سب فرشتے ایمان والے آدمیون سے افضل ہین اور اللہ تعالیٰ کے دیدار کے
منکر ہین اور اولیاؤنکی کرامت کے اور مسلمان اور کافر کو نکاح کرنے مین برابر سمجھتے ہین اور صفتون سے اللہ تعالیٰ
کے منکر ہین اور کہتے ہین کہ جب اللہ تعالیٰ نے خلقت پیدا کی تو نام اوسکا خالق ہوا اور ہمیشہ سے خالق نتھا اور جب اوسنے
رزق دیا تو رزاق ہوگیا پہلے رزاق نتھا اور کہتے ہین کہ بہشتی بہشت مین ہوئینگے اور مرینگے اور قیامت کی
علامتونکے منکر ہین اور تین طلاق والی بی بی کو حلال جانتے ہین اور علم سے عقل کو افضل کہتے ہین اور کہتے ہین
کہ معراج کی رات پیغمبر خدا نے کلام خدا کا نہین سُنا اور پیغمبرونکو معصوم نہین جانتے اور غیب پر ایمان لانا
ناحق کہتے ہین اور مرنے کے بعد نیکی بدی کا بدلا نہین ہوتا اور جو کچھ خدا کو دینا ہی دنیا مین دیدیتا ہی اور کہتے ہین کہ یہ دنیا

Marfat.com

عورتین مانند گلاب کے پھول کے ہین جسکا جی چاہے سونگھے یعنی مجامعت کرے تیسرا فرقہ جبریونکا ہے انکے بارہ فرقے ہین مضطریہ افعالیہ معیہ مفروغیہ نجاریہ متمنیہ کسالیہ سابقیہ حبیبیہ خوفیہ فکریہ حسبیہ مضطریہ وہ کہتے ہین کہ بھلائی برائی خدا کی طرف سے ہے ہمارا اس مین کچھ دخل نہین اور قیامت کے دن بندے کو اپنے کیے سے ڈر اور عذاب نہین افعالیہ وہ کہتے ہین کہ بندہ کام کرتا ہے پر اپنے کام پر قدرت نہین رکھتا معیہ وہ کہتے ہین کہ نیکی اور بدی مخلوق کی ہے اور خالق کا دخل نہین مفروغیہ وہ کہتے ہین کہ محنت مشقت اگلے زمانے کے لوگون پر تھی آخر زمانے کے لوگون پر نہین چاہیے نجاریہ وہ کہتے ہین کہ اللہ تعالی گنہگارون کو عذاب انکے اقوال وافعال کے سبب نہین کریگا اپنی چاہت سے جسے چاہے کرے متمنیہ وہ کہتے ہین خیر بندے کی وہی ہوتی ہے کہ جسکو اپنا دل اور خلق بھلا کہے کسالیہ وہ کہتے ہین کہ ثواب اور عذاب بندے کو بندے کے فعلون سے ہرگز کم و زیادہ نہین ہوتا سابقیہ وہ کہتے ہین کہ نیک بختی اور بدبختی بندے کے پیدا ہونے سے پہلے پیدا ہو چکی ہے بندگی اسکی کچھ دستگیری نہین کرتی اور بدگی دامن گیر اسکے نہین ہوتی حبیبیہ وہ کہتے ہین کہ کوئی اپنے دوست کو نہین مارتا اللہ تعالی نے بندونکو دوست کیا ہے نہ ماریگا خوفیہ وہ کہتے ہین جسکے اعمال مین نیکی بہت ہو تو اس سے کچھ نفع نہین ہوتا فکریہ وہ کہتے ہین کہ صنعت اللہ تعالی مین فکر بہتر ہے بندگی اور خیرات سے خواہ کچھ کرو یا نکرو حسبیہ وہ کہتے ہین کہ جس بندے کی نیکی نہو اور جس بندے نے نیکی بہت کی ہو وہ اوسکو اپنا شریک کرے کیونکہ سب آدمی ایک دادا کے پوتے ہین جس جسکا مال اور اسباب بہت ہو اوس مال مین سبکو شریک کر لیوے اور اگر نکرے تو اوسے گنہگار بدکار کہتے ہین اور قرآن اور انجیل کو مانتے ہین توریت اور زبور کو نہین مانتے ہین چوتھا قدریہ ہے انکے بھی بارہ گروہ ہین احمدیہ ثنویہ کسانیہ شیطانیہ شریکیہ وہمیہ داوریہ متولیہ ناکثیہ فاسطیہ نظامیہ منزلیہ جن جن مسالونین یہ بارہ متفق ہین وہ یہ ہین پہلے کہتے ہین کہ بعضی چیز روا ہے کہ عند اللہ محض ایمان ہو اور نزدیک خلق کے کفر ہو دوسرے نماز جنازے کو واجب نہین جانتے تیسرے کہتے ہین کہ توفیق کام سے پیچھے ہوتی ہے اور تقدیر نیکی اور بدی کی خدا سے نہین اور روز میثاق سے منکر ہین اندازہ نیکی اور بدی کا اللہ تعالی نے روز ازل سے نہین ٹھیرا رکھا چوتھے کہتے ہین کہ معراج پیغمبر صاحب کو خواب مین ہوئی تھی جاگتے مین نہین ہوئی اور کہتے ہین کہ ہم نہین جانتے کہ کافر ہین یا مومن اللہ تعالی کے نزدیک اور بارہ مسالونین بارھون کا اختلاف ہے

Marfat.com

احمدیہ وہ فرضیت اور سنت کے منکر ہین اور کہتے ہین کہ بندے پر ہرگز فرض و سنت نہین ہی ثنویہ
وہ کہتے ہین کہ نیکی رحمن سے ہی اور بدی شیطان سے ہی کسانیہ وہ کہتے ہین کہ بندونکا فعل مخلوق ہی یا غیر مخلوق
معلوم نہین شیطانیہ وہ کہتے ہین اللہ تعالی نے شیطان نہین پیدا کیا یعنی شیطان کا وجود نہین ہی
شریکیہ وہ کہتے ہین کہ ایمان بندونکا غیر مخلوق ہی اور افعال بعضے مخلوق ہین اور بعضے غیر مخلوق وہمیہ
وہ کہتے ہین کہ عالم کو فنا نہین ہی اور ہمارا کلام اوسکے حکم سے نہین دا اور یہ وہ کہتے ہین کہ دنیا کو فنا نہین
ہی مستولیہ وہ کہتے ہین کہ بادشاہ کی متابعت مین ڈھیل کرنی روا نہین ناکسیہ وہ کہتے ہین کہ جس کسی نے
گناہ کیا وہ کافر ہوگیا تو بہ اُسکی قبول نہین ہی فاسطیہ وہ کہتے ہین کہ بندے پر کسب حلال فرض نہین ہی اور
زہد بھی فرض نہین نظامیہ وہ کہتے ہین کہ اللہ تعالی کو چیز نہ کہے اور کہتے ہین کہ عالم کی حد اور انتہا کسی کو
معلوم نہین قدیم ہی منزلیہ وہ کہتے ہین کہ ہم نہین جانتے کہ اللہ تعالی بدی پر تقدیر کرتا ہی یا نہین
پانچوان فرقہ جسمیہ ہی اوسکے بھی بارہ فرقے ہین معطلیہ مترابقیہ متراقبہ داوریہ خرقیہ مخلوقیہ عزنیہ
فانیہ لفظیہ قربیہ واقفیہ زنادقیہ جن مسالو نمین یہ سب متفق ہین وہ چھ ہین پہلے یہ ہی کہ وہ کہتے ہین
کہ ایمان دلمین ہی اور زبان سے کہنا کچھ فائدہ نہین کرتا دوسرے سوال منکر و نکیر کے قائل نہین ہین تیسرے
حوض کوثر کے وجود کے منکر ہین چوتھے ملک الموت کے انکے منکر ہین پانچوین حضرت موسی علیہ السلام نے
جو اللہ تعالی سے سوال و جواب کیا ہی اُسکے منکر ہین چھٹے حساب گور کے منکر ہین اور جن جن مسالو نمین
ان بارہون کا اختلاف ہی وہ یہ ہین معطلیہ وہ کہتے ہین کہ اللہ تعالی کے صفات اور اسما نو پیدا ہین مترابقیہ
وہ کہتے ہین کہ اللہ تعالی بلا شبہ ایک جا ٹھیرا ہوا ہی داوریہ وہ کہتے ہین کہ اللہ تعالی سبکو نگاہ پہنچنے
والا ہی کسی مومن کو دوزخ مین نڈالیگا جبکہ سب کافر دوزخ مین جا چکینگے دروازے دوزخ کے بند ہو جاینگے
خرقیہ وہ کہتے ہین کہ دوزخ مین دوزخی کس حالت مین رہینگے معلوم نہین ہی اور بتدریج انکو عذاب معلوم
نہوگا مخلوقیہ وہ کہتے ہین کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نبی نتھے حکیم تھے عزنیہ وہ کہتے ہین
کہ قرآن شریف نو پیدا ہی فانیہ وہ کہتے ہین کہ معراج محمد رسول اللہ کی جان سے تھی تن سے نتھی واقفیہ وہ کہتے ہین کہ قرآن
شریف بنایا ہوا ہی محمد رسول اللہ کا لفظیہ وہ کہتے ہین کہ قرآن قول پڑھنے والونکا ہی خدا کا نہین قربیہ وہ کہتے ہین

Marfat.com

کہ قیامت مین عذاب نہوگا زنادقیہ وہ کہتے ہین کہ اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت دونونمین سرکی آنکھون سے
ہرکسی کو دکھائی دیتاہی چھٹا فرقہ مرجیہ ہین انکے بھی بارہ گروہ ہین تارکیہ شانیہ راجیہ شاکیہ عملیہ منقوضیہ
مقلولیہ متشبہہ بدعیہ مشبہہ خشونیہ اشراقیہ تارکیہ وہ کہتے ہین کہ بندے پر بعد ایمان کے کچھہ فرض نہین
چاہو بندگی کرو یا نکرو شانیہ وہ کہتے ہین جبکہ بندے نے کلمہ پڑھا پھر کچھہ نیکی کرو یا نکرو اس سے نفع و نقصان
نہین ہی راجیہ وہ کہتے ہین کہ بندیکو گناہ کے سبب گنہگار نکہو اور بندگی کے سبب فرمان بردار بھی نکہو
اسواسطے کہ کوئی کیا جانے کہ حق پر کون ہی شاکیہ وہ کہتے ہین کہ بندہ شک پر ہی مرتے وقت تک عملیہ
وہ کہتے ہین کہ عملون کا جاننا ایمان ہی اور جو کوئی امر و نہی نجانے تو کافر ہی منقوضیہ وہ کہتے ہین کہ جو
مومن بندہ بدی کرے پس کافر ہی مقلولیہ وہ کہتے ہین کہ ایمان گھٹتی ہی بڑھتا نہین ہی متشبہہ وہ کہتے ہین
کہ انشاء اللہ ہم مسلمان ہین لیکن خاطر جمع نہین بدعیہ وہ کہتے ہین کہ بادشاہ کی فرمان برداری کرنی چاہیے
چاہے نیکی ہو یا بدی مشبہہ وہ کہتے ہین کہ دن قیامت کیسا ہی اسکی کوئی دلیل نہین خشونیہ وہ کہتے
ہین کہ حکم واجب و سنت کا ایک ہی اشراقیہ وہ کہتے ہین کہ آدم کو اللہ تعالیٰ نے اپنی صورت پر پیدا کیا ہی
اللہ تعالیٰ ہمکو اور تمامی مسلمانون کو اس گروہ بے دین سے اپنے امان مین رکھے آمین بحرمت سید العلمین
مسئلہ پہچاننا اور دریافت کرنا میت کا زیارت کرنے والے کو اور جواب سلام کا دینا اور اُنس پکڑنا
میت کا زائر سے کتب فقہ اور احادیث سے ثابت و متحقق ہی کہا ابن قیم نے کہ احادیث اور آثار دلالت
کرتے ہین اس پر کہ جسوقت کوئی آتا ہی واسطے زیارت قبر کے پہچانتا ہی میت اوسکو اور کلام اوسکا سنتا ہی
اور انس پکڑتا ہی ساتھ اوسکے اور جواب سلام اوسکا دیتا ہی اور یہ تخصیص شہیدون کے ساتھ نہین بلکہ
شامل ہین اس مین تمامی اموات آہ اور کہا امام سبکی رح نے یعنی نہین ہی شبہہ اس مین کہ علم اور سماع ثابت ہی شہیدون
کو اور تمامی اموات کو اور جلال الدین سیوطی رح نے شرح صدور مین ایک باب مستقل واسطے اثبات اس امر کے
کہ اموات کو علم اور سماع حاصل ہی لکھا ہی حیث قَالَ بَابُ زِیَارَۃِ الْقُبُوْرِ وَعِلْمِ الْمَوْتٰی بِزُوَّارِہِمْ وَ
رُؤْیَتِہِمْ لَہُمْ اَخْرَجَ ابْنُ اَبِی الدُّنْیَا وَالْبَیْہَقِیُّ فِی الشُّعَبِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
قَالَ اِذَا مَرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرٍ یَعْرِفُہٗ فَسَلَّمَ عَلَیْہِ رَدَّ عَلَیْہِ السَّلَامَ وَعَرَفَہٗ وَاِذَا مَرَّ بِقَبْرٍ لَا یَعْرِفُہٗ

فَسَلَّمَ عَلَيْهِ وَرَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَلَمْ يَعْرِفْهُ یعنی جس جگہ کہ کہی یہ بات ثابت ہو بیانمین زیارت قبرون کے اور پہچاننے مین مردونکے زیارت کرنے والونکو اور دیکھنے مین مُردونکے زائرونکو روایت کی ابن ابی الدنیا اور بیہقی نے شعب الایمان مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا جب گذرتا ہی کوئی مرد کسی قبر پر سے کہ پہچانتا تھا اوسکو زندگی مین پس سلام کرتا ہی اوسپر تو جواب سلام کا دیتا ہی صاحب قبر اور پہچانتا ہی اوسکو اور جب گذر کرتا ہی اوس قبر پر سے کہ نہین پہچانتا تھا اوسکو زندگی مین پس سلام کرتا ہی اوس پر تو جواب سلام کا دیتا ہی اوسکو اور نہین پہچانتا وَاَخْرَجَ ابْنُ عَبْدِ الْبَرِّ فِي الْاِسْتِذْكَارِ وَالتَّمْهِيْدِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَحَدٍ يَمُرُّ بِقَبْرِ اَخِيْهِ الْمُؤْمِنِ كَانَ يَعْرِفُهُ فِي الدُّنْيَا وَيُسَلِّمُ عَلَيْهِ اِلَّا عَرَفَهُ وَرَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامُ صَحَّحَهُ عَبْدُ الْحَقِّ یعنی نہین ہی کوئی مرد کہ گذرے اپنے بھائی کی قبر پر کہ پہچانتا تھا اوسکو دنیا مین اور سلام کرتا تھا اوس پر مگر پہچانتا ہی اوسکو اور جواب سلام کا دیتا ہی اوسکو صحیح کیا اس حدیث کو عبدالحق رحمہ اللہ نے وَفِي اِحْيَاءِ الْعُلُوْمِ لِلْاِمَامِ حُجَّةِ الْاِسْلَامِ الْغَزَالِيِّ قُدِّسَ سِرُّهُ الْاَزَلِيُّ وَفِي شَرْحِ الصُّدُوْرِ اَخْرَجَ ابْنُ اَبِي الدُّنْيَا فِي كِتَابِ الْقُبُوْرِ عَنْ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ رَجُلٍ يَزُوْرُ قَبْرَ اَخِيْهِ وَيَجْلِسُ عِنْدَهُ اِلَّا اسْتَاْنَسَ بِهٖ وَرَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامُ حَتّٰى يَقُوْمَ یعنی نہین ہی کوئی مرد کہ زیارت کرے قبر اپنے بھائی کی اور بیٹھے اوسکی قبر کے پاس مگر آرام پکڑتا ہی اہل قبر ساتھ اسکے اور جواب سلام اوسکا دیتا ہی یہانتک کہ کھڑا ہوتا ہی زیارت کرنے والا ازانجملہ یہ حدیث ہی کہ دلالت کرتی ہی اوپر ایذا پانے میت کے نوحہ آواز بلند سے زندونکے عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ الْمَيِّتَ يُعَذَّبُ بِالنِّيَاحَةِ عَلَيْهِ فِي قَبْرِهٖ اَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ وَاَنَسٍ وَعُمَرَ ابْنِ حُصَيْنٍ وَعَدِيِّ بْنِ حَيَّانَ فِي صَحِيْحِهٖ وَسَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ عِنْدَ الطَّبَرَانِيِّ فِي الْكَبِيْرِ یعنی مردہ معذب ہوتا ہی قبر مین بسبب رونے اور نوحہ کرنے زندے کے اوسپر اور ازانجملہ یہ حدیث ہی کہ دلالت کرتی ہی بتلقین میت پر ظاہر ہی کہ اگر میت کو قبر مین ادراک وسماع نہوتا تو تلقین لغو ہوتی فِي شَرْحِ الْمَصَابِيْحِ الْاَمْرُ فِي قَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِّنُوْا مَوْتَاكُمْ لِلنَّدْبِ وَالْاِسْتِحْبَابِ وَفِي شَرْحِ الْاَذْكَارِ وُجِدَ

کون التلقین بعد الدفن مستحبا لان فیہ تذکیر المیت قال اللہ تعالی وذکر فان الذکری
تنفع المؤمنین ویکون العبد فی ہذہ الحال احوج الی التذکیر غیر مقلدین جو اس آیہ کریمہ
یعنی انک لا تسمع الموتی کو دلیل عدم سماع اور ادراک موتی مین لاتے ہین یہ انکی کمال جہالت ہی اسواسطے
کہ مراد موتی سے اس آیہ مذکورہ مین بطریق مجاز اموات القلوب یعنی مردہ دلان اور کفار لوگ ہین نہ مردگان
حقیقی بس مراد ساتھ عدم سماع کے عدم اجابت حق ہی کیونکہ یہ آیت نازل ہوئی ہی بیچ دعوت ایمان اور عدم
اجابت ان لوگونکے حق کو اور معنی آیہ مذکور کے یہ ہین کہ تو نہین کر سکتا ہی اجابت حق کافرونکو پس اس آیت سے عدم سماع
موتی کا ثابت نہوا ولانہ صلی اللہ علیہ وسلم نادی اہل القلیب واسمعہم وقال ما انتم باسمع
منہم لکنہم لا یستطیعون جوابا وقال فی المیت انہ یسمع قرع نعالہم وفی الکشاف
ہؤلا یسمعون ای لا یقبلون ولا یطیعون من قولک شفعت فلانا فلو یسمع قولی ولقد
سمعہ ولکن لما لم یقبلہ ولم یعمل بمقتضاہ فکانہ لم یسمعہ بالجملہ جمیع مفسرین کا اجماع ہی اس پر
کہ جس جگہ قرآن مجید اور فرقان حمید مین نفی سماع کفار اشرار کی مذکور ہی مراد اوس سے نفی نفس سماع نہین بلکہ مقصود
اس سے نفی ثمرات سماع ہی کہ وہ عبارت ہی عدم اجابت حق سے اور عدم اطاعت سے اور عدم عمل سے بمقتضائے
نصوص قاطعہ کے **خلاصہ** کلام یہ ہی کہ محاورہ کلام شریف مین ایسی جگہ ارادہ نفی ثمرات سماع من قبیل مجاز کے
متعارف ہی و نفی معنی حقیقی سماع قسم حقیقت سے مہجور ہی حق سبحانہ تعالی نے جابجا قرآن مجید مین کافرون
اور منافقونکو صم بکم عمی یعنی گونگے بہرے اندھے فرمایا ہی اگر کوئی شخص اس سے معنی حقیقی ارادہ کرے
تو سراسر انصاف سے بعید ہی اور وہ شخص نہایت ناقص الفہم ہی بیضاوی مین آیا ہی الروح تبقی بعد
الموت دراکۃ وعلیہ جمہور الصحابۃ رضی اللہ عنہم یہ نص صریح ہی اوپر اثبات سماع اموات کے و در
مشکوۃ شریف از حضرت ام المؤمنین رضی اللہ عنہا مرویست کہ فرمود عائشہ رضی اللہ عنہا کہ داخل میشدم بخانہ
خود کہ دران رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم مدفون شدہ درحالیکہ من پارچہ خود را میگذاشتم ومیگفتم کہ این
شوہر من و پدر من ہستند پس ہر گاہ کہ مدفون شد عمر رضی اللہ عنہ در آنجا پس بخدا سوگند کہ داخل نشدم آنجا
مگر در حالیکہ پارچہ ہا را بر خود می بستم بنا بر حیا از عمر ازین حدیث صاف عیان و آشکار است کہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا

Marfat.com

اموات را صاحب شعور وادراک رویت می پنداشتند والا تسمیہ ضرور بود قال الشیخ الاجل المحقق
الدھلوی رحمۃ اللہ علیہ فی ترجمۃ المشکوۃ درین حدیث دلیل واضح ست بر حیات میت وعلم
وی ونیز واجب ست احترام میت بر زیارت کنندۂ وی خصوصا صالحان ومراعات آداب بر قدر مراتب
ایشان چنانچہ در حالت حیات ایشان بود اور شرح فقہ اکبر مین ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ
اگرچہ روح کو بدن سے عالم برزخ مین ایک نوع کی مفارقت ہوتی ہو لیکن تجرد تام حاصل نہین ہوتا
بلکہ فی الجملہ تعلق معنوی وخصوصیت باطنی ساتھ بدن کے باقی رہتی ہی اور اس سے بھی ثابت ہی کہ وقت
زیارت زائران وسلام کرنے انکے روح میت کی اسطرف متوجہ ہوتی ہی اور سلام وکلام زندہ سنتی ہی
ونیز حدیث بخاری مین موجود ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ بدر مین کفار سے خطاب فرمایا
هَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا لوگون نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ما تکلم من اجساد لا ارواح لها
فرمایا کہ ما انتم باسمع لما اقول منهم ولکن لا یجیبون ملا علی قاری در مرقات شرح مشکوۃ نوشتہ
الانبیاء فی قبورهم احیاء والعرض والسماع بعد الموت لیس مخصوصا بالانبیاء بل
سائر الموتی یسمعون السلام والکلام ویعرض علیهم اعمال اقاربهم فی بعض الایام نعم
الانبیاء یکون حیاتهم علی الوجه الاکمل یعنی انبیا علیہم السلام قبرون مین اپنی زندہ ہین اور
عرض اور سماع بعد موت کے نہین ہی مخصوص ساتھ انبیا کے بلکہ تمامی موتے سنتے ہین سلام اور کلام کو اور
خبر کیجاتی ہی موتی کو اعمال سے اقاربون انکے کے بعض ایام مین ہان ہوتی ہی انبیا علیہم السلام کو حیات وجہ کمال
وفی شرح الصدور اخرج العقیلی عن ابی هریرة رضی اللہ عنہ کہا ابو رزین نے کہ عرض کیا
ای پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم ایک گورستان میری راہ مین واقع ہی پس آیا کوئی کلام ہی کہ ساتھ انکے متکلم ہوؤن مین
اور اموات کو مخاطب کرون مین جبکہ گذرون مین اونپر فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کہ السلام
علیکم یا اهل القبور کہا ابو رزین نے کہ ای پیغمبر خدا مردے سنتے ہین فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے سنتے ہین لیکن طاقت نہین رکھتے کہ جواب دیوین فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ای ابا رزین آیا راضی نہین
ہوتا تو اسپر کہ فرشتے موافق شمار مردون کے حق مین تیرے جواب دیوین قال مولانا علی القاری فی شرح

Marfat.com

المشکوٰۃ قولہ لا یستطیعون ان یجیبوا ای جوابا یسمعہ الحی والا فھم یردون حیث لا یسمع

ترجمہ مراد قول سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ مردے طاقت جواب کی نہین رکھتے یہ ہے کہ طاقت جواب دینے کی نہین رکھتے کہ زندہ اوسکو کان سے اپنے سنے والا حقیقت مین وہ جواب سلام زندونکا دیتے ہین لیکن زندہ اوسکو نہین سنتا اور علامہ قونوی رح نے تصریح کی ہے کہ احادیث کثیرہ دلالت کرتے ہین اسپر کہ اموات کو ادراک اور سماع حاصل ہے اور حضرت شیخ عبدالحق دہلوی رح نے کتاب جذب القلوب الی دیار المحبوب مین افادہ فرمایا ہے کہ تمامی اہل سنت جماعت کثرہم اللہ تعالی اعتقاد دارند ثبوت ادراکات مثل علم وسمع تمامی اموات را خلاصہ کلام یہ ہے کہ جو کوئی انکار شعور و ادراک اموات کا قائل ہو خوف ہے اوسپر کفر کا مسئلہ اگر کوئی شخص کہے کہ خداوندا بتصدق و بوسیلہ و بحرمت جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم یا بوسیلہ حضرت غوث الاعظم قدس اللہ سرہ کے گناہ کو میرے بخشدے تو اسکو توسل کہتے ہین اس قسم کے توسل بین ساتھ انبیا اور اولیا کے خلاف واقع نہین ہے بطریق تبرک کے دو تین حدیثین کہ اس سے اثبات توسل ثابت و متحقق ہے بیان کرتا ہون حصن حصین مین مرقوم ہے جملہ آداب دعا سے ہے کہ وسیلہ پکڑے قبول دعا مین طرف خدای تعالی کے ساتھ پیغمبرونکے یعنی وقت دعا کے کہے کہ خداوندا برکت سے اپنے پیغمبرونکے دعا کو میری قبول کر اور یہ توسل جملہ مندوبات سے ہے اور بھی جملہ آداب دعا سے یہ ہے کہ توسل پکڑے ساتھ صالحونکے یعنی وقت دعا کے کہے کہ خداوندا دعا کو میری برکت سے اپنے بندگان صالح کے قبول کر اور ظفر جلیل مین مرقوم ہے کہ وسیلہ پکڑے طرف اللہ تعالی کے ساتھ پیغمبرون اوسکے نقل کی یہ بخاری اور بزار اور حاکم نے اور وسیلہ پکڑے ساتھ نیکونکے یعنی سوائے انبیا کے صدیقونکا اور علماکا اور شہداکا نقل کی بخاری نے اور صحیح نسائی اور معجم کبیر مین ہے کہ ایک اندھے آپسے بینا ہونے کی استدعا کی آپنے اوس سے دو رکعت نماز پڑھوائی اور فرمایا کہ اللھم انی اسئلک واتوجہ الیک بنبیک محمد نبی الرحمۃ یا محمد انی اتوجہ الی اللہ فی حاجتی ھذہ اللھم شفعہ فی کہتے ہین کہ فوراً اوسکی آنکھین تاراسی کھل گئین اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اصحابنے اس نماز اور دعا کو آزمایا تو پورا پایا الغرض انتفاع پکڑنا ساتھ ارواح کاملین کے اصحاب قبور سے اور واسطہ غرض کا گردانا اون لوگونکو جناب مین اللہ تعالی کی اور التجا کرنا جناب مین اون لوگونکی باین طور کہ آپ لوگ مقربان درگاہ آلہی ہین جناب مین اللہ تعالی کی

عرض کرو فلان مطلب دینی یا دنیاوی کو میرے آسان کروائیے پس استمداد ساتھ ارواح اولیا کے ہی یہ بھی درست ہی
اور جو کچھ مروی ہی مشایخ طریقت سے کاملین کی ارواح سے استمداد اور استفادہ کے بارے مین وہ خارج عن
حصر تقریر اور تحریر سے اور مذکور ہی کتابو نمین اور رسالو نمین اور مشہور ہی درمیان لوگونکے حاجت نہین کہ
ذکر کرو نمین اسکو اما حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ گفتہ ہر کہ بوی در حالت حیاتش تبرک جویند
بعد ممات نیز بوی تبرک و انتفاع گیرند و در تنبیہ الوہابین منقولا عن الکبری مرقوم ست مِمَّن يُتَبَرَّكُ
بِمُشَاهَدَتِهٖ فِي حَيَاتِهٖ يُتَبَرَّكُ بِزِيَارَتِهٖ بَعْدَ وَفَاتِهٖ و در قلائد ابن حجر مکی مرقوم ست کہ علما
و حاجتمندان ہمیشہ زیارت قبر امام اعظم ابو حنیفہ رح میکنند و برای برآمدن مطالب خود ہا وسیلہ میجویند نزد
قبر شریف وی و امام شافعی رح نیز از جملۂ آن متوسلان ہستند و فرمود امام شافعی رح کہ ما برکت میجوئیم با امام ابو حنیفہ
و می آئیم بسوی قبر وی پس چون پیش مے آید مرا حاجت دو رکعت نماز نفل میگزارم و از خدای عز و جل مطلب خود میخواہم
نزدیک قبر شان پس بزودی بر آید مطلب من و فی ترجمۃ المشکوۃ للشیخ الاجل المحقق الدہلوی قدس اللہ
سرہ کہ امام شافعی رح گفتہ است کہ قبر موسی کاظم رحمۃ اللہ علیہ تریاق مجرب ست مر اجابت دعا را چہ آن مقام متبرک
مہبط برکات و انوار ست پس اسرع اوقات حصول مطلوب متصور و فی المرقاۃ شرح المشکوۃ لمولانا علی القاری
رحمہ اللہ الباری لَهُمْ فِي بَرَازِخِهِمْ تَصَرُّفَاتٌ وَبَرَكَاتٌ لَا يُحْصٰى عَدَدُهَا یعنی مر ارواح کاملین
عارفین را در عالم برزخ تصرفہای فراوان و برکتہای بے پایان ثابت ست و شاہ عبد العزیز در تفسیر فتح العزیز
و در رسالۂ رد وہابی تصریح نمودہ اند کہ اموات را شعور و سماع بلا ارتیاب حاصل ست و نیز تنصیص نمودہ اند
کہ استمداد از ارواح کاملین بطوریکہ مظنۂ شرک نباشد درست و رواست بالجملہ کتاب و سنت و اقوال سلف
کہ مخالف این اقوال باشد یافتہ نمی شود ہکذا احکم الکتاب و اللہ اعلم بالصواب مسئلہ مذکور ہی خلاصہ مین جو شخص
کہ بغض رکھے عالم سے بغیر سبب ظاہر کے خوف کیا جاتا ہی اسپر کفر کا کہا ملا علی قاری رح نے اَلظَّاهِرُ اَنَّهٗ يُكَفَّرُ
کیونکہ جب بغض رکھا عالم سے بغیر سبب دنیوی یا اخروی کے پس ہوگا بغض اوسکا واسطے علم شریعت کے اور نہین
ہی شک کفر مین اوس شخص کے کہ انکار کیا شریعت کا مسئلہ نہین سزاوار ہی کہ کہے مین مؤمن ہون اگر چاہے
اللہ تعالی کیونکہ اگر شک کیا قائل نے اپنے ایمان مین پس بالضرور وہ کافر ہوا بلا خلاف کے اور اگر کہا واسطے

ادب کے یا حوالہ کرنے امور کو مشیت اللہ تعالی پر یا واسطے شک مآل کار کے نہ فی الحال یا واسطے تبرک کے
پس بہتر ہی ترک اوسکا بلکہ کہے اَنَا مُؤْمِنٌ حَقًّا یہی فرمایا امام اعظم ابوحنیفہؒ نے مسئلہ ساقط نہین
ہوتا بندے سے کسی حالت مین بشرطیکہ بالغ ہو اور عاقل امر و نہی بسبب عموم خطاب وارده کے تکالیف
مین اور اس پر اجماع مجتہدین ظاہر ہی کہ کامل ترین نوع بشر محبت اور ایمان مین انبیا علیہم السلام
ہین خصوصًا ہمارے نبی محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم اور درحالیکہ تکالیف شرعیہ کے ساتھ زیادہ تر
مکلف تھے جیساکہ فرمایا اللہ صاحب نے وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهِ نَافِلَةً لَّكَ پس دوسرونکو کب
پہونچتا ہی یہ کہنا کہ نہایت محبت مین ساقط ہو جاتی ہی عبادت ظاہری اور صرف تفکر اوسکا عبادت ہی
پس ایسا کہنا کفر اور ضلالت ہی مسئلہ اَلْوَلَايَةُ اَفْضَلُ مِنَ النُّبُوَّةِ یعنی ولایت بہتر ہی نبوت سے
معنی اسکی یہ ہین کہ ولایت نبی کی افضل ہی نبوت نبی سے نہ یہ کہ ولی بہتر ہی نبی سے اس دلیل سے
کہ ولایت نام ہی اوس قربت کا کہ جناب احدیت سے بندہ فیض یاب ہو اور نبوت کہتے ہین اوس درجہ
کو کہ خلق کو اوس فیض سے خبر دے اس سے صاف معلوم ہوا کہ نبی دو درجونکا مالک ہی کیونکہ اللہ تعالی سے
جو اسکو قربت حاصل ہی دوسرے کو نہین اور خلق کو بھی اس فیض سے مشرف کرتا ہی اور ولی بواسطہ نبی
فیضیاب ہوتا ہی مسئلہ تمام علوم قرآن شریف مین موجود ہین فہم مضامین کلام مجید حق جناب رسالت مآب
تھا بعد انکے صحابہ رضی اللہ عنہم اور ایمہ دین پر ختم ہوا اسی واسطے کہتے ہین کہ شریعت ہماری منحصر ہی
قرآن اور حدیث اور اجماع اور قیاس مین جاننا چاہیے کہ منکر قرآن اور حدیث اور اجماع کا کافر ہی اور
ایسا ہی حال ہی منکر قیاس کا کیونکہ جب معاذ رضی اللہ عنہ کو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
یمن کا حاکم بنا کر روانہ کیا تو پوچھا کہ کس طرح حکم کریگا تو اوس مسئلہ مین کہ نپاوے تو حکم اوسکا قرآن
اور حدیث مین صاف صاف کہا معاذ نے کہ وہان مین اجتہاد یعنی قیاس کرونگا پھر حضرت نے معاذ
کے سینہ مین ہاتھ مار کر فرمایا کہ سب تعریف اوس ذات کو ہی کہ موافق کر دیا قاصد رسول اللہ یعنی معاذ
کو واسطے اس چیز کے کہ خوش ہووے ساتھ اوس چیز کے رسول اللہ روایت کیا اس حدیث کو ترمذی
اور ابو داؤد نے عبداللہ بن عمر اور ابوہریرہ سے اور صحیحین مین یون روایت ہی قال رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم اِذا حکم الحاکم فاجتہد واصاب فلہ اجران واذا حکم فاجتہد واخطأ فلہ اجرٌ واحدٌ یعنی اگر حاکم نے اجتہاد یعنی قیاس سے حکم درست کیا تو اوسکو دو ثواب ہین ورنہ ایک اجر ملیگا ان احادیث سے قیاس سنت نبوی ہونا ثابت ہی اور اسی طرح آیت لعلمہ الذین یستنبطونہ منہم اور آیت فاعتبروا یا اولی الابصار کو مفسرین نے واسطے شرعیت قیاس کے دلائل قاطعہ گردانا ہی علاوہ اسکے کتب اصول مین مذکور ہی کہ اجماع امت شرعیت قیاس پر منعقد ہوا **مسلہ** مراد عدم تکفیر اہل قبلہ سے یہ ہی کہ نہین حکم کیا جاویگا اہل قبلہ پر کفر کا جبتک کہ نپائی جاوے اونسے کوئی شی امارات کفر یا علامات کفر سے یا نہ صادر ہووے اونسے موجبات کفر **مسلہ** کہا اہل سنت وجماعت نے کہ فرائض مثل روزہ اور نماز وغیر ذلک کے ہی جب فوت ہوا کسی سے واجب ہی قضا اوسکی اور ساقط کردیتی ہی قضای فرضیت اوس فرض کو کہ واجب الادا تھا اور فوت ہوا اوس سے **مسلہ** حدود اور کفارات پاک کرنیوالے ہین عمل اور فعل کو اور ایسا ہی رنج والم جو پہونچتا ہی بندیکو ہوتے ہین کفارہ گناہون سے یہی قول ہی اہل سنت وجماعت کا **مسلہ** کہا شیخ ابو المنصور ماتریدی نے کہ حکم کرنا علی وجہ الاطلاق کہ سحر کفر ہی خطا ہی بلکہ واجب ہی اس مین بحث یعنی اگر ہووے سحر مبطل شرائط ایمان تو وہ کفر ہی والا کفر نہین اگرچہ صادر ہووے ساحر سے وہ فعل کہ جس مین ہلاکت انسان ہی یا تفرقہ ڈالنا ہی زن وشوہر مین اور نہووے وہ ساحر منکر کسی شی کا شرائط ایمان سے نہوگا وہ کافر لیکن ہوگا وہ فاسق اور ساعی فساد کا زمین مین پس قتل کیا جائیگا **مسلہ** لکھا ہی فتاوای ظہیریہ مین کہ جو شخص پڑھے آیت قرآن کو بطور ہنسی تو کافر ہوا **مسلہ** دعا دور کرتی ہی بلا کو جبکہ ہووے دعا موافق قضا کے جاننا چاہیے کہ ایک قضای معلق ہی دوسری مبرم قضای معلق تغیر پذیر ہی بخلاف مبرم کے کہ وہ تغیر نہین پاتی یہ قول بعض فقہا کا ہی **مسلہ** جائز ہی دینا ثواب عمل کا دوسرے کو خواہ نماز سے ہو یا روزے سے یا حج سے یا صدقے سے وغیر ذلک یہی مذہب ابو حنیفہ اور احمد اور جمہور سلف رحمہم اللہ تعالی کا ہی اور جائز نہین رکھتے ہین شافعی اسکو صدقات اور عبادات مالیہ اور حج مین فقط **مسلہ** نماز پڑھنا بغیر وضو کے گناہ ہی مگر درست جاننا اسکو کفر ہی واضح ہو کہ جو شی کہ حرمت اوسکی نص قرآنی سے ثابت ہی

Marfat.com

مرتکب اوسکا کافر نہین جبتک کہ اوسکو حلال نجانے **مسئلہ** بیان کرنا معنی کلام مجید کا اپنی راے سے کفر ہے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مَنْ فَسَّرَ الْقُرْاٰنَ بِرَأْيِهٖ فَقَدْ كَفَرَ یعنی جس شخص نے تفسیر کی قرآن کی اپنی راے سے پس تحقیق کافر ہوا **مسئلہ** درست نہین ہی پیچھے امام کے الحمد کا پڑھنا نزدیک علماے حنفیہ کے لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ فرمایا اللہ جل شانہ نے پس جسوقت پڑھا جاوے قرآن تو سنو تم اوسکو اور چپکے رہو تاکہ رحم کیے جاؤ تم اور کہا امام احمد نے اَجْمَعَ النَّاسُ عَلٰى اَنَّ هٰذِهِ الْاٰيَةَ نَزَلَتْ فِي الصَّلٰوةِ یعنی نزول اس آیت کا نماز کے بارے مین ہوا ہی اور حدیث اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَاِذَا قَرَأَ فَاَنْصِتُوْا تفسیر اور بیان ہی آیت کا روایت کیا اس حدیث کو ابن ماجہ اور نسائی اور ابو داؤد اور مسلم نے اور کہا مسلم نے یہ حدیث صحیح ہی پس جب مقتدی کو بموجب آیت مذکورہ کے چپکے رہنا ضرور ہوا تو الحمد کا پڑھنا کب درست ہوگا اور احادیث اس باب مین بہت ہین چند بطور اختصار کے لکھے جاتے ہین تا یہ طعنہ لامذہبون کا کہ عمل علماے حنفیہ کا حدیث پر نہین اور وہ بالکل بے بہرہ ہین احادیث سے باقی نرہے کہا امام محمدؒ نے موطا مین عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى خَلْفَ الْاِمَامِ فَاِنَّ قِرَاءَةَ الْاِمَامِ لَهٗ قِرَاءَةٌ یعنی مقتدی کو قرات امام کی کفایت کرتی ہے اور کہا امام محمد نے عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ اَمَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلنَّاسِ فِي الْعَصْرِ قَالَ فَقَرَأَ رَجُلٌ خَلْفَهٗ فَغَمَزَهُ الَّذِيْ يَلِيْهِ فَلَمَّا صَلّٰى قَالَ لِمَ غَمَزْتَنِيْ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ قُدَّامَكَ فَكَرِهْتُ اَنْ تَقْرَأَ خَلْفَهٗ فَسَمِعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ لَهٗ اِمَامٌ فَاِنَّ قِرَاءَةَ الْاِمَامِ لَهٗ قِرَاءَةٌ ترجمہ امامت کی جناب رسول خدا نے وقت عصر کے پس سورہ فاتحہ پڑھی ایک شخص نے پیچھے آپکے پس ٹھوکا اوسکو پاس والے نے پھر بعد نماز کے پوچھا کہ کیون ٹھوکا تو نے مجھکو کہا اوس شخص نے کہ برا معلوم ہوا مجھکو پڑھنا تیرا پیچھے رسول خدا کے حضرت نے یہ ماجرا سنکر فرمایا جسکے لیے ہو امام بس قرات امام کی مقتدی کے واسطے قرات ہی روایت کیا اسکو حاکم اور طحاوی اور ابو بکر بن ابی شیبہ اور حنفیہ نے ساتھ اسناد صحیح کے وَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لَيْتَ فِيْ فَمِ الَّذِيْ يَقْرَأُ

خلف الامام حجرا فرمایا حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے کاشکے پتھر ہوا وسکے مونھہ مین جو شخص پڑھے
پیچھے امام کے روایت کیا اسکو امام محمد نے وقال علي بن ابي طالب من قرأ خلف الامام فقد
اخطأ الفطرة اور فرمایا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے جس شخص نے پڑھا پیچھے امام کے پس تحقیق مخالفت
کی اوس نے دین کی روایت کیا اسکو ابی شیبہ نے فاذا رفع الحديثين المذكورين الى
الخليفتين مع كونهما مخالفين للقياس كان كرفعهما الى النبي صلى الله عليه وسلم
لقوله عليه السلام عليكم بسنتي وسنة الخلفاء الراشدين الحديث وعن عطاء انه
سئل زيد بن ثابت عن القراءة فقال لا قراءة مع الامام في شيء یعنی نہین قرات
ساتھ امام کے کہین روایت کیا اسکو مسلم اور نسائی اور ابن ابی شیبہ نے قال سعد وددت ان
الذي يقرأ خلف الامام في فيه جمرة کہا سعد نے جو صحابہ عشرہ مبشرہ سے ہین دوست رکھتا
ہون مین تحقیق کہ انگارون سے بھرا جاوے مونھہ پڑھنے والے کا پیچھے امام کے وقال علقمة لان اعض
على جمرة احب الي من ان اقرأ خلف الامام روایت کیا ان دونون حدیثون کو امام محمد نے
قال الشعبي ادركت سبعين بدريا كلهم على انه لا يقرأ خلف الامام ذکر کیا اسکو کرمانی
شارح بخاری نے اور کہا سرخسی نے اجمع الصحابة على منع القراءة خلف الامام اجماع کیا
صحابہ نے اوپر منع ہونے قرات خلف امام کے ذکر کیا اسکو ابن ہمام نے فتح القدیر مین وعن نافع
ان عبد الله بن عمر كان اذا سئل هل يقرأ احد خلف الامام يقول فحسبه قراءة الامام
واذا صلى وحده فليقرأ قال كان عبد الله بن عمر لا يقرأ خلف الامام یعنی جب کوئی پوچھتا
عبد اللہ بن عمر سے قرات خلف امام کو فرماتے کافی ہی اسکو امام کا پڑھنا اور جب پڑھے تنہا تو چاہیے کہ
کرے قرات کو ضرور روایت کیا اسکو امام مالک اور امام محمد اور طحاوی وغیرہ نے وقال ابراهيم النخعي
الذي يقرأ خلف الامام فاسق رواه ابن ابي شيبة الذي هو من اساتذة الشيخين باسناد
صحيح والله اعلم وعلمه اتم مسئلہ علمای حنفیہ کے نزدیک رفع یدین کرنا درست نہین ہی بموجب ان
احادیث کے عن جابر بن سمرة قال خرج علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم ونحن رافعو الايدي

Marfat.com

فِی الصَّلٰوۃِ فَقَالَ مَا بَالُ اَرٰی رَافِعِی اَیْدِیْھِمْ فِی الصَّلٰوۃِ کَاَنَّھَا اَذْنَابُ خَیْلٍ شُمُسٍ اُسْکُنُوْا فِی الصَّلٰوۃِ کہا جابر رضی اللہ عنہ نے کہ نکلے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف اس حال مین کہ ہم اوٹھانے والے تھے ہاتھ اپنے نماز مین پس فرمایا کیا حال ہی ہاتھونکے اوٹھانے والون کا نماز مین گویا وہ دمین ہین سرکش گھوڑونکی سکون کرو یعنی ہاتھ نہ اوٹھاؤ نماز مین روایت کیا اسکو ابو بکر بن ابی شیبہ نے جو اوستاد ہین بخاری اور مسلم کے اپنی کتاب مین عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوۃَ رَفَعَ یَدَیْہِ ثُمَّ لَمْ یَرْفَعْھُمَا حَتّٰی یَفْرُغَ تحقیق رسول خدا تھے اوٹھاتے دونون ہاتھون کو شروع نماز مین پھر نہ اوٹھاتے فارغ ہونے تک روایت کیا اسکو دارقطنی اور ابو داؤد اور طحاوی وغیرہ نے عَنْ عَلْقَمَۃَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْعُوْدٍ اَلَا اُصَلِّیْ بِکُمْ صَلٰوۃَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰی فَلَمْ یَرْفَعْ یَدَیْہِ اِلَّا فِیْ اَوَّلِ مَرَّۃٍ کہا عبد اللہ بن مسعود نے کیا نہ پڑھاؤنمین نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر نماز پڑھی پس نہ اوٹھائے ہاتھ اپنے مگر پہلی بار روایت کیا اسکو ابو داؤد اور طحاوی نے وَعَنْہُ قَالَ صَلَّیْتُ خَلْفَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ فَلَمْ یَرْفَعُوْا اَیْدِیَھُمْ اِلَّا عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلٰوۃِ کہا عبد اللہ بن مسعود نے کہ نماز پڑھی پیچھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ابو بکر اور عمر کے پس نہ اوٹھائے اونھون نے ہاتھ اپنے مگر وقت شروع کرنے نماز کے روایت کیا اسکو ابو بکر بن ابی شیبہ نے جو اوستاد ہین بخاری اور مسلم کے اپنی کتاب مین اور روایت کیا امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے حماد سے اونھون نے ابراہیم سے اونھون نے اسود سے اَنَّ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ مَسْعُوْدٍ کَانَ یَرْفَعُ یَدَیْہِ فِیْ اَوَّلِ تَکْبِیْرَۃٍ ثُمَّ لَا یَعُوْدُ اِلٰی شَیْءٍ مِّنْ ذٰلِکَ وَکَانَ یَرْوِیْہِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یعنی عبد اللہ بن مسعود اوٹھاتے تھے ہاتھ اول تکبیر مین پھر نہ عود کرتے تھے طرف کسی چیز کے او نقل کرتے تھے اسکو آنحضرت سے قَالَ اَسْوَدُ رَاَیْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ یَرْفَعُ یَدَیْہِ فِیْ اَوَّلِ تَکْبِیْرَۃِ الْاِفْتِتَاحِ ثُمَّ لَا یَعُوْدُ یعنی فرمایا اسود نے دیکھا مینے کہ رفع یدین کیا کرتے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ تکبیر اول مین پھر نہین اعادہ کرتے روایت کیا اسکو بیہقی نے اور ابن ابی شیبہ و طحاوی نے اور اسی طرح منقول ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے عَنْ کُلَیْبٍ اَنَّ عَلِیًّا کَانَ یَرْفَعُ یَدَیْہِ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوۃَ ثُمَّ لَا یَعُوْدُ روایت کیا اسکو امام محمد وغیرہ نے ساتھ سند صحیح کے

Marfat.com

قال الزيلعي روي عن مجاهد خدمت ابن عمر عشر سنين فما رأيته يرفع يديه في شيء من صلوته
الا في التكبيرة الاولى مروی ہے مجاہد سے کہ کہا اونھوں نے خدمت کی مینے ابن عمر کی دس برس پس نہین
رفع یدین کیا اونھوں نے مگر تکبیر تحریمہ مین وعن ابن عباس رضي الله عنه ان العشرة المبشرة ما
كانوا يرفعون ايديهم الا في افتتاح الصلوة ذكره في النهاية والكفاية ابن عباس سے مروی ہے کہ
عشرہ مبشرہ نہین کرتے تھے رفع یدین سوا تکبیر تحریمہ کے وقال ابن عباس ما رأيت فقيها قط يفعل
رفع يديه في غير التكبيرة الاولى نہین دیکھا مینے کسی عالم کو کبھی رفع یدین کرتے سوای تکبیر تحریمہ کے روایت
کیا اسکو طحاوی نے پس جبکہ ہولے احادیث اور آثار دلالت کرنے والے اوپر عدم رفع یدین کے جیسا کہ تھوڑا سا
اوس سے لکھا گیا اس واسطے حکم کیا امام اعظم اور مالک وغیرہ نے عدم جواز رفع یدین کا مسئلہ تقلید ایک امام کی
ایمہ اربعہ سے واجب ہے یعنی اگر کوئی شخص کافر تھا پھر اللہ تعالی نے اوسکو اسلام سے مشرف کیا اگر ایسے مقام
مین مسلمان ہوا کہ جہان مذاہب اربعہ کے علما موجود ہین مثل حرمین شریفین کے تو اوس شخص کو اختیار ہے کہ
ایک مذہب کو اختیار کرے قال الملا علي القاري في بعض تصانيفه وجب عليه حتما ان يعين مذهبا
من هذه المذاهب اما مذهب الحنفي في جميع الفروع واما مذهب الشافعي او غيره و
ليس له ان ينتحل من مذهب الشافعي ما يهواه ومن مذهب غيره في الباقي ما يرضاه لانا
لو جوزنا ذلك لادى الى الخبط والخروج عن الضبط حاصله يرجع الى نفي التكليف لان
مذهب الشافعي مثلا اذا اقتضى تحريم شيء ومذهب غيره اباحة ذلك الشيء او عكس
ذلك فهو ان شاء مال الى الحلال وان شاء مال الى الحرام فلا يتحقق الحل والحرمة الى آخر
قوله لانه مقدمة الواجب واجب ترجمہ کہا ملا علی قاری نے بیچ بعض تصنیف اپنی کے کہ واجب ہے اوسپر
کہ معین کرے ایک مذہب کو مذاہب اربعہ سے یعنی یا حنفی ہو جمیع مسائل مین یا شافعی علی ہذا القیاس اور نہین
جائز ہے اسکو کہ لیوے مذہب شافعی سے بعض مسائل موافق خواہش اپنی کے اور مذہب غیر سے باقی مسائل اپنی پسند
کے موافق کیونکہ اگر جائز رکھین ہم اسکو تو البتہ پونچاویگا طرف انکار تکلیف کے اسواسطے کہ مذہب امام شافعی کا
مثلا مقتضی ہے حرمت ایک شی کو اور مذہب غیر کا مقتضی ہوا اباحت اسکی کو یا بالعکس پس اگر وہ شخص جب

Marfat.com

خواہش اپنی کے کبھی حلال بنالیوے اوس شئ کو اور کبھی حرام پس متحقق ہوئی حلت اور حرمت اور اس سے دور کردینا شریعت کا لازم آتا ہی اور لاریب وہ شخص اس آیت کے وعید مین داخل ہوگا اَفَمَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ الاٰیۃ جلال الدین سیوطی نے شرح جمع الجوامع مین لکھا ہی یَجِبُ عَلَی الْعَامِیِّ وَغَیْرِہٖ مِمَّنْ لَمْ یَبْلُغْ مَرْتَبَۃَ الْاِجْتِہَادِ اِلْتِزَامُ مَذْہَبٍ مُعَیَّنٍ مِنْ مَذَاہِبِ الْمُجْتَہِدِیْنَ یعنی واجب ہی عامی اور غیر عامی جبتک کہ درجۂ اجتہاد کو نہ پونہچے التزام مذہب معین کا مذاہب مجتہدین سے شرح درر وغرر مین مرقوم ہی کہ خواہ عالم ہو یا جاہل ضرور ہی اوسکو تقلید کسی ایک مجتہد کی کہ گمان کرتا ہی اوسکو بہتر پس نقل کرنا طرف مذہب دوسرے کے مشابہت رکھتا ہی الحاد سے اور وہ شخص مبتدع اور ضال ہی کیونکہ مقلد کو کفایت ہی اقوال امام واسطے عمل کے اور حاجت نہین ہی ساتھ آیت اور احادیث کے کیونکہ معلوم نہین ہی اوسکو طریقہ عمل کرنے کا آیات اور احادیث پر کہ مخالف ہین باخود ہا پس لازم ہی اسکو عمل کرنا ساتھ اقوال امام کے اور اگر ترک کیا مذہب اپنے کو تعزیر دیا جائیگا **مسئلہ** اعتقاد رکھنا چاہیے کہ امام اعظم ابو حنیفہ کوفی رح افضل ایمہ مجتہدین اور کامل ترین فقہا کے ہین علوم دین مین بعد انکے امام مالک رح کیونکہ انکے تابعی ہونے مین اختلاف ہی لکھا ہی ملا علی قاری نے شرح موطا امام محمد مین اور عبارت اوسکی یہ ہی وَقِیْلَ رَوَی الْاِمَامُ مَالِكٌ عَنْ عَائِشَۃَ بِنْتِ اَبِیْ وَقَّاصٍ وَصُحْبَتُہَا ثَابِتَۃٌ فَیَکُوْنُ تَابِعِیًّا کَاَبِیْ حَنِیْفَۃَ اِلَّا اَنَّہٗ تَابِعِیٌّ بِلَا خِلَافٍ یعنی امام مالک کے تابعی ہونے مین اختلاف ہی اور امام اعظم کے تابعی ہونے مین کسی کو کلام نہین بعدہ امام شافعی اس لیے کہ وہ شاگرد ہین امام مالک کے بلکہ امام محمد کے بعدہ امام احمد حنبل کیونکہ وہ شاگرد ہین امام شافعی کے **مسئلہ** نہین ہی موت حور کو اور نہ فنا ہی نگے ثواب اور عذاب اللہ تعالی کے کبھی فرمایا اللہ صاحب نے حق مین مومنین کے اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّۃِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ اور حق مین کفار کے اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ اور منکر اسکا بیشک کافر ہی **مسئلہ** مذکور ہی تتمہ مین جو شخص اہانت کرے شریعت کی یا کسی مسائل کی کہ ضروریات دین سے ہی ہوگا کافر **مسئلہ** اگر کہے کوئی شخص کہ مین نہین جانتا حلال اور حرام کو ہوگا کافر یعنی جب ارادہ کرے عدم فرق استعمال کو یا اعتقاد کرے حلت کا اوسکے بخلاف اُس صورت کے کہ ارادہ کیا مینے اس کلام سے کہ مین جاہل ہون مجھے تفصیل وار مسائل معلوم نہین **مسئلہ** اگر تمنا کرے

کوئی کہ نہوتی شراب حرام یا نہوتا روزۂ رمضان فرض بسبب دشواری کے نہین حکم کیا جائیگا کفر کا
اسواسطے کہ جو چیزین حرام کہ شریعت سابقہ مین حلال تھین تمنا کرنا موجب کفر نہین بخلاف اُس صورت
کے کہ تمنا کرے کہ نہوتا زنا حرام یا قتل نفس بغیر حق کے پس حکم کیا جائیگا کفر کا اس وجہ سے کہ حرمت ان
دونون کی ثابت ہی تمامی ادیان مین اور موافق ہی حکمت کے اور جس شخص نے ارادہ کیا خروج کا حکمت سے
پس تحقیق ارادہ کیا اوس نے کہ حکم کرے اللہ تعالی خلاف حکمت اور یہ جہل ہی پروردگار سے **مسئلہ**
کہا اہل سنت و جماعت نے کہ بدعت سئیہ حرام ہی اور قیام اس پر بدتر ہی قیام سے فسق پر **مسئلہ** ایمان
عوام اہل اسلام کا مشابہ ہونا ساتھ ایمان خواص کے باعتبار بعض صفات کے قرآن سے ثابت ہی قَالَ اللّٰہُ تعالیٰ
وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ اٰمِنُوْا کَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ کَمَآ اٰمَنَ السُّفَھَآءُ یعنی جب کہا جاتا ہی واسطے
اُنکے ایمان لاؤ جیسا ایمان لائے ہین لوگ یعنی حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور اصحاب کہا اونہون
نے کیا ایمان لاوین ہم جیسا کہ ایمان لائے ہین بیوقوف قَالَ فِی الْبَیْضَاوِیِّ وَالْمُرَادُ بِہٖ الرَّسُوْلُ وَمَنْ
تَبِعَہٗ یعنی تفسیر بیضاوی مین لکھا ہی کہ بموجب ایک تاویل کے مراد کَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ سے پیغمبر خدا اور اصحاب
ہین اور تفسیر عزیزی مین شاہ عبد العزیز نے ابن عباس سے یون نقل کی ہی کَمَآ اٰمَنَ اَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ
وَعَلِیٌّ یعنی ایمان لاؤ جیسا کہ ایمان لائے ابو بکرؓ اور عمرؓ اور عثمانؓ اور علیؓ جبکہ ثابت ہوئی مشابہت ایمان
اہل اسلام کی آیت مذکورہ سے پس منکر اوسکا ضرور گمراہ ہوگا بلکہ کل مؤمنین کیا خواص کیا عوام برابر ہین
یعنی جیسا اولیاء اللہ کو سب پیغمبرون اور کتابون وغیرہ پر ایمان لانا ضرور ہی اسی طرح عوام کو ان سب چیزون
پر ایمان لانے کا حکم ہی اسی واسطے فرمایا خدای تعالی نے قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰہِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَیْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓی
اِبْرٰھٖمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِیَ مُوْسٰی وَعِیْسٰی وَمَآ اُوْتِیَ النَّبِیُّوْنَ
مِنْ رَّبِّھِمْ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْھُمْ وَنَحْنُ لَہٗ مُسْلِمُوْنَ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِہٖ فَقَدِ اھْتَدَوْا
وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا ھُمْ فِیْ شِقَاقٍ یعنی کہو ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے اور جو کچھ اوتارا گیا طرف ہمارے
اور جو کچھ اوتارا گیا طرف ابراہیم کے اور اسمٰعیل کے اور اسحق اور یعقوب کے اور اولاد اونکی کے اور جو کچھ
دیا گیا موسی اور عیسی کو اور جو کچھ دیا گیا پیغمبرونکو پروردگار اپنے سے نہین جدائی ڈالتے درمیان کسی کے

اور نہین سے اور رہم واسطے اسکے مطیع ہین پھر اگر ایمان لائے اہل کتاب مثل ایمان تمہارے کے ساتھ اللہ کے
پس تحقیق راہ کو پالیا اور اگر پھر جاوین پس بیشک ہین وہ خلاف مین لیکن برابر سمجھنا ایمان عوام الناس
اور پیغمبرون کا من کل الوجوہ گمراہی ہے جیسا کہ روایت کیا ہے ملا علی قاری نے امام اعظم رح سے شرح فقہ اکبر مین
رُوِیَ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ رح اِیْمَانِیْ کَاِیْمَانِ جِبْرَئِیْلَ وَلَا اَقُوْلُ مِثْلُ اِیْمَانِ جِبْرَئِیْلَ لِاَنَّ الْمِثْلِیَّۃَ
تَقْتَضِیْ الْمُسَاوَاۃَ فِیْ کُلِّ الصِّفَاتِ وَالتَّشْبِیْہُ لَا یَقْتَضِیْہِ بَلْ یَکْفِیْ لِاِطْلَاقِہِ الْمُسَاوَاۃُ فِیْ
بَعْضِہٖ فَلَا مُسَاوَاۃَ بَیْنَ اِیْمَانِ اٰحَادِ النَّاسِ وَاِیْمَانِ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالْاَنْبِیَآءِ عَلَیْہِمُ السَّلَامُ
مِنْ کُلِّ وَجْہٍ کہا امام اعظم نے ایمان میرا مشابہ ہے ایمان جبرئیل کے اور نہین کہتا ہین ایمان میرا مثل
ایمان جبرئیل کے ہے کیونکہ مثلیت مقتضی ہے برابری کو ہر صفت مین اور مشابہت کو کافی ہے مساوی ہونا
بعض صفات مین یعنی مثلاً زَیْدٌ کَالْاَسَدِ کہنا بسبب برابر ہونے زید اور شیر کے صفت دلیری مین درست ہے
اور زَیْدٌ مِثْلُ الْاَسَدِ کہنا ہرگز درست نہین اسی سبب سے نہین برابر کسی کے نزدیک ایمان عوام الناس
اور فرشتون اور پیغمبرون کا ہر وجہ سے واللہ اعلم بالصواب وعندہ ام الکتاب **پوشیدہ**
نرہے کہ روایات اس رسالے کے کتب معتبرہ مانند شرح فقہ اکبر اور عقائد نسفی اور عقائد تمہید اور شرح
مقاصد اور تکمیل الایمان اور بدور السافرہ اور تفسیر مدارک اور تفسیر معالم اور تفسیر بیضاوی اور تفسیر
کواشی اور تفسیر فتح العزیز اور صحیح بخاری اور صحیح مسلم اور ترمذی اور مشکوۃ المصابیح اور مرقاۃ المصابیح اور
حصن حصین اور ترجمہ مشکوۃ اور احیاء العلوم اور شرح الصدور اور جذب القلوب الی دیار المحبوب
اور سوا اسکے صحائف معتبرہ اور کتب معتمدہ سے فقیر نے استخراج کر کے حوالہ قلم کیا **لمؤلفہ**

خداوندا کریما کردگارا + بفضلت اعتمادی ہے دعا را + بنام نور چشم این نامہ من + بماند یادگار از خامہ من +
بود کشت اہل شاداب بیان + بتائید تو شود ہر مشکل آسان + فروزان باد ہر دم نیر بخت + باو سازد خدایا دولت و تخت +

ھٰذَا خَاتِمَۃُ مَا قَصَدْنَاہُ وَتَتِمَّۃُ مَا اَوْرَدْنَاہُ وَنَسْاَلُ اللّٰہَ الْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا
وَالْاٰخِرَۃِ وَنَسْتَعِیْذُہٗ جَلَّ اسْمُہٗ مِنْ دُعَآءٍ لَا یُسْمَعُ وَعِلْمٍ لَا یَنْفَعُ وَعَمَلٍ
لَا یُرْفَعُ اَللّٰہُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ شَیْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُ

Marfat.com

لنا لا اعلم وانت علام الغیوب ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم
وھو حسبنا ونعم الوکیل وصلی اللہ علی سیدنا محمد خاتم
النبیین وعلی الہ واصحابہ اجمعین وسلم تسلیما کثیرا کثیرا الی یوم الدین

# خاتمۃ الطبع

الحمد للہ العلی العظیم والصلوٰۃ علی نبیہ الکریم وعلی آلہ وصحبہ الہداۃ الی الصراط المستقیم کہ ان دنون اس رسالہ افاضت مقالہ کو کہ جسمین مسائل عقائد اہل سنت و جماعت کے بدلائل عقلیہ و نقلیہ نہایت فصاحت کے ساتھ زبان سلیس عام فہم اردو مین مذکور ہین اور جوابات شبہات مخالفین و شکوک ملحدین کے مع عبارات حوالہ کتب معتبرہ مسطور ہین کہ جنکے پڑھنے اور یاد رکھنے سے برادران اہل سنت کو دنیا و آخرت مین وسیلہ نجات کا حاصل ہو اور ہر ایک بھائی مسلمان اس کتاب مجمع الخیر والثواب کے دیکھنے سے اپنے اسلامی عقیدہ مین پکا اور کامل ہو اور بغیر تحصیل علم عقائد صحیحہ کے اسلام مین نقصان ہے اور جسکا اعتقاد درست نہو وہ فقط نام کا مسلمان ہے محض بنظر فائدہ رسانی اہل اسلام کے جناب افاضت مآب ہادی راہ یقین حامی شرع متین ترقی خواہ معاملات اسلام حامی دین حضرت خیر الانام رئیس عالیمقام مولانا محمد عبد الرحمن صاحب باشندہ شہر سلہٹ ادامہم اللہ بخیر الافادہ وحسن الافاضتہ نے تالیف فرمایا اور عامہ مومنین و مومنات کو راستہ ہدایت و اعتقاد صحیح کا بتایا جزاہم اللہ خیر الجزاء وحفظہم عن الآفۃ والبلاء اور چونکہ پوری پوری اشاعت اس مجموعہ ہدایت کی بغیر طبع ممکن نہ تھی لہذا احقر الانام بندہ مستہام عاجز محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشنخان غفر لہما اللہ المنان نے اپنے مطبع نظامی واقع کانپور مین بصحت و اہتمام تمام چھپوایا اور اس طبع کو ذریعہ اپنی نجات کا بنایا

## وجہ مہر و دستخط مہتمم

واسطے سند اس امر کے کہ یہ کتاب چھپی ہوئی مطبع نظامی کی ہے مہر و دستخط مہتمم مطبع کے آخر کتاب مین ثبت کیے گئے

العبد

محمد روشن خان حنفی
محمد عبد الرحمن بن حا

محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشنخان مرحوم حنفی بقلم خود

والله یهدی من یشاء الی صراط مستقیم

بتوفیق الله الواحد مکتوبات مولانا محمد قاسم صاحب مرحوم مسمی بہ

# تصفیۃ العقائد

دو مکتوب بخطاب سر سید احمد خاں سی ایس آئی و یکے درباب تقلید المذاہب

در مطبع مجتبائی واقع دہلی طبع گردید

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد و صلوۃ کے بعد طالب نجات محمد حیات عرض کرتا ہی کچھ عرصہ گزرا کہ جناب مولنا مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی اور سید احمد خان صاحب سی ایس آئی کے درمیان پیرجی محمد عارف صاحب کے توسط سے ایک مراسلت دربارۂ عقائد اسلام ہوئی تھی - ازبس کہ مولنا ممدوح یادگار سلف و افتخار خلف ہین اور اس زمانہ مین کہ علوم اسلامیہ کو تنزل ہوگیا ہی ایسے عالم ربانی اور فاضل حقانی جو شرع اسلام کے غوامض و نکات کی تہ کو سمجھین اور کمالات ظاہر و باطن کے مظہر ہون نہایت مغتنمات سی ہین لہذا مینے خیال کیا کہ حضرت موصوف کا فیض نظام کلام جو صدق و دیانت اور استحسان و متانت سے بھرا ہوا ہی اور محض صلاح و سداد و ہمدردی و وداد کی نیت سے ہے معرض طبع مین آوے تاکہ ہمارے معاصرین علوم جدیدہ کی درخشانی اور نئی روشنی کی براقی سے خیرہ نہون بلکہ عقاید اسلام کی اصلی تنویر اور حقیقی ضیا سے چشم بصیرت کو روشن کرین اور نیز سید صاحب ممدوح جو تصفیہ و تہذیب عقاید اسلام مین صرف محبت و دلسوزی اور قومی ترقی حال و مآل کی نظر سے چاہتے ہین اُسکا اندازہ اہل روزگار بخوبی کرسکین تعصب اور نفسانیت مین مبتلا نہون کیونکہ جو امر حق و درست ہے اُسکو بلاشبہہ اختیار کرنا اور نقص و زوائد سے بچنا چاہیئے - اس مراسلت کے طبع سے میرا یہ مطلب نہین ہے کہ اسکے ملاحظہ سے کسی کی نسبت مباہات و تفاخر اور کسی سے مخالفت و تنافر ظاہر ہو بلکہ ناظرین سے التجا کرتا ہون کہ وہ بالحاظ اس امر کے کہ متکلم کون ہی کلام سے نصیحت و برکت حاصل کرین اور نہ یہ بات ہی کہ موفقت و مخالفت کے اعتبار سے محض دل خوش کرنے کے لئے یہ مراسلے چھاپے جاتے ہین - مین توقع رکھتا ہون کہ عقاید اسلام کے حقایق سمجھنے مین اس تحریر سے اہل بینش کو تصفیہ حاصل ہوگا اور اُسی نظر سے نام بھی اسکا تصفیۃ العقائد رکھدیا گیا ؞

Marfat.com

# خط سید احمد خان صاحب - سی - ایس - آئی

جناب پیر جی صاحب مخدوم مکرم سلامت - بعد سلام مسنون کے عرض یہ ہی کہ بزرگان سہارنپور نے جو نوازش و دلسوزی میرے حال زار پر کی جسکا ذکر آپنے مجھسے فرمایا مین دل سے اُنکا شکر ادا کرتا ہون اگر جناب مولوی محمد قاسم صاحب تشریف لاوین تو میری سعادت ہی مین اُنکی کفش برداری کو اپنا فخر سمجھونگا مگر اسوقت مرزا غالب کا ایک شعر مجھے یاد آیا ہے وہو ہذا + ؎

حضرت ناصح جو آوین دیدہ و دل فرش راہ — کوئی مجھکو یہ تو سمجھاؤ کہ سمجھاوینگے کیا

جناب من میری تمام تحریرین جنکے سبب مین کافر و مرتد ٹھیرا ہون اور وحدانیت و رسالت کی تصدیق کے ساتھ کفر جمع ہوا ہی جو میرے نزدیک محالات سے ہے چند اصول پر مبنی ہین اگر آپ مناسب سمجھین تو اون اُصولون کو بزرگان سہارنپور کی خدمتمین بھیجدین اگر اُن مین کچھ غلطی ہے تو بلاشبہہ نصیحت ناصح کارگر ہوگی ورنہ ایسا نہو کہ ناصح ہی مجھسے ہو جاوین + اور وہ اصول یہ ہین +

اول - خداے واحد ذوالجلال ازلی و ابدی خالق و صانع تمام کائنات کا ہی +

دوم - اُسکا کلام اور جسکو کہ اُس نے رسالت پر مبعوث کیا اُسکا کلام ہرگز خلاف حقیقت اور خلاف واقعہ نہین ہوسکتا +

سیوم - قرآن مجید بلاشبہہ کلام الٰہی ہے کوئی حرف اُسکا نہ خلاف حقیقت ہے اور نہ خلاف واقعہ -

چہارم - قرآن مجید کی جسقدر آیات کہ ہمکو بظاہر خلاف حقیقت یا خلاف واقع معلوم ہوتی ہین وہ حال سے خالی نہین یا تو اون آیات کا مطلب سمجھنے مین ہمسے غلطی ہوئی ہی یا جسکو ہمنے حقیقت اور واقع سمجھا ہے اُس مین غلطی کی ہی - اسکے برخلاف کسی محدث یا مفسر کا قول قابل تسلیم نہین ہے +

پنجم - جسقدر کلام الٰہی جناب پیغمبر خدا صلعم پر نازل ہوا وہ سب بین الدفتین موجود ہی ایک حرف بھی اُس سے خارج نہین ہی اگر ہو تو کوئی آیت قرآن مجید کی بطور یقین قابل عمل نہین رہتی کیونکہ ممکن ہے کہ کوئی ایسی آیت خارج رہ گئی ہو جو آیات موجودہ بین الدفتین کے برخلاف ہو فقط نہ ملنا کسی

Marfat.com

آیت کا اسکی عدم وجود کی دلیل نہین ہوسکتا +

ششم - کوئی انسان سوائے رسول خدا صلعم کے ایسا نہین ہی جسکا قول و فعل بلاسند قول فعل رسول کے دینیات مین قابلِ تسلیم ہو - یا جسکی عدم تسلیم سے کفر لازم آتا ہو اُسکے برخلاف اعتقاد رکھنا ترک فی النبوۃ ہے +

مقصود یہ ہی کہ جسطرح عام انسانون اور پیغمبر صلعم مین تفاوت ہی اسیطرح اُنکے قول و فعل مین بھی تفاوت ہے +

ہفتم - دینیات مین سنت نبوی علی صاحبہا الصلوۃ والسلام کی اطاعت مین ہم مجبور ہین اور دنیاوی امور مین مجاز اس مقام پر سنت کے لفظ سے میری مراد احکام دین ہین فقط +

ہشتم - احکامِ منصوصہ احکامِ دین یا یقینی ہین اور باقی مسائل اجتہادی اور قیاسی سب ظنی ہین -

نہم - انسان خارج از طاقتِ انسانی مکلف نہین ہوسکتا پس اگر وہ ایمان پر مکلف ہی تو ضرور ہے کہ ایمان اور اُسکے وہ احکام جنپر نجات منحصر ہے عقلِ انسانی سے خارج نہون مثلاً ہم خدا کے ہونے پر ایمان لانے کے مکلف ہین مگر اُسکی ماہیت ذات کے جاننے پر مکلف نہین +

دہم - افعالِ مامورہ فی نفسہ حسن ہین اور افعال ممنوعہ فی نفسہ قبیح ہیں اور پیغمبر صرف اُنکی خواص حسن یا قبیح کے بتانے والے ہین جیسے کہ طبیب جوادویہ کی ضرر و نفع سے مطلع کردے اس مقام پر لفظ افعال کو ایسا عام تصور کرنا چاہئے جو افعالِ جوارح اور افعالِ قلب وغیرہ سب پر شامل ہو +

یازدہم - تمام احکام مذہب اسلام کے فطرت کے مطابق ہین اگر یہ نہو تو اندہے کے حق مین ؛ دیکھنا اور سوجھا کے حق مین دیکھنا گناہ ٹھیر سکیگا +

دوازدہم - وہ قوا جو خدا تعالٰے نے انسان مین پیدا کئے ہین اُن ہین وہ قوا بھی ہین جو انسان کو کسی فعل کے ارتکاب کے محرک ہوتے ہین اور وہ قوت بھی ہی جو اُس فعل کے ارتکاب سے روکتی ہے - ان تمام قوا کے استعمال پر انسان مختار ہی مگر ازل سے خدا کے علم مین ہی کہ فلان انسان کن کن قوا کو اور کس کس طور پر کام مین لاویگا - اُسکے علم کے برخلاف ہرگز نہو گا مگر اس سے انسان اُن قوا کے استعمال یا ترکِ استعمال پر جبتک کہ وہ قوا قابلِ استعمال کے اُسمین ہین مجبور نہین متصور ہوسکتا +

سیز دہم - دین احکام اُن مجموع احکام کا نام ہی جو یقینی من اللہ ہین فقط

چہار دہم - احکام دین اسلام دو قسم کے ہین ایک وہ جو اصلی احکام دین کے ہین اور وہ بالکل فطرت کے مطابق دوسرے وہ جن سے اُن اصلی احکام کی حفاظت مقصود ہی مگر اطاعت اور عمل مین اُن دونو کا رتبہ برابر ہے +

پانز دہم - تمام افعال و اقوال رسول خدا صلعم کے سچائی سی تھے مصلحت وقت کی نسبت رسول کیطرف کرنی سخت بے ادبی ہے جسمین خوفِ کفر ہے +

مصلحت وقت سے میری مراد وہ ہے جو عام لوگون نے مصلحتِ وقت کے معنے سمجھے ہین یعنی ایسے قول یا فعل کو کام مین لانا جو درحقیقت بیجا تھا مگر مصلحتِ وقت کا لحاظ کر کر اُسکو کہدیا یا کر لیا اگرچہ اُنکے سوا اور چند اصول بھی ہین مگر آجتک جو کچھ تحریر ہوئی ہے وہ اکثر یا قریب کل کے سوائے ایک آدھ مسئلہ کے انہین اصول پر مبنی ہے - پس اگر بزرگان سہارنپور ان اصول کی غلطی سے مجھے مطلع فرماوینگے ہین دل وجان سے شکر ادا کرونگا - والسلام + سید احمد

## جواب از طرف جناب مولٰنا مولوی محمد قاسم صاحب رح

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - مجموعہ عنایات پیر جی محمد عارف صاحب السلام علیکم و علی من لدیکم -

آج بندۂ درگاہ دلی سے میرٹھ واپس آیا تو مولوی محمد ہاشم صاحب نے مولانا محمد یعقوب صاحب کا عنایت نامہ جو آیا رکھا تھا عنایت فرمایا - کھولا تو آپکا خط اور جناب سید احمد خانصاحب کی ایک بڑی تحریر اندر سے نکلی شاید یہ قصہ اُس گفتگو کا نتیجہ ہے جو آخر ماہ شوال مین بمقام انبہٹہ مابین احقر و جناب ہوئی تھی سید صاحب کی تحریر سے کچھ ایسا سمجھا جاتا ہے کہ آپنے میرے آنیکا کچھ تذکرہ اُنسے کیا ہوگا مگر مجکو یاد نہین آتا کہ آپ نے کس بات سے سمجھا ہوگا اُسوقت کی عرض معروض کا ماحصل فقط اتنا ہی تھا کہ سید صاحب کی ہان مین ہان ملانا ہمسے جبھی متصور ہی کہ سید صاحب بھی اُن اقوال مشہورہ سے رجوع کرین جو اُنکی نسبت ہر کوئی گاتا پھرتا ہی اور سید صاحب بھی اصرار کئے جاتے ہین اور رجوع نہین فرماتے مگر آپ جانتے ہین - کہ

Marfat.com

یہ گذارش میری طرف سے آپکی اُس استدعا کے جواب مین تھی جو آپنے دربارہ شمول حال جناب سید صاحب
اس ناکام سے کی تھی۔ بہرحال آنے جانے کا کچھ مذکور نتھا آپ ہی فرمائین کہ ہمسے گرفتارون کو اتنی رہائی
کہان کہ بنارس خارپور اڑ جائین۔ اور ہمسے بیچارون کو اتنی رسائی کہان کہ سید صاحب کے در دولت
تک نوبت پہنچائین اپنا مبلغ پرواز میرٹھ حد نہایت دلی ہے تسپر نقار خانے مین طوطی کی کون
سنتا ہے کیا آپکے خیال مین یہ بات آسکتی ہے کہ صدر الصدور اعظم ایک غریب سے مزدور کے طور پر
ہوجائین اجی حضرت امیرون کے ذہن وفہم وعقل وادراک کے ہزارون گواہ ہوتے ہین غریبون کے
فہم وفراست کا کہین ایک بھی نہین سنا۔ اس صورت مین کیونکر کہدیجے کہ سید صاحب ایک غریب سے
شیخ زادہ کی مان جائین ع کب وہ سنتے ہین کہانی میری + اور پھر وہ بھی زبانی میری +
ہمسے شکستہ حالون کی باتو نپر موافق مصرع غالب ع مین کہونگا حال دل اور آپ فرمائینگے کیا +
ایسے عالی مراتب دانشمند ہرگز توجہ نہیں فرمایا کرتے بااینہمہ ایسی چھیڑ چھاڑون مین کبھی نہین دیکھا
کہ کسی اونے نے بھی کسی اعلےٰ کی مانی ہو۔ اس صورت مین ایسی برعکسی کی کیا امید باندھیے۔ پیرجی صاحب
یہ گمنام کبھی کسی سے نہین الجھتا اور الجھے بھی تو کیونکر الجھے وہ کونسی خوبی ہے جسپر کمر باندھ کر لڑنے
کو تیار ہو ایسی کیا ضرورت ہو کہ اپنے عمدہ مشاغل کو چھوڑ کر اس نفسا نفسی مین پھسون ہان اس
مین کچھ شک نہین کہ سنی سنائی سید صاحب کی اولوالعزمی اور دردمندی اہل اسلام کا معتقد
ہون اور اس وجہ سے انکی نسبت اظہار محبت کرون تو بجا ہے مگر اتنا یا اس سے زیادہ انکی
فساد عقائد کو سُن سُن کر انکا شاکی اور انکی طرف سے رنجیدہ خاطر ہون مجکو انکی کمال دانش سے
یہ امید تھی کہ میرے اس رنج کو ثمرہ محبت سمجھکر تہ دل سے اپنے اقوال مین مجھسے استفسار کرینگے
باین خیال کہ۔ گاہ باشد کہ کودک نادان + بغلط بر ہدف زند تیرے + اسطرف کو دل لگائینگے۔ مگر
انکی اس تحریر کو دیکھکر دل سرد ہو گیا۔ یہ یقین ہو گیا کہ کوئی کچھ کہو وہ اپنی وہی کہے جائینگے انکی انداز
تحریر سے یہ بات نمایان ہو کہ وہ اپنے خیالات کو ایسا سمجھتے مین کہ کبھی غلط نہ کہین گے اس لئے
جی مین یہ آتا ہے کہ قلم ہاتھ سے ڈالدیجے۔ مگر کیا کرون آپکا تقاضا جدا جان کو کھائے جاتا ہے مولانا

Marfat.com

محمد یعقوب صاحب کا ارشاد جداہی ڈراتا ہی گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل جب بے کہے نہ بنی تو قلم کو روک روک کر کچھ مختصر مختصر ایکبار عرض کردینا مناسب جانا اور جی مین یہ ٹھانا کہ ہرچہ بادا باد پھر قلم نہ اُٹھانا کہین دلائل کہین بے دلیل ایکبار تو اپنے مافی الضمیر کو لکھکر روانہ کر آگے اگر سید صاحب نے انصاف فرمایا تو پھر بھی دیکھا جائیگا ورنہ اپنے حق مین کوئی جابر نہین جو مجبوری کا اندیشہ ہو بہرحال بترتیب اصول مسطورۂ سید صاحب یہ معروضات معروض ہین۔ اوّل واقعی خدا واحد ذوالجلال ازلی و ابدی خالق و صانع تمام کائنات کا ہی فاعل ہون یا افعال اور افعال بھی اختیاری ہون یا اضطراری اور یہی وجہ ہے کہ خداوندِ لایزال کو مالکِ کائنات اور کائنات کو اسکا مملوک سمجھنا چاہیئے کیونکہ اسبابِ انتقالِ ملک اگرچہ متعدد ہون پر علتِ حدوثِ ملک فقط قبضہ ہے جو خالق مین بوجہ اتم پایا جاتا ہے کون نہین جانتا کہ وجودِ ممکنات مستعار و عرضی ہے جسکے لئے معطی اور موصوف بالذات وہی موجودِ برحق ہے اور ظاہر ہے کہ صفاتِ عرضیہ عین حالتِ عروض مین موصوف بالذات ہی کے قبضہ مین رہتی ہین نکل نہین جاتین دیکھ لیجئے وقت تنویرِ ارض بھی نورِ آفتاب ہی کے قبضہ مین رہتا ہی نکل نہین جاتا اسلئے تمام کائنات پر ہر قسم کے حکم احکام کا اختیار رکھتا ہی کسی دوسرے کے ملک کی ہوتی تو البتہ اُسکی اجازت جنابِ باری کے لئے ایک پیمانۂ تصرف ہو سکتا تھا باقی رہا حسن و قبح کا جھگڑا اُسکا مبنی اگر اسی حکم پر ہے تب تو خیر ہر حکم حسن ہے ورنہ مراعاتِ حسن و قبح دربارۂ امر و نہی بوجہ مجبوری نہین بوجہ حکمت و فضل ہے۔

دوسرے کلام خداوندی اور کلام نبوی صلی اللہ علیہ وسلم جیسے مخالف حقیقت اور مخالف واقع نہین ہو سکتا ایسی ہی حقیقت اور واقع کے دریافت کرنیکی صورت اس سے بہتر کوئی نہین کہ خدا تعالےٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کی طرف رجوع کیا جائے سو اگر کوئی طریقہ دربارۂ اخبارِ واقع و حقیقت مخالف کلام اللہ اور احادیثِ صحیحہ ہو تو کلام اللہ اور احادیث کے وسیلہ سے اُسکی تغلیط کر سکینگے پر کلام اللہ اور احادیث کی تغلیط اُس طریقہ کے بھروسے نہین کر سکتے اس صورت مین اگر اشارۂ عقل معارضِ اشارۂ نقل ہو تو ہرگز قابلِ اعتبار نہین غرض عقل کی بات یہ ہے کہ کلام اللہ اور احادیثِ صحیحہ نمونۂ صحت اور سقمِ دلائلِ عقلیہ سمجھے جائیں

Marfat.com

نہ برعکس علی ہذالقیاس مضمونِ متبادرِ کلام اللہ وحدیث کو جو باعتبار قواعد صرف ونحو بدلالت
مطابقی سمجھے جاتے ہون اصل مقرر کرکے دلائلِ عقلیہ کو اُسپر مطابق کرین اگر کھینچ کھینچا کر بھی مطابق
آجائے تو فبہا ورنہ قصورِ عقل سمجھین یہ نہو کہ اپنے خیالات واوہام کو اصل سمجھین اور کلام اللہ وحدیث
کو کھینچ تان کر اُسپر مطابق کرین + سیوم اسمین بھی کچھ شک نہین کہ قرآن مجید کا کوئی کلمہ خلاف واقع
نہین مگر اسمین بھی کچھ شک نہین کہ اس کبرے کلیہ کے لئے کوئی صغرے جزئیہ بوسیلۂ عقل دریافت
کرلینا ہمسے ہیچمدانون کا تو کیا حوصلہ۔ جناب سید صاحب اور مولوی مہدیعلیخان صاحب کا بھی کام نہین
یعنی بوسیلۂ عقل یون نہین کہہ سکتے کہ ہذا حقیقۃً او. واقع اور کہین تو تاوقتیکہ کلام اللہ کے معنے
متبادر مطابقی کے مطابق ہے تو بر سروچشم ورنہ کالا زبون برِیشِ خاوند مگر یہ یاد رہے کہ معنی مطابقی
سے زیادہ لینے کی اجازت نہین ہان اگر کوئی اور دلیلِ نقلی یا عقلی سے ایسی بات ثابت ہوجائے جو
معنی مطابقی کے مخالف نہین تو کچھ مضائقہ نہین۔ غرض جاءنے زید سے زید کا فقط آنا ثابت ہوگا۔
سوار ہونے یا پیادہ آنے سے سروکار نہین + چہارم۔ واقعی مخالفِ کلام اللہ نہ کسی محدث کا قول معتبر
ہے نہ کسی مفسر کا بلکہ خود حدیث اگر مخالفِ کلام اللہ ہو تو موضوع سمجھی جائیگی مگر تخالف اور توافق کا سمجھنا
ہم جیسونکا کام نہین اسکے لئے تین علمونکی ضرورت ہے۔ ایک تو علمِ یقینیِ معانیِ قرآنی دوسرے علمِ
یقینیِ معانیِ قولِ مخالف تیسرے علمِ یقینیِ اختلاف جسکو یہ منصب خدا عطا کرے اُسکے بڑے نصیب
اور جاہل اور نیم ملا اس بات مین ٹانگ اڑانے لگین تو انکا یہ دخل بیجا ایسا ہی ہوگا جیسے کسی طبیب حاذق
کی بات مین کسی نادان یا کسی نیم طبیب کا دخل سو جیسے طبیبِ حاذق سے بوجہِ خطا ونسیان
ذاتی مخالفتِ قوانینِ طب کسی خاص واقع مین ممکن ہے پر ادیہ بر گرفت کرنا مریض نادان یا نیم طبیب کا
کام نہین ایسے ہی محدث اور مفسر سے مخالفتِ غرضِ قرآنی بوجہِ خطا ونسیان ممکن ہے پر ہمسے جاہل یا ہمسے
نیم ملا کا یہ منصب نہین کہ ہم بھی اُسکو دریافت کرسکین یا درباب صحتِ تخالف ہمارا قول معتبر ہوسکے
ہان البتہ یہ بات ممکن ہے کہ دو تفسیرین سنکر بشہادتِ وجدان ایک کو راجح دوسرے کو مرجوح سمجھ لین
اسلیے کہ بات کا نکالنا مشکل ہے پر بتلائی پر سمجھ لینا آسان ہے بہرحال ہر کارے وہر مردے مخالفت

Marfat.com

کا سمجھ لینا ہر کسیکا کام نہین ہے اور بعد اطلاع مخالفت جب اکابر کے اقوال قابل قبول نہوے تو ہمارے
تمہارے یا سید صاحب کے اقوال اگر مخالف کلام اللہ یا حدیث ہونگے تو بدرجۂ اولے مقبول نہونگے +
پنجم - کسی آیت کا منسوخ الحکم ہوکر دفتین سے خارج ہوجانا وجوب عمل قرآنی مین کچھ خارج نہین ہاگر ہمکو
کسی آیت معلومہ کا منسوخ التلاوہ ہوجانا معلوم ہوجائے تو ہرگز بحق احکام واجبہ مین کچھ فرق نہین پڑتا ہان
درصورتیکہ آیتِ خارجہ معلوم التشخص والحکم نہو تو البتہ پھر یہ احتمال ہے کہ شاید وہ حکم ناسخ ہو اور کوئی حکم احکام
موجودہ مین سے منسوخ یا برعکس کہیے اسصورت مین واجب او رغیر واجب کا پہچاننا حد بشر سے خارج ہوجائیگا
اور دربارۂ شناخت حق و باطل اس زمانہ کو زمانۂ جاہلیت پر چندان تفوق نہوگا + ششم - خداوند کریم بالذات
مطاع ہے اور انبیا بوجۂ رسالت اور علما بوجہِ تبلیغِ رسالت غرض خدا کو بمنزلۂ بادشاہ سب کا فہم سمجھو
اور انبیا کو بمنزلۂ وزراء یا نواب جنکی حکومت مستقل نہین ہوتی بلکہ عطار بادشاہی او مستعار ہوتی ہے
جب چاہے چھین لیے اور حکام ماتحت جو زیر حکم وزرا و نواب ہوا کرتے ہین وہ اور بھی نیچے کے درجہ مین ہوتے ہین
کیونکہ وہ انہین وزرا اور نواب کے نائب ہوکر حکمرانی کیا کرتے ہین بہر حال بعد خدا بالذات مطاع و حاکم
کوئی نہین ان الحکم الا للہ مگر ہان اتنا فرق ہے کہ انبیا کا مطاع ہونا اگرچہ بالعرض کیون نہو بوجہ تیقن رسالت یقینی
ہوتا ہے اور پھر بوجہ معصومیت احتمالِ دغل فصل نہین ہوتا فقط ایک ثبوت کی ضرورت ہوتی ہے اور علما و اولیا
کی اول تو اس عہدۂ نیابت مین کلام یعنی اُنکا عالم اور مستحقِ نیابت ہونا یقیناً معلوم نہین ہوتا دوسرے اگر انکی نیابت
معلوم بھی ہوجاوے یعنی یہ یقین بھی ہوجائے کہ یہ اس مرتبہ کے عالم ہین تو اسمین کلام رہتی ہے کہ یہ قول و فعل
بوجہ ہوا و ہوس یا نسیان و خطا تو صادر نہین ہوا ہان اس قسم کے خیالات البتہ ظنی ہوسکتے ہین یعنی جیسے کوئی
آثار کسیکا شجاع ہونا یا نامرد ہونا یا سخی ہونا یا بخیل ہونا یا صادق یا کاذب ہونا یا خوش اخلاق بداخلاق ہونا
یا دوست دشمن ہونا یا متقی فاسق ہونا یا مومن کافر ہونا معلوم ہوجاتا ہے اور وہ علم موافق قواعدِ معلومہ ظنی ہوتا ہے
ایسا ہی کامل العلم یا ناقص العلم ہونا یا تابع رضاءِ خدا یا تابعِ ہوا و ہوس ہونا بھی چھپا نہین رہتا اور
اسباب مین ویسا ہی یقین حاصل ہوجاتا ہے جیسا امور مذکورہ مین مگر چونکہ اہل علم اسکو یقین نہین کہتے ہے
بلکہ اس یقینِ عوام کا نام اُنکے نزدیک ظن ہے تو احکامِ ظن اُسپر عارض ہونگے مگر ہم دیکھتے ہین کہ

Marfat.com

کم سے کم وجوب کے لیئے ظن ضرور ہے تا مرتبۂ شک ایجابِ حکم متصور نہین اور جب مرتبۂ شک سے ترقی حاصل ہو یعنی ظن پیدا ہو جائے تو پھر وجوب آ دبا تا ہی یہی وجہ ہی کہ قاضی دو گواہ عادل سنکر اگر حکم مخالفِ مدعی دی تو گنہگار ہو علی ہذ القیاس مخالفتِ حدیثِ واحد بشرطِ صحت موجبِ فسق ہی اگر در صورتِ ظن وجوب نہوا کرتا تو اس گنہگاری اور فسق کی کوئی وجہ نتھی اور ظاہر ہے کہ قاضی کو دو گواہونسے یا سامع کو حدیث واحد سے یقین مصطلح حاصل نہین ہو سکتا ہان غلبہ ظن کہیئے تو بجا ہی مگر ظن اگر موجب مراعات ہی اور سرمایہ وجوب ہی تو جہان دینیات مین دو قول مختلف ہون اور ایک کی طرف ظن غالب ہو تو بموفق قاعدہ مذکورہ جسپر قواعدِ شرعیہ بھی مبنی ہین اور عقل بھی شاہد ہے وہی وجوب عائد ہو گا ہان اختلاف ظنون ممکن ہی ہو سکتا ہی کہ کسیکو ایجاب کی جانب ظن ہو کسیکو سلب کیجانب بہر حال یہ کہدینا کہ کسیکا قول و فعل بلا سند قابل تسلیم نہین ہاز روئے بیان بالا قابلِ تسلیم نہین اور کیونکر علی الاطلاق ایسی بات کہدیجے نہ تو کہنے والے کو اس بات کی گنجایش کہ اگر کسیکا قول و فعل بلا سند معلوم قابلِ تسلیم نہین تو راویونکا یہ کہنا کہ یہ روایت قولِ خداوندی ہے یا قولِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کیونکہ قابلِ تسلیم ہو سکتا ہی اگر وجہ صداقت ظنِ صحت اور حسنِ ظن ہی تو فقہاء اور علماء نے کیا گناہ کیا ہے اُنکے ساتھ بھی حسن ظن چاہیئے اگر اُنکے قول کے لئے ہمکو سند معلوم نہین تو در بابِ وجودِ ماخذِ قولِ مذکور فقہاء اور علماء ربانی راویانِ حدیث سے استحقاق حسن ظن مین کم نہین غرض فقہاء در بابِ اقوالِ متخرجہ دو منصب رکھتے ہین ایک تو یہی منصبِ استخراج و استنباط دوسرے منصب روایت یعنی یہ کہنا کہ اس حکم کے لیئے کوئی ماخذ ہے کیونکہ یہ منصبِ ثانی اگر اُنکے لئے تجویز نکیا جائے تو یہ معنی ہون کہ یہ لوگ کذاب اور دروغ گو تھے سو باوجودِ آثارِ صدق و دیانت اگر کسی کو کذاب کہنا جائز ہے تو راویانِ حدیث صحیح کے کذاب کہدینے سے کون مانع ہی بالجملہ فقہاء علماء ربانیین کو در بابِ ماخذ اگر راوی نہ سمجھا جائیگا تو پھر دین کے لیئے کوئی حجت ہی نملیگی ہان یہ بات مسلم کہ منصبِ اول مین گنجایش تاویل ہی اسلیے احتمالِ ثانی بھی رہتا ہے جسکے باعث یہ دوسرا ظن یہان پیدا ہو گیا ہی اور اسوجہ سے وجوبِ متعلقِ احکامِ متخرجۂ فقہاء مسلمین وجوبِ متعلقِ احکامِ منصوصہ سے رتبہ مین کم ہو گا مگر

Marfat.com

یہ کمی ایسی ہی ہوگی جیسے نماز کی فرضیت اور روزہ کی فرضیت مین تفاوت کمی بیشی ہے اسلیئے یہ کہنا تو
غلط کہ قابلِ تسلیم نہین ہان یہ بات مسلم کہ اُنکے انکار سے کفر عائد نہین ہوتا پر انکار تو حدیثِ واحد کا بھی موجب
کفر نہین اگر ہے تو موجبِ فسق ہے سو وہی فسق یہان بھی لازم آئیگا بہت نہین تھوڑا ہی سہی علی ہذا القیاس
یہ کہنا کہ دوسرے کی قول کو قابلِ تسلیم سمجھنا شرک فی النبوۃ ہے علی الاطلاق درست نہین یہ بات جب ہے کہ کسی
دوسرے کو قطع نظر اتباعِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ایسا سمجھے کہ اُسکا قول و فعل بہر نہج واجب الاتباع ہے سو
اس قسم کا معاملہ اگر کوئی شخص کسیکے ساتھ کرے جیسا تابعانِ رسومِ آبا بمقابلہ سُننِ مرسلین باوجود یقین
ثبوتِ سنت و یقینِ بے سندی رسوم آبا کیا کرتے ہین وہ شخص بے شک مصداق شرک فی النبوۃ ہے اگر اپنے
آبا کے ساتھ اُنکو بھی عقیدہ ہے جو انبیا علیہم السلام کے ساتھ اُنکے پیروؤنکو ہونی چاہیئے تب تو وہ لوگ مشرک
حقیقی اور کافر تحقیقی ہین ورنہ خوفِ تشنیعِ ابنا روزگار اگر فقط باعثِ اتباعِ رسوم ہے تو اسصورت مین ایک ضعیف سا
ایمان اس شرط پر متصور ہے کہ انبیاءِ وقت کے ساتھ اعتقاد کما ینبغی رکھتا ہو بہر حال اگر قائل قول و فاعلِ
فعل مستحقِ حسنِ ظن دربابِ کمالِ علم و دیانت و امانت ہے اور اس امر مین اُسکے آثار ایسکے ان معدودن
کمالو نپر ایسی طرح شاہد ہون جیسے دلاوران مشہور یا اسخیاء معروف کے آثار اُنکی شجاعت و سخاوت پر
شاہد تھی پھر تسپر اُنکی طرف سے اُس فعل و قول کی نسبت صراحۃً یا اشارۃً یہ دعوی بھی ہو کہ یہ حکم خدا تعالی
یا سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور اسطرف دربابِ علم یہ منصب نہو کہ مسائلِ دینیہ مین یہ پہچان
سکین کہ اس موضوع و محمول مین باہم ارتباط ذاتی ہے یعنی موضوع محمول کے حق مین علت اور
ملزوم ہے اور محمول اُسکی حق مین معلول اور لازم ذات یا عرضی ہے یعنے ایک دوسرے کیلئے علت
و معلول و لازم ذات و ملزوم نہین تو اس صورت مین قول و فعلِ مذکور اس شخص کے حق مین قابلِ
تسلیم ہے بلکہ اگر اس شخص کو اور ونکی نسبت اُس قائل و فاعل کے ساتھ زیادہ ظن غالب ہو تو
بے شک بتوافقِ قواعدِ مشار الیہا واجب التسلیم ہوگا کیونکہ ہر شخص دربابِ دین اپنی ظنِ غالب
کا کم سے کم محکوم ہے لیکن اتنا اور ملحوظ رکھنا چاہیئے کہ منصب مذکور کے حاصل ہونے سے
پہلے خود رائی ایسی ہے جیسے اندھا بے کسیکی ہدایت کی رہروی اختیار کرے فقط عربی ترجمہ کر لینے

یہہ بات حاصل نہین ہو جاتی اگر کوئی شخص عربی دان حافظِ کلام اللہ وحدیث بھی ہو تو گیا ہے
اندھا تسبیح کے ہاتھ مین لے لینے سے سوجھا نہین ہو جاتا اور پنساری دواؤن کے جان لینے سے
طبیب نہین بن جاتا باقی تفاوتِ واقع فیما بینِ انبیار اور علمارِ کرام مسلم مگر یہ تفاوت قادحِ وجوب
مذکور نہین ورنہ وہ تفاوت جو خدا یتعالے اور انبیا علیہم السلام مین واقع ہی اس تفاوت سے زیادہ
ہی جو پیغمبرون اور انکی امیتون مین ہوتا ہی سو اگر محض تفاوت موجبِ سقوطِ اعتبار ہی تو یہ بات تو دور
تک پہنچتی ہی او اگر اضافتِ خداوندی یعنی یہ بات کہ اقوالِ انبیارِ کرام در پردہ فرمودۂ خدا یتعالے
ہوتے ہین موجبِ وجوبِ اتباع ہی تو یہان بھی یہ اضافت اپنا کام کریگی ہان یہ مسلم کہ وہان علم
اضافت یقینی اور یہان بوجہ احتمالِ خطا وغیرہ ظنی اسلئے تفاوت فی الوجوب پیدا ہوگا پر ترک
فی النبوۃ کو اس سے کچھ علاقہ نہین + ہفتم - یہ بات مسلم کہ اطاعتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
دین مین ضرور ہی لیکن اگر احکامِ دین اقوالِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی نام ہو تو پھر معلوم نہین
کہ اس تفریق کے کیا معنے ہونگے کہ دربابِ اتباعِ دین تو ہم مجبور ہین پر دربابِ امورِ دنیاوی مجاز ہان
یون کہیے کہ ایک امر ہوتا ہے اور ایک مشورہ امر اگر ایجاب کے لیے ہی تو اتباع واجب ہی اور استحباب
کے لئے ہے تو مستحب اور مشورہ مین رسول اللہ صلعم ہون یا اور کوئی واجب الاتباع کوئی نہین بلکہ خدا کیطرف
سے اتباعِ مشورۂ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مین امرِ استحبابی تک نہین لیکن ظاہر ہے کہ افعالِ اختیاری
پر دو ثمرہ متفرع ہو سکتے ہین منفعت ومضرتِ دنیوی یا منفعت ومضرتِ اخروی سو بیانِ منافع ومضارِ
دنیوی ہین تو البتہ گنجایشِ مشورۂ مذکور ہی پر دربارہ منافع ومضارِ اخروی انبیار کو مشیر سمجھنا ترکِ فی النبوۃ
کی بنار کو مستحکم کرنا ہے یا انبیارِ کرام علیہم السلام کو مثلِ عوام سمجھنا اگر بنارِ مشورہ وحی پر ہوا کرے تو
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو حکم ہوا وشاورہم فی الامر اور اس وجہ سے ہمیشہ ہمیشہ کیلیے
مشورہ سنت ہو گیا تو اسکے یہ معنے ہون کہ آپ خاتم النبیین نہین اور اگر مشورہ محض رائے پر
موقوف ہو تو یون کہو کہ انبیا کرام بھی مثلِ عوام اٹکل ہی کے تیر مارا کرتے ہین بالجملہ منافع و
مضارِ دنیوی ہین انبیار مشیر ہو سکتے ہین پر اسکو عرضِ رائے کہیے امر نہین کہہ سکتے جو یہ تفریق

Marfat.com

بجائے خود مستحسن ہو اس صورت مین ماحصل اس تقریر کا یہ ہوگا کہ ایجادِ طریقِ آخرت تو انبیاء کا کام ہی اور ایجادِ طریقِ فلاحِ دنیا اُنکا کام نہین پر بعض طرقِ فلاحِ دنیا معارضِ طرقِ فلاحِ آخرت ہوتی ہین اور بعض موافق اور بعض ناموافق ہوتی ہین نہ معارض سو جو طرق معارض ہون جیسے چوری قزاقی غصب زنا دہ تو بوجہ مخالفت ممنوع ہوتے ہین اور جو طرق موافق ہوتے ہین جیسے قرآن خوانی یا وعظ گوئی پر لینا بایں وجہ ممنوع ہو جاتے ہین کہ غلام سرکاری ہوکر کار سرکاری ہی پر اجرت مانگتے ہین اور جو طرق نہ موافق ہین نہ معارض اُنکو ذریعہ فلاح دنیا اگر قرار دین تو بجا ہے ان طرق مین ہمیشہ یہ ملحوظ رہیگا کہ طرق فلاح آخرت کی معارض نہو جائین چنانچہ بیوع و اجارات کا فساد و بطلان سب اسی پر مبنی ہی سو اس قسم کی ایجاد یا اُسکی ترقی و تنزل مین انبیا اگر دخل دیتے ہین تو بطور مشورہ بتقاضاء خیرخواہی دخل دیتے ہین خدا کی طرف سے اس مشورہ کی تسلیم مین ہرگز کچھ خواستگاری نہین اور مقدمہ تابیر نخل مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انصار کو انتم اعلم بامور دنیاکم فرمانا اسی وجہ سے تھا کہ آپ اس فن کے امام نہ تھے خدا کیطرف سے اس مقدمہ مین پیغمبر نتھے بہرحال امر نبوی صلی اللہ علیہ وسلم جس امر مین ہو واجب الاتباع یا مستحب الاتباع ہوگا ہان مشورہ نہ واجب الاتباع ہی نہ مستحب الاتباع البتہ مقتضاء حسنِ ادب یہ ہی کہ آپکے مشورہ کو بھی اورون کے مشورہ پر مقدم جانے کہ اول تو مشورہ مین لحاظ کمالِ عقل ہی پر ہوتا ہے فقط تجربہ کاری پر نہین ہوتا سو اس کمال مین ظاہر ہی کہ انبیا کیسے کامل ہوتے ہین دوسرے اتباع کسی مقدمہ مین کیون نہو موجب خوشنودیِ خاطرِ متبوع ہوتا ہی اور ظاہر ہے کہ خوشنودیِ خاطرِ انبیاءِ کرام کیا کچھ مثمرِ برکات ہوسکتی ہی کم سے کم ایک دعا ہی سہی سو امور خارجی و عارضی کے باعث ایسے مواقع مین بھی استحباب عرضی آجاتا ہی۔ ہشتم۔ احکام منصوصہ کے یقینی اور اجتہادی کے ظنی ہونے مین کسی کلام ہو سکتی ہی اگر ہوگی تو اس امر مین ہوگی کہ کونسا منصوص ہے کونسا نہین اور کونسا اجتہادی ہی کونسا نہین اور اسواسطے یہ مین عرض کرتا ہون کہ بسا اوقات اکثر آدمی بوجہ قلتِ تفکر بعض امور کو منصوص سمجھ جاتے ہین حالانکہ وہ منصوص نہین ہوتی اور تو اور حضرت موسیٰ علیہ السلام یون سمجھ گئے کہ حضرت خضر علیہ السلام نے جنکی شان مین خداوند کریم آتیناہ رحمۃ من عندنا وعلمناہ من لدنا علماً فرماتے ہین کشتیِ مساکین کو ظلماً توڑ ڈالا اور طفل

Marfat.com

نابالغ کو بیگناہ قتل کر ڈالا یہ کلام اللہ مین موجود ہی آیات آخر رکوع یعنی اما السفینۃ سے لیکر آخر رکوع تک سے قطع نظر کیجئے تو ابناء روزگار سے پوچھ دیکھئے یہی کہینگے کہ حضرت خضر کا قاتل طفل بیگناہ اور خارق سفینہ ظلماً ہونا منصوص ہے غرض اکثر یہ ہوتا ہے کہ معنی حقیقی موضوع سے زیادہ بوجہ خیالات طبعزاد جو الف و عادت پر مبنی ہوتے ہین اور معانی زائد لگا لیتے ہین اور خود انکو یہ تمیز نہین ہوتی کہ یہ ایجاد اپنی طبع کا ہی ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نہین اکثر ابناء روزگار بلکہ کل اسی قسم کے نظر آتے ہین آخر ہر کسیکے کلام اُسکے مبلغ فہم پر دلالت کر دیتی ہے مگر آجکل اکثر عالم کہ بوجہ انصاف وہ عالم نہین نیم ملا ہین اپنے آپ کو عالم فن دین کچھ ایسا سمجھ جاتے ہین جیسے بندر نے نیل کے ماٹ مین گر کر اپنے آپکو طاوس سمجھ لیا تھا انصاف کی بات جسکو اہل فہم خواہ مخواہ مان جائین یہ ہے کہ علم کے تین مرتبہ ہین ایک وہ جسکی طرف جملہ یتلو علیہم آیاتہ دلالت کرتا ہی اسکا ماحصل تو فقط اتنا ہی کہ عربی مین زبان دانی حاصل ہو جائے دوسرا وہ مرتبہ جسکی طرف یعلمہم الکتاب مشیر ہے اس مرتبہ کی حقیقت یہ ہی کہ مجملات کلام اللہ کو شخص سمجھ جائے تفصیل اس اجمال کی بقدر مناسب یہ ہی کہ مفہومات کلیہ کے لئے ہزارہا تشخص محتمل ہوتے ہین مثلاً انسان ایک مفہوم کلی ہے اور زید عمرو بکر کی خصوصیات زائدہ اُسکی تشخصات سو کلام اللہ مین اگر کوئی مفہوم کلی مصرح مذکور ہو اور اُسکا تشخص و تعین مصرح تو مذکور نہو پر سیاق و سباق اور لواحق و توابع کے وسیلہ سے بشرط رسائی فہم معلوم ہو سکتا ہو تو جو شخص اس بات کو بتلائے وہ معلم کتاب کہلائیگا الذین امنوا ولم یلبسوا ایمانہم بظلم مین لفظ ظلم ایک مفہوم کلی پر دلالت کرتا ہے جسکے لئے صغیرہ اور کبیرہ اور شرک بدعت افراد ہین مصرح اگر موجود ہے تو وہی مفہوم کلی موجود ہے اور تعیین شرک مصرح موجود نہین ہان لفظ لبس بوسیلہ ان الشرک لظلم عظیم اوسکی جانب مشیر ہے علی ہذا القیاس آیت وضو مین جر ارجل کی قرارت کی صورت مین مسح ارجل تو عطف علی الروس کی صورت مین مصرح ہی اور اسکے ساتھ غسل قدم کا کچھ ذکر نہین پر غسل بھی اسکے ایک افراد مین سے ہی کیونکہ ہاتھ کا پھیرنا سوکھا ہو جب مسح ہی اور تر ہو جب مسح ہی غسل کے ساتھ ہو جب مسح ہی اور فقط رطوبت قائمہ بالید کے ساتھ ہو جب مسح ہے +

غرض ایک مضمونِ کلی ہی جسکے افرادِ کثیرہ اور تشخصاتِ متعددہ متصور ہین جن مین سے تصریح ایک
کی بھی نہین فقط ہی تو اُس مضمونِ کلی ہی کی تصریح ہے ہان قیدِ الی الکعبین کو دیکھئے تو باعانت بار
استعانت فہم رسا ہو تو غسل ہی لازم آجاتا ہی علی ہذالقیاس باعانتِ بارِ استعانت موضوع لہ راس
کو بہ تدبیر لحاظ کیجئے تو تعلقِ ربعِ راس نکل آتا ہے ہان راس کو کرہ حقیقی اور پانیکو سطح مستوی یا کرہ
حقیقی رکھئے تو پھر مسح بال دو بال ہی کا فقط ثابت ہوگا بہر حال لفظ ظلم سے تمام گناہون کو
مصرح سمجھ لینا اور لفظ راس سے تمام راس کو مصرح سمجھ لینا اور منصوص خیال کرنا ایک سینہ زوری
ہی اور کچھ نہین تیسرا مرتبہ علم مین وہ ہی جو جملہ یعلمہم الکتاب والحکمۃ سے لفظ حکمت کے وسیلہ سے
سمجھ مین آتا ہے تحقیق اس مرتبہ کی یہ ہے کہ ہر حکم کے لئے ایک علت ہی اور ہر وصف کے لئے
ایک موصوف حقیقی ہوتا ہی مثلاً مطاع ہونے کے لئے کمال و جمال و مالکیتِ نفع و ضرر علتِ حقیقی اور
موصوفِ حقیقی اور محکوم علیہ حقیقی ہین اور وہ اُسکے لئے معلولِ حقیقی اور وصفِ حقیقی اور محکوم بہ
حقیقی اور نسبتِ فیما بین نسبتِ حقیقی علی ہذالقیاس ایک موصوف عرضی ہوتا ہی جیسے وصف رسالت
یا خلافت اور اولو الامری مطاعیت کیلئے موصوفِ عرضی اور علتِ عرضی اور محکوم علیہ عرضی ہی اور نسبت
فیما بین نسبتِ عرضی اور مجازی ہی یا یون کہئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مال مین میراث جاری
نہونی اور آپکے ازواج کے نکاح کی حرمت کی علت اورون کے ساتھ آپکی حیات جسمانی ہی جو آپ کی
موت عرضی کے تلے دبکر افاضۂ حس و حرکت سے ایسی طرح معذور ہوگئی ہی جیسے چراغ روشن کسی ہنڈیا
مین بند ہوکر مکان مین افاضۂ نور سے معطل ہوجاتا ہے یہ نہین کہ جیسے ہماری تمہاری حیاتِ جسمانی جس سے جسم پر
روح کا قبض و تصرف تھا موت کے آنیسے اسیطرح زائل ہوجاتی ہی جیسے سایہ آنیسے پر دھوپ آپ کی حیات بھی موت کے آنیسے زائل
ہوجاتی ہی باقی یہ جو سلام علیکم یا اہل القبور سے ایک نوع کی تعلقِ روح و جسد کا پتا لگتا ہی جس سے اشتباہِ حیات پیدا ہوتا ہے
تو اُسکو اول تو ایسا سمجھئے جیسا بوسیلۂ تار برقی بمبئی یا کلکتہ یا لندن کی خبر میرٹھ یا بنارس
مین آجائے ایسے ہی یہان بھی سمجھئے دوسرے اگر کچھ تعلق ایسا رہا بھی جیسا کسی جلا وطن
کو اپنے وطنِ اصلی کے ساتھ تو گو اتنا تعلق موجبِ اطلاعِ بعضِ احوالِ متعلقۂ جسد ایسی طرح

Marfat.com

ہو جاوے جیسا تعلقِ خاطرِ مرغِ آوارہ - لسا اوقات بہ نسبت اور بلاد کے احوالِ متعلقہ وطنِ متروک کے
زیادہ اطلاع کا باعث ہو جایا کرتا ہی پر اتنی بات سے قبض و تصرف نہین نکلتا جو شاہد حیات ہو
علی ہذا القیاس یہ نہین کہ مثلِ شہدا ایک بدن سے تعلق چھوٹ کر دوسرے بدن سے تعلق پیدا ہو گیا
ہو جسکے بھروسے یون کہا جاوے جبکہ بدنِ اول سے تعلق ہی نرہا تو اُسکے متعلقات یعنی ازواج و
اموال سے کیا تعلق رہیگا جو مانعِ میراث اور انقطاعِ نکاح ہو اسی طرح اور بہت سی نظیرین ہین
جنکو بے کہے اہلِ دانش سمجھ جائینگے غرض موصوفِ حقیقی اور علتِ حقیقی کو دمنیات مین علتِ مجازی
اور موصوفِ مجازی سے پہچان لینا وہ حکمت ہی جسکی طرف آیت مذکور مین اشارہ ہی اور جسکی
تعریف مین یہ ارشاد ہوا ہی ومن یوت الحکمۃ فقد اوتی خیرا کثیرا سو مرتبہ حکمت پر اجتہاد کی اجازت ہی
بشرطیکہ قرآن و حدیث پر بخوبی نظر ہو اور ناسخ و منسوخ و ضعیف و قوی کو پہچانتا ہو اور مرتبہ
علمِ کتاب مین اگرچہ اجازۃ اجتہاد و استنباطِ احکام غیر منصوصہ نہین ہو سکتے پر فقط احکام
منصوصہ اور مضامینِ مندرجہ قرآنی مین خود رائی اور خود بینی کی اجازت ہی چنانچہ بدیہی ہے بعد
اسکے اگر حکیمِ امت یا عالمِ کتاب سے کوئی خطا ہو جائے تو وہ ایسی سمجھنی چاہئے جیسے اسپِ تیز گام
باوجودِ سلامتِ اعضا و قوتِ رفتار ذرا سی غفلت مین ٹھوکر کھا کر گر پڑتا ہی اس ٹھوکر کھا کر گر پڑنے کو
اسپِ لاغر و لنگ کے گرنے پر قیاس کر کے جیسے سواری موقوف نہین کر دیتے ایسے ہی حکیمِ امت و
عالمِ کتاب کو بوجہ غلطی جو بمقتضائے بشری بوجہ غفلت ہو جاتی ہی خود رائی اور اجتہاد سے روک دینا نا سزا
ہی انکی غلطی اس امر مین مثلِ غلطی عوام سمجھی جائیگی باقی رہا وہ مرتبہ جو جملہ تیلو علیہم آیاتہ سے مستفاد ہی بادی النظر
مین اگرچہ از قسمِ علوم ہی پر حقیقت مین یہ مرتبہ اُن علماءِ ربانی کا مرتبہ نہین جو کسیکے پیرو نہوا
کرین ورنہ جملہ یعلمہم الکتاب بیکار تھا ہان حافظِ علوم کہئے تو بجا ہے بہر حال ایسے لوگون کو
اورونکا اتباع ضرور ہی عالم بن بیٹھنا اور لوگون کی پیشوائی جائز نہین آپ بھی گمراہ ہونگے اور ون
کو بھی گمراہ کرینگے - پیشوایانِ فرقہائے باطلہ سب اسی مرتبہ کے لوگ تھے جنہون نے بوجہ
اولوالعزمی اپنے فہم کے موافق اورون سے اپنا کام لیا - فہم - انسان کا خارج از طاقتِ انسانی

Marfat.com

مکلف نہو سکنا اور ہے اور نہونا اور اس مین کچھ کلام نہین کہ انسان خارج از طاقت انسانی مکلف نہین مگر اس کے ساتھ یہ بھی غضب ہے کہ ایمان اور احکام موجب نجات عقل انسانی سے خارج نہین پیرجی صاحب غور کا مقام ہی تکلیف ما لا یطاق کے نہونے کی علت فقط یہ ہی کہ تکلیف سے غرض اعمال مکلف بہا ہوتے ہین تکلیف خود مقصود بالذات نہین ہوتی جو یون کہا جائے کہ خدا اپنی بات اور اپنے کام کر چکے بلا سے بندون سے اُسکی تعمیل ہو کہ نہو سو اتنی بات اگر ہو تو ہم بھی کہتے ہین کہ قطع نظر عمل سے ایسی تکلیف ممکن تو تھی ہی اگر خدا نے ایسا حکم بھیجدیا بھی تو کیا بُرا ہوا بلکہ مقصود بالذات عمل ہونا ہی نگر ظاہر ہے کہ عمل اگر محتاج ہی تو قوت عاملہ کا محتاج ہی قوت عاقلہ کا محتاج نہین جو اُسکی سر و مصلحت سے آگاہ نہونا مانع تکلیف ہوسکے البتہ علم عمل آتنا ضرور ہی آہ کیونکر کیجیے مع ہذا خارج از عقل ہونیکے اگر یہ معنی ہین کہ عامل کی عقل مین اُسکے اسرار اور مصالح اور منافع اور علل نہ آئین تو یہ تو اسرار غلط ہین اور اگر یہ معنی ہین کہ عقل اُسکے مخالف تجویز کرتی ہے تو اگرچہ اسکے امکان مین کلام نہین ہو سکتی خاصکر اُن لوگون کی مشرب کے موافق جو علت حسن و قبح امر و نہی کے سوا اور کسی صفت ذاتی احکام کو کہتے ہین لیکن واقع مین خدا کیطرف سے ایسا ہوتا نہین پر اتنا اور ملحوظ رکھنا چاہیئے کہ اس امر مین تمہاری ہماری عقلون کا اعتبار نہین وہ عقول جو بفحوائی فی قلوبهم مرض امراض روحانی کے باعث ایسی طرح فاسد ہو گئے ہون جیسے قوت ذائقہ بہ قانی ہرگز قابل اعتبار نہین اسکے اور اُن کے لئے اُنکی عقل چاہیئے۔ جنکے دل بفحوائے الا من اتی اللہ بقلب سلیم امراض روحانی سے ایسی طرح عافیت مین ہین جیسے مرض جسمانی یرقان وغیرہ سے بحالت صحت ہماری آنکھین اور زبانین بچی ہوئی ہوتی ہین +

دہم۔ افعال مامورہ کے فی نفسہ حسن ہونے کے معنے اور افعال ممنوعہ کے فی نفسہ قبیح ہونے کے معنی موافق معنے متبادر لفظ فی نفسہ اگر یہ ہین کہ حسن و قبح اُنکا ذاتی ہوتا

ہی تو یہ تو غلط صلوٰۃ وقت طلوع وغروب اور صوم عیدین اور صیام ایام تشریق بالیقین فی حدذاتہ
حسن ہی پر بوجہ اقتران وقت معلوم قبح عارض ہوگیا ہے علی ہذا القیاس قتال بنی آدم اور خدعہ
فی الحرب جسکی تسلیم سے معتقدان قرآن وحدیث کو چارہ نہین فی حدذاتہ قبیح ہے پر بوجہ اقتران
وانضمام اعلاء کلمۃ اللہ حسن عارض ہوجاتا ہی اور اگر یہ مطلب ہی کہ افعال ماموره مین کچھ نہ کچھ
حسن اور افعال ممنوعہ مین کچھ نہ کچھ قبح ہو کسی قسم کا سہی تو مسلم مگر اس صورت مین یہ بھی ماننا
پڑیگا کہ ہر قسم کے مامورات مین سے ایک چیز حسن لذاتہ ہی جسکے عروض سے اور امور قابلہ للحسن
حسن ہوجاتے ہین علی ہذا القیاس انواع ممنوعات مین ایک چیز قبیح لذاتہ ہوگی جسکے اقتران سے اور افعال
قبیح بالعرض ہوجاتے مین پھر اس صورت مین اسباب کی گنجایش نکلیگی کہ بعد زمانہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم اگر کسی چیز مین بوجہ اقتران مذکور حسن یا قبح عارض ہوجائے تو وہ بھی منجملہ
مامورات یا منہیات ہوجائیگی یہ جدی بات رہی کہ مامور ہوگی تو کس درجہ کے اور ممنوع ہوگی تو
کس درجہ کی مثال کی ضرورت ہے تو جمع قرآن اور تدوین کتب اور تنقیح حال رواۃ و مراتب
احادیث تواز قسم مامورات زمانہ آخر ہین اور منہیات مین عورتون کا مساجد مین آنا جانا علی ہذا القیاس
توپ بندوق کے استعمال اور اشغال صوفیہ کے اشتغال کو سمجھئے اسی طرح ہوسکتا ہی کہ ایک فعل
بوجہ اقتران مذکور کسی ملک یا ولایت مین مامور بہ یا منہی عنہ ہوجائے اور دوسرے مین نہو یا ہو
تو بدرجہ کمتر ہو بعد ازین یہ جو ارشاد ہی کہ انبیاء علیہم السلام حسن وقبح کے بتانے والے ہین
اگر اسکے یہ معنی ہین کہ انبیاء علیہم السلام بمنزلہ اطباء مبین ہین آمر وجابر و حاکم نہین تب تو
غلط ورنہ جزا وسزاء دنیوی کے پھر کیا معنی ہین یعنی افعال حسنہ یا قبیحہ کو اگر جزاء وسزاء
دنیوی ایسی لازم ہوتی جیسے لوازم ذات اپنے ملزومات کو تو یون بھی کہہ سکتے تھے کہ خودبخود
یہ قصہ ہو رہا ہے اور اگر یہ معنے ہین کہ مبین بھی ہین اور آمر وجابر بھی ہین تو مسلم پر اس
صورت مین امور منصوصہ کا حسن وقبح سمجھنا تو سب کو لازم ہوگا۔ پر غیر منصوصہ کو بوجہ اقتران
مذکور ہر کس و ناکس حسن وقبیح کہنے کا یا سمجھنے کا مجاز نہوگا۔ اسکے لئے اتنی عقل وفہم کی ضرورت

Marfat.com

ہوگی جتنی مرتبۂ حکمت کے لئے ضرورت ہے کیونکہ عروض و اقتران اور کیفیت و کمیت امور متعددہ کو
وہی شخص جان سکتا ہی جو نسبت حکمیہ حقیقیہ کو نسبت حکمیہ غیر حقیقیہ سے تمیز کر سکے +
**یازدہم** ۔ یون نہ کہیے کہ تمام احکام اسلام فطرۃ کے موافق ہین البتہ وہ احکام جو حسن لذاتہ
یا قبیح لذاتہ ہین اُنکی خوبی اور بُرائی طبعی ہی پر وہ احکام جن مین حسن و قبح عرضی ہوتا ہے بذات
خود ہر وقت مرغوب اور غیر مرغوب نہین ہوتے تا وقت عروض بالطبع یعنی بالفطرۃ تو نہین البتہ
بالعرض مرغوب و غیر مرغوب ہو جاتے ہین بعد زوال عروض وہ رغبت بالضرورت بدلجاتی ہی اگر بوجہ
شدت گرسنگی یا تشنگی جس مین ہلاکت کا اندیشہ ہو اغذیہ یا اشربہ محرمہ کا کھالینا یا پی لینا حسن یا مباح
ہو جاتا ہی تو تا دم مخمصہ ہی یہ بات رہتی ہی اُسکو اقتضاے طبعی اور فطری نہین کہہ سکتے مگر ہان
یون کہئے کہ تا دم عروض ہی فطری کہنا مراد ہی پھر بااینہمہ میری اور تمہاری فطرۃ کا ذکر نہین
کیونکہ اول تو یہان فطرۃ ہی مفقود فطرۃ اُس حالت کو کہنا چاہئے جو روح کے لئے بمنزلہ صحت جسمانی
ہو جو جسم کے لئے قبل عروض مرض ہوتی ہی اور بعد عروض مرض مفقود ہو جاتی ہی اور اگر صحت
جسمانی امراض جسمانی کی اوٹ مین آجاتی ہی مستور ہو جاتی ہی مفقود نہین ہوتی تب کیا ہو اس صورت
مین اگر فطرۃ بھی اسی طرح مستور ہوئی تو کیا ہوگا ہوا نہوا جب برابر ہے تو اُسکو لیکر کیا چاہیے ۔ یہی
وجہ ہے کہ کفار و فجار کو ایمان و تقوی ہمیشہ برا ہی معلوم ہوتا ہے بہر حال موافق اذا اسّر تک
جسنتک و سارتک سیئتک طاعتہ مین لذت اور معصیتہ مین تکلیف ہونے لگے تو البتہ ایسے اہل
قلوب کو ارباب فطرۃ کہہ سکتے ہین تسپر بھی سوا ے نبی کسیکا قلب دربارہ صحت و سقم قرآن
و احادیث کسوٹی نہین ہو سکتا ہان قرآن و احادیث صحیحہ البتہ کسیکی وجدان کے کھرے کھوٹے
بتانے کے لئے کسوٹی اور معیار ہین اگر وجدان اہل وجدان اُسپر مطابق آجائین تو ایسے لوگ
صحیح الوجدان ہین ورنہ یہ عدم تطابق دلیل فساد فطرۃ و وجدان سمجھا جائیگا قرآن و حدیث
اُس عدم تطابق کے باعث غلط نہ سمجھا جائیگا کیونکہ قلوب سلیم کو مثل اجسام صحیحہ ہر دم
مرض کا اندیشہ لگا ہوا ہی پر قرآن و حدیث صحیح کو مورد صحت و سقم باینطور نہین کہہ سکتے کہ

کبھی یہ صحیح ہو جاتے ہین کبھی غلط جو روایت صحیح ہی وہ ہمیشہ صحیح رہتی ہے جو غلط ہے ہمیشہ غلط سو ظاہر ہے کہ قرآن شریف و حدیث متواترہ مین تو یہ احتمال غلط ممکن ہے نہین رہی احادیث صحیحہ غیر متواترہ ہر چند احتمال غلطی اور مخالفت واقع انمین ممکن ہے کیونکہ انکی صحت حسب اصطلاح محدثین بمعنی مطابقتہ واقع نہین لیکن یہ ایسا ہی سمجھنا چاہیئے جیسا مرد صادق القول سے بوجہ غلط فہمی کسی بات مین غلط کہدینا سو جیسا یہ شاذ و نادر ہے مثل عروض امراض خصوصاً امراض روحانی کثیر الوقوع اور عسیر الزوال نہین جو درباره اعتبار معاملہ برعکس ہوجائے یا احتمال مساوات ہو بہر حال یہ قول کہ اگر یہ نہو تو اندھے کے حق مین ندیکھنا اور سُوجھا کے حقمین دیکھنا گناہ ٹھیر سکیگا اگرچہ اسجگہ بے موقع ہے کیونکہ استطاعتہ بصارة اور عدم استطاعتہ بصارة مین فطرة ہی نہ مطابق فطرة علی العموم ہرگز صحیح نہین ہان تاویل مذکور کے ساتھ کہیے تو بجا ہی +

**دوازدہم** - دوازدہم انسان کو ایک اختیار ادھر سے مستعار عطا ہوا ہی پر وہ اختیار انسانی اختیار خداوندی کے ساتھ وہ رابطہ رکھتا ہے جو قلم ہمارے تمہارے ہاتھ کے ساتھ یا پچھلے کل کسی اگلے کل کے ساتھ اگر یہ نہو تو اختیار انسانی کو عطاے خداوندی کہنا غلط ہوجائیگا اور ارادہ انسانی مخلوق خدا نہ رہیگا کیونکہ ہر بالعرض کے لئے ایک موصوف بالذات چاہیے ورنہ پانی کی گرمی اور زمین کی دھوپ کو آگ اور آفتاب کی حاجت نہوتی مگر جیسا ہر بالعرض کے لیے بالذات کی ضرورت ہی ایسی ہی اُن دونون مین تجانس بھی ضرور ہی جس نوع و جنس کا وصف عرضی ہوگا اُسی نوع و جنس کا وصف ذاتی ہونا چاہیئے زمین کا نور آفتاب کے نور سے پیدا ہوتا ہی آفتاب کی حرارت یا پانی کی رطوبت سے پیدا نہین ہوتا اس صورت مین ضرور ہی کہ ارادہ انسانی ارادہ خداوندی کا پرتو ہو مگر جیسی حرکت نور زمین یعنی دھوپ حرکت آفتاب و حرکت شعاع و نور آفتاب پر موقوف ہی بالاستقلال نہین ایسی ہی حرکت ارادہ انسانی حرکتہ ارادہ خداوندی پر موقوف ہوگی چنانچہ خلو ند

جواب اصل ۱۲

Marfat.com

کریم خود ہی فرماتے ہین وماتشاؤن الا ان یشاء اللہ سو اگر مجبور ہونے سے مراد یہ توقف ہی
اور باین معنی انکار جبر ہے تب تو بلاشبہہ یہ انکار غلط اور لغزش عظیم ہے جسکا تدارک بجز
توبہ متصور نہین اور اگر یہ مطلب ہی کہ بندہ صاحب اختیار ہی یہ نہین کہ اختیار ہی نہین
دیا بلکہ مثل چوب و سنگ جو بظاہر ذوی العقول ہین سے نہین اور ارادہ سے بے بہرہ
نظر آتی ہین یہ بھی بے بہرہ ہی تو یہ بات بدیہی ہے مگر بدلالت سیاق اور شہادت عبارت سابقہ
اس استثناء سے جو یہان سی (مگر اس سے انسان اُن قوا کے استعمال الخ) شروع ہوا ہی یہ معنی نکالنے
بظاہر دشوار ہین اور اگر یہ غرض ہی کہ انسان کو ارادہ بھی ملا اور پھر وہ ارادہ خدا تعالے کے
ارادہ کے ساتھ وہی ارتباط بھی رکھتا ہی جو مینے عرض کیا مگر باینہمہ مثل احجار و اشجار مجبور
نہین جو اُنکے طرف بجز انفعال عمل کو انتساب ہی نہو سکے تو یہ مسلم مگر اس صورت مین
انکار جواز تکالیف یا خیال عدم جواز ثواب و عقاب جیسا بظاہر متوہم ہو سکتا ہی بالکل خیال
خام ہوگا کیونکہ اس صورت مین تکلیف تو مثل صیقل آئینہ و غبر آئینہ سمجھی جائیگی جو بعد دعوے
قابل العکس ہونے آئینہ اور غیر قابل العکس ہونے سنگ و چوب کے مخالفان دعوے
کیلئے مسکت ہو سکتا ہی سو جیسے سنار یا صراف کامل کا کھوٹے کھرے کو کسوٹی پر لگاکر تبلا دینا گاہک
یا صاحب متاع کے دکھلانے اور ساکت کرنے کے لیے ہوتا ہی اپنے اطمینان کے لیے نہین ہوتا ایسے ہی
خدا کیطرف ہی تکلیف کو بیان فرق مراتب انفعال کیلیے سمجھیے اور امتحانات لیبلوکم ایکم احسن عملا
وغیرہ از قسم اتمام حجت سمجھئے نہ از قسم استخبار و استفسار اور ثواب و عقاب کو ایسا سمجھیے جیسا
آئینہ کو نظارہ کیلیے پیش نظر رکھین اور پتھر یا چوب کو سامنے سے ہٹا دوین سو جیسے اس رکھنے
اور ہٹانے مین ایک کا اعزاز اور دوسرے کی تحقیر نکلتی ہی ایسے ہی اس ثواب و عقاب کو خدا کیطرف سے بیان فرق مراتب
ظہور فعل کیلیے سمجھیے یعنی جیسے آئینہ سی بوجہ انعکاس نور آفتاب جو بعد قبول ظہور مین آتا ہی اور بعد انفعال
رنگ دکھلاتا ہی ایک صدور نور مذکور ادھر سے ادھر کو ہوتا ہی جس سے انتساب فاعلیت درست سمجھا جاتا ہی ایسے ہی
یہان بھی قبول ارادہ کی بعد ایک انعکاس ارادہ بھی ہوتا ہی اور وہ ارادہ منعکس مراد است بشری ہے

اسطرح واقع ہوتا ہے جیسے نور منعکس از آئینہ در و دیوار پر واقع ہوتا ہی سو یہ اعزاز مذکور اسی قابلیت کا نتیجہ ہے +

**سیزدہم** - یون کہنا چاہیے کہ دین اُن احکام کا نام تو یقینی ہی جو یقینی ہین اور اُن احکام کا نام ظنی ہی جو ظنی ہین یعنی احکام یقینیہ کو یقیناً دین سمجھنا چاہیے اور احکام ظنی کو ظناً کہنا چاہیے بہر حال اطلاق دین دونون پر چاہیے پر فرق مراتب علم کے لیے یقین و ظن کی قید کا اضافہ ضرور ہی + جواب اصل ۱۳

**چہاردہم** - اس اصل کے موافق احکام کی دو قسم کرکے قسم اول کی پھر دو قسمین کرلی جائیں ایک امر و نہی حسن یا قبیح لذاتہ دوسرے امر و نہی حسن و قبیح لغیرہ سو جو امر و نہی متعلق بحسن و قبیح لذاتہ ہین وہ تو بیشک موافق فطرۃ ہین نہین تو نہین مگر یان یہ تاویل کیجیے کہ قسم ثانی بھی فطرت کے مطابق ہین بالذات نہین بالعرض ہی سہی لیکن اسصورت مین جیسے قسم اول کی تقسیم بیکار ہی خود تقسیم اول اس سے زیادہ بیکار ہے اور اُس سے زیادہ بیہودہ اور لغو کیونکہ وہان فرق بالذات و بالعرض کو دریافت کرنے کے لیے کچھ ضرورت تقسیم بھی تھی اور یہان تقسیم اول کی اسصورت مین کچھ ضرورت ہی نہین خیر ہر چہ بادا باد آب آگے دیکھنا چاہیے یہ جو ارشاد ہی کہ اطاعت و عمل مین دونون برابر ہین اگر اسکے یہ معنے ہین کہ مراتب حسن و قبول مین سب برابر ہین تب تو غلط ہی ابھی معلوم ہو چکا کہ خود حسن و قبح مین کمی بیشی ہی ظاہر ہی کہ موصوف بالذات ہمیشہ موصوف بالعرض سے اکمل ہوا کرتا ہی آفتاب نورانیت مین آئینہ اور در و دیوار سے زیادہ ہی اور یہ بھی ہی کہ بقدر مراتب حسن و قبح ہی مراتب امر و نہی متفاوت ہونے چاہیین یعنی یہ فرق فرضیۃ و وجوب و سنیت و استحباب و حرمت و کراہت تحریمی و اباحت اُس فرق مراتب حسن قبح ہی پر متفرع ہونی چاہیین اسلیے کہ حاکم ایک اللہ تعالے محکوم بہ ایک بندہ عبارت حکم وہ ایک صیغہ امر و نہی پھر اگر فرق مذکور بھی نہو تو یہ فرق مراتب کہان سے آئے اور یون کہین ایک آدہ جا اگر فرق عبارت سے اس فرق کو ثابت بھی کیجیے تو اور باقی فرقہاے معلومہ کی کیا سبیل ہوگی باینہمہ عبارت دربارہ مطلب مفہوم مخبر اور مظہر ہوتی ہے علت نہین ہوتی اور علت کی ضرورت ہر حادث کو لیے ضرور ہی اور اگر یہ مطلب ہی کہ اطاعت سبکی چاہیے کہ خدا کی یہان کسی مرتبہ مین واقع ہون تو البتہ ایک ٹھکانے کی بات

جواب اصل ۱۴

Marfat.com

ہے مگر اس کے یہ معنے ہونگے کہ مراتب وجوب و استحباب وغیرہ مین اگرچہ دونون قسمون مین فرق ہو پر صورت
ادا دونون جا ایک ہی ہی جسطرح سے مثلاً چار فرض ادا کیے جاتے ہین اُسی طرح سے چار سنت جس طرح
تین فرض ادا کیے جاتے ہین اسیطرح تین وتر جتنی دیر اسمین لگتی ہے اتنی ہی اُسمین لیکن اس صورت
مین اسبات کی تحقیق ضرور ہے کہ احکام اصلی کی کیا نشانی ہے اور احکام حفاظت کا کیا پتہ ہے سو ہمسے
اگر پوچھیے تو اسکی تحقیق بقدر مناسب مقام یہ ہے کہ طاعات و ذنوب مین انواع متعددہ ہین پھر ہر نوع
مین ایک امر مقصود بالذات ہے باقی مقصود بالعرض طاعات مین مثلاً ابواب صلوٰۃ کے اوامر ایک جدی
نوع اور ابواب زکوٰۃ کے اوامر ایک جدی نوع ابواب صوم کی جدی ابواب حج کی جدی پھر نوع
اوامر متعلقہ صلوٰۃ مین صلوٰۃ مامور بہ بالذات ہے اور طہارت اور جماعت اور مراعات صف اول و
تکبیر اولیٰ و قرب امام و انتظار جماعت در باط مسجد و وضو قبل از وقت وغیرہ مامور بہ بالعرض جنمین سے
مراعات صف اول وغیرہ تو بالعرض کے بھی بالعرض ہین اسلیے کہ مقصود اعظم ان امور سے نگاہداشت
جماعت مسجد ہے اور وجہ اس تفریق کی ظاہر ہے کون نہین جانتا کہ جماعت مین قطع نظر نماز ہی کچھ ثواب
نہین ورنہ پریٹ و قواعد کیوقت ایک صف باندہکر کھڑا ہونا بھی منجملہ طاعات سمجھا جاتا
علی ہذا القیاس اور امور کو سمجھ لیجیے اور طہارت اگر بذات خود بھی مطلوب ہو تو یہ طلب جو
اذا قمتم الی الصلوٰۃ فاغسلوا وجوہکم وایدیکم الخ سے ثابت ہے لاجرم بوجہ صلوٰۃ ہے بذات خود
طہارت یہان مطلوب نہین ادہر ذنوب مین دیکھیے یہی ابواب زنا جدی نوع ہے اور یہی
شراب خواری جدی نوع اور یہی سود خواری جدی نوع علی ہذا القیاس پھر نوع زنا مین
خود زنا بالذات منہی عنہ ہے اسلیے اپنے بیگانے سب سے زنا ممنوع ہے اور بوس و کنار و خلوت وغیرہ
منہی عنہ بالعرض یعنے بوجہ شہوت و اندیشہ زنا ممنوع ہین بذات خود ممنوع نہین ورنہ یہ معاملات
مثل زنا اپنی مان بہن بیٹی وغیرہ سے ہرگز جائز نہوتی بلکہ اولیٰ یہان اور جا کی نسبت زیادہ
ممانعت ہوتی سو مامور بہ اور منہی عنہ بالذات کا نام تو ہم مقاصد رکھتے ہین اور مامور بالعرض
کا نام ہم وسائل و ذرائع اور دواعی رکھکر یہ گزارش کرتے ہین ان دونون قسمون مین تو

Marfat.com

باہم ایسا ارتباط ہی جیسے چراغ اور آئینہ مین وقت انعکاس نور ہوتا ہے علاوہ برین ایک اور قسم کے احکام ہین جن سے مقصود مضمون تذلل و تعبد نہین اگرچہ یہان بھی بوجہ اطاعت تعبد لازم آجائے بلکہ مقصود یہ ہے کہ مرور و ہور کے بعد حدود احکام متغیر نہو جائین مثلاً اُن نمازون مین جنکے بعد سنتین پڑھی جاتی ہین یہ حکم ہوا کہ فرض و سنت کے بیچ مین فصل زمان و مکان کر دینا چاہیے یعنی کچھ دعا مانگ لی یا ایک دو وظیفہ مسنونہ بعد الصلوٰۃ مثل آیۃ الکرسی و تسبیح و تحمید و تکبیر پڑھکر دائین بائین یا آگے پیچھے ہٹ کر سنت مابعد کو پڑھے علی ہذا القیاس قبل رمضان اور بعد رمضان متصل روزہ رکھنے سے ممانعت فرمائی ادھر تاخیر سحور اور تعجیل افطار کی قید لگائی مقصود ان سب سے یہی ہے کہ رخنہ رخنہ حدود خداوندی مین افزایش ہوکر ایسی خرابی حسن صورت مجموعہ احکام اسلام مین نہ آجاوے جیسے بسر چاولون مین اُنکے اندازہ سے زیادہ گھی مٹھائی ڈالدینے سے خرابی آجاتی ہے یا فرض کیجیے کسیکے وجود مین آنکھ یا ناک وغیرہ اعضاء مین سے کوئی عضو اسکے وجود کے اندازہ سے زیادہ یا کسی انگرکھہ کرتہ وغیرہ مین آستین وغیرہ اجزاء معلومہ سے کوئی ٹکڑا اپنے اور اُس کپڑے کے اندازہ سے بڑھکر مجموعہ کی خوبی مین رخنہ انداز ہو جاتا ہے گو قطع نظر اُس سے کوئی مقدار اُن اشیاء کے لئے معین نہو مگر اس تقریر سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ اس باب مین اُسی کی رائے معتبر ہی جو اُس حسن خوبی کے ادراک کا حاسہ بھی رکھتا ہو اندھا حسن صورت بنی آدم مین اس قسم کی رائے نہین دے سکتا جسکی زبان نہو اطعمہ کی خوبی و خرابی مین لب کشا نہین ہو سکتا سو ظاہر ہے کہ سوا انبیاء اس قسم کی بصیرۃ جس سے صورت مثالی مجموعہ احکام اسطرح معلوم ہو جائے جسطرح آنکھ سے ہمین تمہین صورت اجتماعیہ چشم و گوش و بینی و رخسارہ وغیرہ معلوم ہو جاتے عطا نہین ہوئی ہم لوگ اس باب مین اندھے ہین اور نیز اس تقریر سے یہ بھی معلوم ہو گیا ہوگا کہ ان احکام کا محل وہی احکام ہین جنمین مراعات صورت حاصلہ ہی اور جسکا ظہور پر نظر ہی نہین فقط معنی ہی مقصود ہی جیسے جہاد مین غرض اصلی اعلاء کلمۃ اللہ ہی دشمنون کو ہو یا رالکو شرق کیطرف منہ ہو یا غرب کیطرف

تیر سے ہو یا بندوق سے سوار ہو کر کیجیے یا پا پیادہ تو ایسے احکام مین جو نسبت احکام سابقہ احکام مطلقہ ہین اور وہ انکے نسبت احکام مقیدہ یہ اس نام کے سزاوار ہین وہ اس نام کے احکام محافظت کے مداخلت نہین ہوتے جب یہ بات مقرر ہو چکی تو ہم احکام محافظت کو احکام انتظامی اور احکام محافظت نام رکھکر عرض پرواز ہین کہ ان احکام کو مقاصد اور وسائل کی ساتھ ایسی نسبت ہی جیسے چراغ کی ساتھ فانوس ہنڈیا وغیرہ اور آئینہ کے لئے چوکھٹا وغیرہ کو غرض یہ نہین کہ احکام انتظامی کے سوا تمام احکام فطری ہین بلکہ بعض ذرائع مقاصد سے بُعد مرتبہ کے باعث یا بوجہ خفاء عروض بالعرض بھی مرغوب غیر مرغوب نہین ہوتے ہان اگر وسائل کو بھی منجملہ احکام محافظت کہیے اور وجہ تسمیہ مین تاویلین کر لیجیے تو البتہ یہ فرق صحیح رہیگا مگر اسصورت مین تفریعات مین اُن باتونکی مراعات ضرور ہوگی جو متفرع علیہ ہین ہون +

**پانزدہم** - عوام تو مصلحت و غیر مصلحت کو جانتے ہی نہین اسبات مین اگر لب کشا ہوتے ہین تو علما ہی ہوتی ہین ہان ہر فرقہ مین باہم فرق عموم و خصوص ہوتا ہی مگر سید صاحب نے یہ نہ لکھا کہ مصلحت مصطلح عوام کیا ہی اور مصلحت خواص سے مراد کیا جو اسباب مین نظر کیجاتی کہ اس انتساب مین بے ادبی لازم آتی ہی یا نہین ہان سچائی کے لفظ سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ مصلحت مصطلح عوام کچھ ایسا امر ہوتا ہی جسمین دروغ یا دروغ گوئی کا انتساب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف ہوجاتا ہی لیکن باین نظر کہ انتساب مذکور کی بھی کئی صورتین ہین اور ہر صورت کا یکسان حکم نہین منجملہ اُنکے تعریضات بھی ہین جنکی معنی مطابقی تو مخالف واقع نہین ہوتے مگر اور مویدات مخالف واقع کیطرف کھینچ لیجاتی ہین پھر دروغ صریح بھی کئی طرح پر ہوتا ہی جسمین سے ہر ایک کا حکم یکسان نہین اور ہر قسم سے نبی کو معصوم ہونا ضرور نہین اگرچہ ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سبھی سے محفوظ رہی ہون ہمکو لازم پڑا کہ اسباب مین ایک تحقیق مختصر بقدر ضرورت لکھیے سو سنیے کہ بعض بعض افعال تو خیر باین معنی ہوتے ہین کہ انکی وضع کسی امر خیر کے لیے ہوتی ہی سو جیسے آگ احراق و حرارت کیلیے اور پانی رطوبت اور ترتیب کے لیے موضوع اور مخلوق ہوئی ہین ایسی ہی نماز مثلاً تعظیم باریکی لئے موضوع ہوئی ہی جسکی خیریت مین پھر کچھ تامل نہین اور جسمین اصلا شائبہ شر نہین اور بعض افعال شر محض باین معنی ہوتی ہین کہ انکی وضع کسی امر شر کے لیے ہوتی ہی سو جیسے قطع اعضاء تخریب بدن

Marfat.com

اور فساد جسم کے لیے موضوع ہی ایسی ہی ظلم وستم آزار مردم اور زنا صرف بیحیائی کے لیے موضوع ہوا ہے
علی ہذالقیاس اور افعال کو سوچ دیکھیے مگر بعض افعال ایسے ہین جنکی حدذات اور مرتبہ حقیقت
مین نہ کوئی خوبی ہوتی ہی نہ کوئی بُرائی تو یہ اگر نتیجہ حسن کے وسیلہ اور امر خیر کی ذریعہ ہوجاتی ہین تو
منجملہ محاسن سمجھی جاتی ہین اور اگر کسی نتیجہ قبیح کے وسیلہ اور امر شر کے ذریعہ ہوجاتے ہین تو منجملہ
مساوی وذمائم شمار کیے جاتے ہین مثلاً رفتار ابصار استماع وغیرہ کہ فی حدذاتہ نہ امور حسن ہین نہ قبیح البتہ
اگر رفتار مسجد کیطرف ہی تو منجملہ طاعات سمجھی جاویگی اور اگر شراب خانہ یا بتکدہ یا چکلہ کیطرف ہی تو سیئات مین داخل
ہوجاویگی اور اگر کہین دونو مجتمع ہوجائین تو پھر غلبہ کا لحاظ کیا جائیگا مثلاً اجتماع رجال ونسا مساجد مین اگر موجب
حصول برکات جماعت ومزید ثواب ہی تو اندیشہ فتنہ اور خوف تعلق خاطر یکدیگر بھی ساتھ ہی لگا ہوا ہے
اسمین اگر مکان یا زمان مین جہت اولی غالب ہوگی جیسے زمان برکت توامان حضرت نبی آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم
بوجہ کمال زہد صحابہ وصحابیات وغلبہ ایمان ابنار روزگار اندیشۂ فساد اگر تھا تو موہوم تھا تو ایسی اوقات اور
امکنہ مین اجازۃ ہوگی بلکہ داخل سلسلہ محاسن ہوجائیگا اور اگر کسی زمان ومکان مین جہت ثانیہ قوی
نظر آئیگی تو حکم اول منعکس بہ ممانعت ہوجاویگا اور یہ فعل از قسم سیئات سمجھا جاویگا اب اسبات کا
دیکھنا رہا کہ کذب وتعریض مین اگر قبح ہی تو کس قسم کا ہی ہم دعوی کرتے ہین اور سب اہل عقل انشاءاللہ تعالے
تسلیم ہی کرینگے کہ کذب بمعنی گفتار مخالف واقع بذات خود قبیح نہین البتہ بلحاظ فریب یا بداعتقادی مردم
جس سے اونکا ضرر متصور ہی یا متیقن قبیح ہوجاتا ہی ہان کذب بمعنی فہم مخالف واقع قبیح ذاتی ہی جسکو جہل مرکب
کہتے ہین اسصورت مین اگر گفتار مخالف واقع کسی موقع مین خالی از مضرت ہوجائے یا اُسکے ساتھ بعد خلو از
مضرت کوئی منفعت بھی لگ جائے یا دونون مجتمع ہوجائین تو پھر یہ ممانعت جو کذب مضر کے لیے ہے
بحال خود رہیگی پہلی صورت مین تو بذات خود ایک لغو ہوجائیگا گو باین لحاظ کہ کذب کی عادت رہیگی تو
عجب نہین کہ کذب مضر بھی صادر ہو اور اسوجہ سے یہ عادت کذب مضر کی وسائل مین سے ہوجاویگی اور
بالعرض قبح کذب مضر اسپر عارض ہوجاویگا اور منجملہ قبائح شمار کیا جاسکتا ہی بہرحال قبح آزار واضرار مردم سے بالفعل
یہ کذب خالی ہوگا اسکی مثال تو اُن جھوٹے قصے کہانیونکا مشغلہ سمجھیے اور دوسری صورت یعنی جسمین بعد خلو از

Marfat.com

مضرت کوئی نفع بھی لاحق ہوجاوے یہ کذب داخل حسنات ہوگا اسمین اگرچہ عاقل کو کچھہ شبہہ نہین ہوسکتا لیکن
بہر تسکین مثال بھی معروض ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بطور ترغیب یہ ارشاد لیس الکذب الذی یصلح بین الناس
او کما قال خود اسبات پر شاہد ہے کہ کذب محمود ہے ہان اگر قرینہ مقام سے قطع نظر کیجئے تو یون کہہ سکتے ہین کہ
اسمین اگر نفی ہے تو کذب یعنی اُسکے قبح کی نفی ہے جس سے اُسکا سیئہ اور معصیت نہونا ثابت ہوتا ہے طاعت
ہونا ثابت نہین ہوتا لیکن اسبات کا اگر لحاظ کیا جائے کہ یہ ارشاد اُس تردد اور توہم کی مدافعہ کیلیے ہے
جو بوجہ ذہن نشین ہوجانے خرابی کذب کی ایسی اصلاحون سے مانع ہوجاتا ہے جو بیان خلاف واقع
پر موقوف ہو تو پھر یہ ارشاد مسوق لاجل المدح ہی ہوگا اور تیسری صورت مین غلبہ وقوت جہات متعارضہ
پر نظر رکھنی چاہیے اگر جہت منفعت غالب ہے تو منجملہ نافعات اور جہت مضرت غالب ہے تو منجملہ مضرات
سمجھا جائیگا پھر اگر منفعت دینی ہے تو حسنات دینی مین شمار کیا جائیگا اور منفعت دنیوی ہے تو حسنات دنیوی
مین شمار کیا جاویگا مثلاً اطعام طعام یا تعلیم علوم دنیوی پر منفعت دنیوی اور راحت دنیوی متفرع ہوتی ہے اور
تعلیم و تلقین علوم دین پر راحت دینی تو اول حسنات واحسانات دنیوی دوم حسنات واحسانات اخروی
ہین اور تزکیہ و تہذیب قلب جو بغرض انبعاث محبت رسول اللہ علیہ وسلم ہے راحت اخروی مین سے
ہونگے اور اس تفاوت کیوجہ سے اول کو ثانی سے کچھہ نسبت نہوگی مشروعیت قتال کفار اور اُسکا
حسنات مین داخل ہوجانا اسی قسم مین سے ہے کیونکہ قتال مذکور قطع عضو فاسد جسمین خیر خواہی بدن
باقی ظاہر ہے منجملہ رفاہ باقی مخلوقات سمجھا گیا جب اسقدر آزار مقتولین دفع فساد کے لئے ثواب
مستحسن ٹھیرا تو کذب صریح جسمین کفار کو دھوکا دینا مد نظر ہو بغرض دفع فساد و اعلاء کلمۃ اللہ
کیونکر مستحسن نہوگا اسکا آزار اُس آزار سے جس سے بڑھکر کوئی آزار دنیوی نہین یعنی قتل کچھہ
نسبت نہین رکھتا جب مرض مذکور پرجہ جائز ہوا تو یہ کیونکر نہوگا اور وہ حسنات مین سے ہوا
تو یہ کیونکر نہوگا یہ مسلم کہ دفع فساد قتال مذکور سے حاصل ہوتا ہے اور کذب فی الحرب جو
بطور خدیعہ کام آتا ہے چنانچہ ارشاد ہے الحرب خدعۃ بغرض سہولت دفع فساد مطلوب ہے
اسلیے تامقدور کذب صریح جائز نہوگا تعریضات سے کام لیا جاویگا بلکہ انبیاء کرام اگر تعریضات کو

Marfat.com

بھی مکروہ سمجھین جیسا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قصے سے مترشح ہے تو کچھ عجب نہین ہان جسجگہ دفع فساد خود کذب پر ہی موقوف ہو جیسا کبھی اصلاح بین الناس مین ہوتا ہے تو پھر یہ تامل بیجا ہے بالجملہ علی العموم کذب کو منافی شان نبوت باین معنی سمجھنا کہ یہ معصیت ہو اور انبیا علیہم السلام معاصی سے معصوم ہین خالی غلطی سے نہین پھر تیہ پر تعریضات جو واقع مین اقسام کذب مین سے نہین ہوتی بلکہ مشابہ کذب ہوتی ہین ہرگز مخالف شان نبوت نہین ہو سکتے علی ہذا القیاس کسی امر مستحب کا اس لحاظ سے ترک کر دینا کہ اُس مین کوئی فساد عظیم جسکا وزن منفعت استحباب سے بڑہ جائیگا پیدا ہوگا اگرچہ بظاہر مستلزم ایہام مخالفت واقع ہے کیونکہ انبیا علیہم السلام کا کسی بات کو ترک کر کے ایک انداز کو اختیار کر لینا اس جانب مشیر ہے کہ یہی انداز مستحسن ہے اور امر متروک غیر مستحسن اور یہ امر بوجہ ایہام مخالف منجملہ دروغ سمجھا جاتا ہے ہرگز مخالف شان نبوت نہین بلکہ موافق شان نبوت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خانہ کعبہ کو بطور سابق رہنے دینا اور منہدم کر کے بنائے ابراہیمی پر نہ بنانا اور دہلیز کا زمین سے نہ لگا دینا اور دو دروازے ایک شرقی ایک غربی نہ بنانا حالانکہ آپ کے کلام سے اسی جانب رغبت ٹپکتی تھی اور آپ کی رغبت خود ایک دلیل استحباب ہے فقط اسی وجہ سے تھا کہ اس منہدم کرنے مین جاہلان امت سے جو اخیر مین بکثرت مسلمان ہو گئے تھے بقین ارتداد و مخالفت تھا سو آپنے سمجھا کہ اس تغیر و تبدل مین اتنا نفع نہو گا جتنا نقصان ہوگا اس تغیر و تبدل مین تو فقط اتنا ہی نفع ہے کہ وقت طواف و دخول خانہ سہولت رہیگی اور خانہ کعبہ حالت اصلی پر آجاویگا اور ظاہر ہے کہ اس مین کچھ ترقی دین نہین جو انبیا علیہم السلام کا اول کام ہے ہان نقصان اتنا کچھ ہے کہ انبیا علیہم السلام کو اُس سے زیادہ کوئی نقصان نظر نہین آتا وہ کیا ہے ارتداد جم غفیر ہے جو بالکل مخالف غرض نبوت ہے اور پھر مخالفت بھی شدیدہ انبیا لوگون کے مسلمان کرنے کے لیے آتی ہین یہان اولٹا اور کفر بعد اسلام لازم آتا تھا الغرض انبیا علیہم السلام کو اُن اون امور مین جو بذات خود نہ حسن ہون نہ قبیح منافع و مضار پر نظر رہتی ہے پھر جیسے مزاج انسانی کی گرم سرد کہنے مین باوجود موجود ہونے اربع عناصر کے غلبہ عناصر پر نظر ہوتی ہے اسی طرح

Marfat.com

درصورت تعارض منفعت ومضرت غلبہ کا اعتبار کیا جاویگا چنانچہ خداوند کریم نے بھی تحلیل و تحریم
مین اسی پر نظر فرمائی ہے فرماتے ہین فیہما اثم کبیر ومنافع للناس واثمہما اکبر من نفعہما ہان کبھی یہ ہوتا ہے
کہ ایک شے اکثر مظہر مضرت ہوتی ہی اور مظہر منفعت فقط گہ وبیگاہ ہوجاتی ہے جیسے کذب اکثر اس سے
مضرت ہی نکلتی ہے تسپر کلام جس غرض کے لیے موضوع ہوا ہی یعنی اظہار مافی الضمیر منفعت ہی امضرت
کذب اُسکے مخالف واقع ہوتا ہے تو ایسے مواقع مین اندیشہ مخالفت ابناء روزگار رہتا ہے اور یہ مخالفت
موجب تنزل دین وخرابی انتظام دین ہوجاتی ہے اسلیئے انبیاء کرام تامقدور تعریضات سے محترز
رہتی ہین اس سے معلوم ہوا کہ کارپردازان کارخانجات رفاہ کو جنکی درستی ایک عالم کے اجتماع پر موقوف
ہو جیسے مثلاً مدرسۃ العلوم لازم ہے کہ ایسی باتون سے پرہیز کرین کہ عوام اہل اسلام کے تنفر کا باعث
ہو قطع نظر حرمت وکراہت ذاتی کے ایسے شخص کو بہت سے محرمات ومکروہات کے استعمال سے
ایسی خرابی کا دیکھنا پڑیگا جسکے باعث اپنی امید دیرینہ سے دست برداری اور محرومی کا کہٹکا ہے بالجملہ
انبیاء علیہم السلام کے کار مین اگرچہ ریاکاری نہین ہوتی یعنی دنیا کے مقاصد کو پیرایہ دین سے
طلب نہین کرتے پر اس مین بھی شک نہین کہ دانشمندانہ ہوتے ہین جاہلانہ نہین ہوتے
سو اگر اسی مصلحت اندیشی کی تجویز پر اندیشہ کفر ہے تو یہ عین ایمان کی بات و پر کفر کا فتوے دینا ہی
اللہم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعہ وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابہ - اسکے بعد یہ گذارش ہے
کہ بحث مباحثہ اپنا شیوہ نہین خواہ مخواہ کسیکی بات مین دخل دینے کی عادت نہین اور ہوتی بھی
تو کیا ہوتا حسب ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اذا رایت ہوی متبعا وشحا مطاعا ودنیا موثرۃ واعجاب
کل ذی رای برایہ فعلیک بخاصۃ نفسک ودع امر العوام او کما قال اس زمانہ مین مستحسن یہی ہے کہ
کتنی ہی بڑی زبان کیون نہو پر اپنے مونہہ مین لیے بیٹھے رہنا چاہیے کیونکہ جو سامان خیر خواہی کے
موثر ہوسکے ہین وہ یکلخت مفقود ہوجاتے ہین اور جو سامان اُلٹے تعصب کے ہین ایسے اوقات مین
سب فراہم نظر آتے ہین اسصورت مین موافق فرمودہ مومن ے عوض ایمان سے ضد اُس غارت گر دین کو ہیری ؏
تجہسے اے مومن خدا سمجھے یہ تونے کیا کیا + اُلٹا ترقی باطل کا کھٹکا ہوتا ہے - بالجملہ یون تو یہ کھٹکا

ہمیشہ ہی ہوتا ہے پر آجکل پہلے سے زیادہ باتین نظر آتی ہین قدیم سے لیکر آجتک جو یہ رہا کہ ایمان کم اور کفر زیادہ تو اُسکا باعث یہ تھا کہ خواہش کا غلبہ بخل کا زور دنیا کی آخرت سے عزت زیادہ رہے پھر ہر شخص اپنی عقل پر نازان اسلیے باوجود اس کے کہ اسلام کے لیے کتابین نازل ہوئین پیغمبر آئے معجزے دکھلائے اولیا کی کرامتین علما کی دلائل نے حق و باطل کو ظاہر کر دیا ثواب عقاب کے وعدہ وعید سے بنایا ڈرایا مطیعون کو دنیا مین غالب مخالفون کو مغلوب کیا اور کفر کے لیے ان سامانون مین سے ایک بھی نتھا کفر ہی زیادہ رہا اسلام کبھی عالم مین زیادہ ہوا حضرت موسے علیہ السلام نے بنی اسرائیل کے ساتھ وہ احسان کیا کہ کسی صاحب قوم نے اپنی قوم کے ساتھ نہ کیا ہوگا یعنی عذاب شدید اور قید فرعون سے چھڑا کر بادشاہ روے زمین بنا دیا تسپر وہ اولوالعزمی اور توجہ اور ایسے ایسے معجزے کا ہیکو ہوتے ہین ادھر توافق ملت اور بھی اطاعت کے لیے موید لیکن بااینہمہ تسلیم احکام مین یہ دقت تھی کہ پہاڑون کو سر پر اُٹھا اُٹھا معلق کرنا پڑتا تھا مگر سامری کے ایک کرشمہ بے معنی پر جو ایک صوت مہمل تھی نہ سوال تھا نہ جواب تھا دم کے دم مین سب لٹو ہو گیے حالانکہ وہ کرشمہ بے معنی بھی حضرت موسے علیہ السلام کا طفیل تھا نہ حضرت جبرئیل علیہ السلام اُنکی مدد کے لیے آتے نہ اُنکے اسپ مادہ کی خاک سم کی تاثیر دیکھکر سامری اُس خاک سے اپنا کام لیتا وجہ اس برعکسی کی اور کیا ہے یہی ہے کہ یہ چار باتین حضرت موسے علیہ السلام کی منشاد کی ترقی کی مانع اور سامری کی ترقی منشاد کے لیے موید تھیں جسمین سے اپنی عقل پر اعتقاد کر لینا جسکو بصیغہ اعجاب کل ذی رائی برایہ ادا کیا ہی خیر خواہی کے بیکار جانے کا سبب اعظم ہے اسوجہ سے اس زمانہ مین ایسی باتون مین مغز زنی بیہودہ نظر آتی ہے مگر کچھ آپکا اصرار کچھ مولانا محمد یعقوب صاحب کا ارشاد کچھ جناب سید صاحب کے اخلاق والطاف کی شہرت نظر بر بین دردمندی و محبت اسلام نے جو ہمت والون اور خیر خواہان عالم کے ساتھ زیادہ ہونی چاہیے رہنے ندیا پرسون یہ خط ملا تھا بعد ظہر جواب شروع کیا تھا۔ اوقات مختلفہ مین لکھ لکھکر اسوقت بابین ظہر و عصر تمام کیا پر یہ سوچتا ہون کہ یارب

اسکا انجام کیا ہوتا ہے میرے تغییر و تبدیل و الحاق و تغلیط صحیح سے دیکھیے سید صاحب راضی ہوتے ہین یا ناخوش ہوکر درپے تردید قلم اُٹھاتے ہین مگر مین نے بھی ٹھان رکھا ہے کہ ایسے جھگڑے مین پڑ کر اپنی اوقات خراب نہ کیجیے ہان اگر آثار انصاف پرستی جناب سید صاحب کی طرف سے نمایان ہوئے اور بحکم امرہم شوری بینہم اپنے خیالات سابقہ و حال مین مجھسے بھی مشورہ کرینگے تو انشاء اللہ حسب ارشاد المستشار موتمن مشورہ خیر سے دریغ نہ کرونگا مگر جب اپنی حیثیت اور اُنکی وجاہت پر غور کرتا ہون تو یہ خیال ایک آرزوی خام نظر آتی ہے اور خود مجھکو اپنے اس جنون پر ہنسی آتی ہے خیر ہرچہ بادا باد اب توآپکی خدمت مین اس مسودہ ہی کو ارسال کرتا ہون پر بنظر مصلحت چند در چند یہ گزارش ہے کہ آپ بہت جلد ان اوراق کی نقل کرا کر مقابلہ کرکے نقل کو جناب سید صاحب کیخدمت مین روانہ کردین اور اس اصل کو بجنسہ بہت جلد میرے پاس واپس بھیجدین اور میری طرف سے بعد سلام یہ گزارش کر بھیجین کہ اگر اثناء تحریر مین کوئی کلمہ مخالف طبع بوجہ جہل و غفلت مجھسے سرزد ہوگیا ہو تو معاف فرمادین کہ ہم قصباتی انداز گفتگو سے خوب واقف نہین باقی یہ آپکا ارشاد کہ اجتماع اقرار توحید و کفر منجملہ محالات ہے بجا ہے کیونکہ یہ ایسا اجتماع ہے جیسا فرض کیجیے کسی روح مین حیوان ناطق اور حیوان ناہق دونون مجتمع ہوجائین سو کون نہین جانتا کہ یہ اجتماع از قسم اجتماع الضدین ہے پر اسمین بھی شک نہین کہ روح انسانی کا صورت حمار و سگ و خوک مین آجانا اور ویسی ہی ارواح کو ایسے اجسام کے ساتھ متعلق کردینا جسطرح ممکن ہی اسی طرح ایمان کا صورت کفر مین ظہور کرنا اور کفر کا صورت ایمان مین ظاہر ہونا بھی ممکن ہے اور اسی طرح کے ظہور کے بعد جیسے روح انسانی کو بوجہ صورت و جسم حیوانی سگ و خوک و خر کی اقسام مین سے شمار کیا جاتا ہے اور مثل حیوانات مذکورہ اس سے بھی ہر کسیکو نفرت ہوجاتی ہے اور تمام یا اکثر معاملات اسوقت اسکے ساتھ ایسے ہی کیے جاوینگے جیسے اور حیوانات کے ساتھ کیے جاتے ہین اگرچہ یہ جانتے ہون کہ اس جسم کے پردہ مین روح انسانی مستور ہے ایسی ہی اُس اسلام و ایمان کے ساتھ جو پیرایہ کفر رکھتا ہو خداوند بے نیاز و جمیل کو بمقتضاے اللہ

Marfat.com

جمیل و یحب الجمال ایمان کے بری صورتون کو پسند نہین کرتا نفرت ہو جاوینگی اور تمام یا اکثر معاملات
وہی کیے جاوینگے جو کفر حقیقی کے ساتھ کیے جاتے ہین زیادہ حکمت بلقمان آموختن ست اللہ
یہدینا وایاکم الی سواء الصراط واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم +

## بعالیخدمت جناب سید احمد خانصاحب عافاہ اللہ وایاے فی الدنیا والآخرۃ

کمترین ہیچمدان **محمد قاسم** بعد سلام مسنون گزارش پرداز ہے کہ کل دوشنبہ کے دن دیوبند سے آپکا وہ
عنایت نامہ جسمین تیرہ سوال متعلق زمین و آسمان تھے اس ہیچمدان کے پاس پہنچا اور باعث حیرت ہوا وجہ
سوال دیر تک سوچی کچھ سمجھ مین نہ آئی تسپر آپ جیسے عاقل و فہیم و واقفکار کلام اللہ و حدیث کیطرف
سے ان سوالونکا آنا اور بھی تعجب انگیز ہے جی تو یہی چاہتا تھا کہ کیون اس جھگڑے مین پڑیے اور
اپنی اوقات کو خراب کر لیے پر آپکی عنایتون کی مکافات تھوڑی بہت ضروری سمجھکر جواب سوالات بتفصیل
تو نہین لکھتا ہان بتقریب جواب خط کچھ اشارہ کیے جاتا ہون جناب سید صاحب اپنا تو یہ مشرب ہے
اور آپ غور فرماوینگے تو آپ بھی انشاء اللہ ہماری ہی راہ لینگے کہ انبیاء کرام علیہم السلام تعلیم زبان
و لغات کے لیے تشریف نہین لائے بلکہ اُسی زبان کے محاورات مین امتیون کو تعلیم فرمایا ہے جو
اُنکی اصلی زبان ہوتی ہے خود خداوند کریم فرماتے ہین وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومہ اس صورت
مین سماء اور ابواب کے معنی جو کچھ زبان عربی مین ہونگے وہی لینے ضرور ہونگے ہان ہر زبان مین جیسے
حقیقی معنون مین الفاظ کو استعمال کرتے ہین اور بے تکلف اُن الفاظ سے وہ معانی مراد لیتے ہین تنبیہ
اور قرینہ کے محتاج نہین رہتے ایسے ہی بعض اوقات بہدایت قرائن معنی مجازی بھی مراد لیتے مگر اہل
فہم پر روشن ہوگا کہ اس صورت مین معنی مجازی کا لینا خود معنی حقیقی کی تحقیق کی دلیل ہوگا والعاقل
تکفیہ الاشارۃ علی ہذا القیاس ابواب اور اعداد مثل خمس مائۃ اور ستین اور سبعون وغیرہ الفاظ سے
معانی وہی مراد لیے جائین جو معانی عرب کے لوگ انسے مراد لیتے ہین اور باین خیال کہ میرے یا تمہارے

Marfat.com

خیال میں یہ باتیں اور یہ مضامین محض بے فائدہ سمجھ میں آئے ہوں اُن معانی میں انحراف نچاہیے آپ
بھی فرمائیں کہ آپکی اور ہماری عقل اور دانش ہی کیا ہی جسکی یہ ہستی خدا کی مصنوعات میں رائے لگانیکو تیار
ہوں ہمارے وجود میں جسقدر اجزا ر بدن میں اُنکی حقیقت اور اُنکی غرض آجتک ہمکو معلوم نہیں ہوئی اور
اگر ایک دوکی نسبت کوئی سخن ناتمام کسینے کہہ بھی لیا تو کیا ہوا اس سارے عالم کی اجزا ر اور ارکان
ہمکو کیا معلوم ہونگی اور پھر اُنکے حقائق اور اغراض کی کیا اطلاع ہوگی اسلیے کلام شارع میں جس امر کی
خبر یا جس حقیقت کے اثر کا ذکر ہو ہمکو بے تامل ماننا ضرور ہے ہاں مراتب اختیار کے موافق مراتب
تسلیم و ایمان کا ملحوظ رکھنا ضرور ہے مگر چونکہ ادنٰے درجہ کی روایت حدیث سے بشرطیکہ کسی
اعلےٰ درجہ کی روایت یا اپنی کسی مساوی ہی درجہ کے معارض نہو بڑے بڑے مورخونکی روایتون
سے زیادہ قابل اعتبار ہے اسلیے کہ محدثین نے جن شرائط کو روایت میں ملحوظ رکھا ہے اوروں
سے اُنکا لحاظ نہو سکا اور نہ اُنکے راوی حدیثوں کی روایت کو پہنچیں وہ ضعیف ہی کیوں نہوں
تو اسلیے فرق مراتب مذکور اگر کچھ اثر کریگا تو اہل ایمان کے حق میں اعتبار ہی کے مراتب کے
بڑھانے گھٹانے میں اثر کریگا موجب بے اعتباری نہوگا بہرحال نہ اپنے خیال کا وہ اعتبار ہے
نہ کسی تاریخ کا وہ اعتبار ہی جسقدر حدیث ضعیف کا اعتبار ہونا چاہیے اور اگر کسی امام نے قیاس کو حدیث ضعیف سے
بڑھکر بھی سمجھا ہی تو اُسکی یہ وجہ ہی کہ قیاس ماخوذ حدیث صحیح یا متواترات سے ہوتا ہی اس صورت میں حدیث ضعیف سے
قیاس بڑھکر زیادہ حدیث صحیح یا متواترات اُس سے بڑھکر رہی ہاں اگر خدا اور رسول کیطرف جھوٹ بولنیکا احتمال ہو
یا قدرت خدا کی سامنے ایسے ایسے امور عظام کا پیدا کرنا محال ہو تو البتہ ایسی باتوں میں تامل کی گنجایش ہے
مگر آپ ہی فرمایے کہ ان باتوں میں سے کونسی بات محال ہے خداوند قدیر ایسے سات جسم جنکا
دل تو پانسو برس کی مسافت کے برابر ہے اور وسعت کو خدا جانے نہیں بنا سکتا یا اُن میں
پانسو برس کی مسافت کے موافق فاصلہ نہیں رکھہ سکتا اور یا آفتاب اور قمر کا اپنے حیز سے
حرکت کرنا محال ہے یا آسمانوں میں دروازونکا ہونا منجملہ ممتنعات ہے یا سات زمینیں مثل سات
توپ کے گولوں کے جدی نہیں بنا سکتا یا اُنکے بیچ میں پانسو برس کا فاصلہ نہیں رکھہ سکتا

Marfat.com

یا اُنمیں آبادی نہیں ہو سکتی ممکن اور محال کی تعریف کو ان امور پر مطابق کر کے دیکھیے معلوم نہو تو پوچھیے ہاں اتنی گذارش ملحوظ رہے کہ محال و ممکن کی تعریف کسی کسی کو معلوم ہے یہی وجہ ہوئی کہ بڑے بڑے آدمی اکثر ممکنات کو محال سمجھ بیٹھے مگر پہلے سے کسی کی نسبت یہ گمان کر لینا کہ وہ سمجھتے ہونگے کسی عاقل کا کام نہیں اور نیز یہ بھی ملحوظ رہے کہ لفظ خاتم النبیین سے یہ بات بالیقین سمجھی ضرور ہے کہ عالم میں اس زمین میں کوئی نبی ہو یا کسی اور زمین میں سب آفتاب ذات محمدی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح مستفید ہیں جیسے آفتاب سے آئینہ مستنیر یا قمر منیر یا نیرات افلاک یا ذرات خاک یعنی جیسے در و دیوار مقابل آئینہ مستنیرہ کے نور معدن کے تجسس کرتے ہیں تو فرض کرو آئینہ پر نظر پڑتی ہے اور اسکے نور کے بعد معدن کو ڈھونڈھتی ہے تو آفتاب تک پہنچتے ہیں اور پھر آفتاب پر سیر ختم ہو جاتی ہے یہ نہیں کہہ سکتے کہ آفتاب کا نور کہیں اور سے اسیطرح آیا ہے ایسے ہی اور انبیا کی نبوت تو آپکی نبوت کا پرتو ہے پر آپکی نبوت پر قصہ ختم ہو جاتا ہے اور اسبات کو آپ کے دین کا ناسخ الادیان اور آخر الادیان ہونا اسیطرح لازم ہے جیسے آفتاب کے نور کا اور انوار کو محو کر دینا یا کھیتی میں بال کا سب میں پیچھے ظاہر ہونا اسبات کی تحقیق زیادہ مطلوب ہو تو رسالہ تحذیر الناس مولفہ احقر مطبع صدیقی بریلی سے منگا دیکھیے اس وقت اور نبیوں میں جو انبیا آپ کے مشابہ ہونگے انکی مشابہت ایسی ہو گی جیسے عکس آفتاب جو آئینہ میں پڑتا ہو ہو بہو آفتاب کے مشابہ ہوتا ہے اور پھر سب جانتے ہیں کہ آفتاب اصل ہے اور عکس آفتاب اُسی کا پرتو اور نیز یہ بھی ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے کہ جیسے آگ کو دیکھکر حرارت کی نسبت بھی یقین ہو جاتا ہے اسی طرح حرارت کو کہیں پا کر آگ کا یقین کم فہمی کے نشانی ہے یہ جدی بات رہی کہ حرارت کے لیئے جیسے آفتاب سبب ہو سکتا ہے ایسے ہی آگ بھی سبب ہو سکتی ہے سو طلوع و غروب صیف و شتا خسوف و کسوف کا حساب جیسے اس صورت میں راست آجاتا ہے کہ آفتاب کو ساکن مانیئے اور زمین کو متحرک رکھئے ایسی ہی اسطرح بھی برابر آتا ہے کہ آفتاب کو متحرک کہیے اور زمین کو ساکن تجویز کیجیے علی ہذا القیاس اگر آفتاب کے لیے حرکت سالانہ ہو اور زمین کے لیے حرکت وضعی بخلاف جہت حرکت آفتاب ہو تب بھی یہی ثابت ہے اور اگر دونوں کو متحرک فی المدارین رکھیے پر ہر ایک

Marfat.com

کی جہت جدی ہو اور سرعت وبطو میں یہ حساب ہو کہ جتنی دیر میں بطلیموسیوں کے نزدیک آفتاب
اپنا دورہ پورا کرتا ہی اُس سے دو چند دیر تو اُسکے لیئے رکھیے اور جتنی دیر میں فیثاغورسیوں کے
نزدیک زمین اپنی حرکت وضعی پوری کرتی ہے اُس سے دو چند دیر اُسکے لیے رکھیے تو بھی یہی حساب برابر
آئیے اور اگر سرعت وبطو میں اس تفاوت کے سوا اور تفاوت تجویز کیجیے پر جتنا ادھر گھٹتا ہے اُدھر
اُتنا ہی بڑھا دیجے مثلاً یہ چالیس گھنٹہ میں دورہ پورا کرے تو وہ چھپن میں حرکت مجوزہ طرفین
سے کسی کی حرکت زیادہ سریع ہو تو پھر ہزار ہا اصل نکل آئینگی اس صورت میں یقین احتمال واحد
بالیقین اُس سے بھی زیادہ نادانی کی بات ہی کہ کسی پتھر کی فقط حرارت کے وسیلہ سے آگ کا
تعین کر لینا کیونکہ ہاں دو تین ہی اصل تھی یہاں غیر متناہی احتمال ہیں ہاں جیسے آگ کے
وسیلہ سے پتھر کی حرارت کا تعین اپنی آنکھ کے بھروسے یا کسی مخبر صادق کے بھروسے کر سکتے ہیں
ایسی ہی تعین احتمال واحد یعنی حرکت آفتاب بوسیلہ قرآن شریف یعنی جہت یسبحون وغیرہ اور نیز
احادیث کثیرہ کر سکتے ہیں باقی اس سے زیادہ گفتگو کرنی کہ پھر زمین بالکل ساکن ہی ہے یا کوئی
تحرکت اسکی بھی ہے اور کواکب میں آبادی بھی ہے یا نہیں اور زمین ٹھوس ہے یا اسکے بیچ میں
کچھ خلو یا آبادی بھی ہے اور آسمان محیط عالم کروی یا بیضوی ہے یا مثل تختہ مسطحہ ہے ایک وسیع
چیز اور سیارہ میں سے ہر ایک کے لیئے آسمان ہی یا ایک ہی میں مرکوز ہیں یا کسی میں
مرکوز نہیں تو اُن میں افلاک جزئی ہیں یا آسمان کا ثخن ایک جسم سیال ہے اور اسی وجہ سے
کواکب اسطور سے متحرک ہیں کہ قرب وبعد مشہودہ صحیح ہو جاتا ہی اور با اینہمہ مثل آب حوض کہ باوجود
تحرک وسیلان کے مجموعہ کا حیز وہی رہتا ہے آسمان بھی اپنے حیز سے نہیں نکل جاتا علیٰ ہذا القیاس
یہ بات کہ اُن دروازوں میں کنڈے زنجیر بھی ہیں یا انگریزی کھٹکے ہیں اور ایسی ہی یہ بات کہ
کواکب تمام بالذات روشن ہیں یا بالعرض یہ ساری باتیں ہماری توجہ وتوغل کے قابل نہیں کیونکہ
امکان ہر طرحکا ہے اور مخبر صادق کیطرف سے کوئی تصریح نہیں ہاں عرش کرسی میں بعضے الفاظ
اسجاب مشیر نہیں کہ یہ دو چیزیں ہفت آسمان سے علیحدہ ہیں اور بعض الفاظ اس جانب

Marfat.com

موہوم ہیں کہ انہیں میں دو کا نام عرش کرسی ہے مگر چونکہ اس باب میں شارع کیطرف سے نہ کوئی تصریح ہے نہ تکلیف عقیدہ براہ استدلال اسلیے نہ آپ کو اس باب میں سوال مناسب ہے نہ ہمکو جواب - واللہ اعلم بالصواب بالجملہ جیسے اس جملہ میں کہ کچہری کھل گئی یا اُسکا دروازہ کھل گیا بعد استماع اور علم وضع حاجت تحقیق نہیں رہتی کہ دروازہ سے کیا مراد ہے اور کچہری کی کیا حقیقت ایسے ہی نصوص شرعیہ معلوم الوضع غیر متشابہ و متشابہ کو سنکر اُنکے معانی یا حقیقت میں متامل ہونا آپ سے عاقلوں کا کام تو کیا جاہلوں کا کام بھی نہیں اور جو بات شارع کیطرف سے بیان ہوئی اور احتمالات عقلی اُس میں گوناگون ہوں اُسکی تحقیق بغرض عقیدہ محض تضیع اوقات اور اگر خدانخواستہ پاس سخن ہے اور آپ سے عاقلوں کو کاہے کو ہوگا تو اُسوقت نہ پوچھنے سے کچھ فائدہ نہ بتلانے سے کچھ نفع والسلام فقط شکر ہے کہ سید احمد خاں صاحب کے خط کا جواب ختم ہوا + **تمت**

## جواب مولوی محمد قاسم صاحب کا درباب تقلید و تراویح آٹھ رکعت اور پڑھنا ضاد کا بمخرج ظا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خدمت میں علماء دین کے عرض ہے کہ ایک شخص کوہ لنڈھورہ پرگنہ نگینہ ضلع بجنور کا رہنے والا آیا ہی کہتا ہے کہ ضاد بمخرج ظاء پڑھو ورنہ نماز باطل ہوگی اور تراویح آٹھ رکعت پڑھو بیس رکعت پڑھنا فضول ہے اور تقلید کسی امام کی نہ کرنا چاہیے جس حالت میں کہ چاروں مذہب درست ہیں پھر امام اعظم رحمۃ اللہ کی تقلید سے کیا فائدہ ہے جواب ہر ایک امر کا اپنی مہر سے مزین فرماکر ارسال کریں کہ اُس شخص کو جواب دیا جاوے +

**جواب** - مخدوم من میانجی گھسیا صاحب سلامت - بعد سلام یہ گزارش ہے کہ میں پرسوں تیسرے روز پیر کے دن دیوبند سے یہاں اپنے وطن میں پہنچا آپکا خط ملا دیکھ کر رنج ہوا کیا خدا کی قدرت ہے کہ آجکل جطرف سے صدا آتی ہے یہی آتی ہے کہ وہاں مسلمانوں میں اختلاف ہے وہاں نزاع ہے کہیں سے اتفاق کی خبر نہیں آتی ہاں کفار کے جتنے افسانے سنے جاتے ہیں

Marfat.com

یہی سنے جاتے ہیں کہ یوں اتفاق ہے اسطرح اتحاد ہے خیر بجز انا للہ وانا الیہ راجعون کے اور کیا کہیے آپکی خوشنودی خاطر منظور ہے اسلیے جواب لکھتا ہوں ورنہ ایسے جھگڑوں میں دخل دینا محض فضول سمجھتا ہوں - جناب من جیسے بے کی جائے تے اور دال کی جگہ ذال اور حا کے بدلے خا اور شین کی عوض سین اور عین کے مقام غین اور لام کے مکان میم نہ کوئی پڑھتا ہی نہ کوئی جائز سمجھتا ہے اور ادنے سے لیکر اعلے تک ہر کوئی اسبات کو سمجھتا ہے ایسے ہی ضاد کو چھوڑ کر ظا پڑھنا بھی خلاف عقل ونقل ہے یہ بات عقل ونقل کی رو سے منجملہ تحریف ہے جسکی بُرائی خود کلام اللہ میں موجود ہی پھر معلوم نہیں آجکل کے عالم کس وجہ سے ایسی نامعقول بات کہدیتے ہیں اور اہل اسلام کیوں ایسی بات تسلیم کر لیتے ہیں مگر شاید عوام فتوونکی مہرون کو دیکھکر بہل جاتے ہیں اور یہ کون جانے کہ کتابونکا سمجھنا اور فتوونکا لکھنا ہر کسیکو نہیں آتا!!

اب تقلید کی بات سنیے لاریب دین اسلام ایک ہے اور چارون مذہب حق مگر جیسے فن طبابت یونانی یا ڈاکٹری انگریزی ایک ہے اور سارے طبیب کامل قابل علاج اور ہر ایک ڈاکٹر لائق معالجہ ہی اور پھر وقت اختلاف تشخیص اطبا یا مخالفت رائے ڈاکٹران جس طبیب کا علاج یا جس ڈاکٹر کا معالجہ کیا جاتا ہی ہر بات میں اُسی کا کہنا کیا جاتا ہے دوسرے طبیب کی یا دوسرے ڈاکٹر کی رائے نہیں سُنی جاتی ایسے ہی وقت اختلاف آئمہ ومجتہدین جس امام یا مجتہد کا اتباع کیا جائے ہر بات میں اُسی کی تابعداری ضرور ہے ہان جیسے کبھی ایک طبیب یا ڈاکٹر کا علاج چھوڑ کر دوسرے کیطرف رجوع کر لیتے ہیں اور پھر بعد رجوع ہر بات میں دوسریکا اتباع مثل اول کیا جاتا ہے ایسے ہی کبھی کبھی بعض بزرگوں نے زمانہ سابق میں کسی وجہ سے ایک مذہب چھوڑ کر دوسرا مذہب اختیار کر لیا تھا اور بعد تبدیل مذہب ہر بات میں دوسرے ہی کا اتباع کیا یہ نہیں کیا کہ ایک بات اُنکی لی اور ایک بات اُنکی لی اور اس تدبیر سے ایک لامذہبی کا پانچواں انداز گھڑ لیا امام طحاوی جو بڑے محدث اور فقیہہ ہیں پہلے شافعی تھے پھر حنفی ہوگئے تھے بالجملہ بے تقلید کام نہیں چلتا یہی وجہ ہوئی کہ کروڑوں عالم

Marfat.com

یہ محدث گزر گئے پر مقلد ہی رہے امام ترمذی کو دیکھیے کتنے بڑے عالم اور فقیہ اور محدث تھے ترمذی شریف کو دیکھ لیجئے جب ایسے ایسے عالم اس کمال علمی پر مقلد ہی رہے امام شافعی کی تقلید امام ترمذی نے کی اور امام طحاوی اور امام محمد اور امام ابو یوسف نے امام ابو حنیفہ کی تقلید کی ہو پھر آج ایسا کونسا عالم ہوگا جسکے ذمہ تقلید ضروری نہو اور اگر کسی بڑے عالم نے اماموں کی تقلید نہ کی بھی تو کیا ہوا۔ اول تو کروڑوں کے مقابلے میں ایک دو کی کون سنتا ہے جس عاقل سے پوچھو گے یہی کہیگا کہ جسطرف ایک جہان کا جہان ہو وہی بات ٹھیک ہوگی با ایںہمہ یہ کونسی عقل کی بات ہے کہ اس بات میں عالموں کی چال ہم اختیار کریں یہ ایسی بات ہے کہ کوئی مریض جاہل کسی طبیب کو مرض کے وقت دیکھے کہ اپنا علاج آپ کرتا ہے اور دوسرے طبیب سے دوا نہیں پوچھتا یہ دیکھکر یہ بھی یہی انداز اختیار کرے اپنا علاج اپنے آپ کرنے لگے اور طبیبوں سے کام نرکھے تم ہی کہو ایسے آدمی عاقل کہلائینگے یا بیوقوف سو ایسے ہی کسی عالم کو غیر مقلد دیکھکر جاہل اگر تقلید چھوڑ دیں تو یوں کہو علم تھا یا نہ تھا عقل دین بھی دشمنوں ہی کو نصیب ہوئی اور جاہلوں کو جانے دیجے آجکل کے عالم یقین جانیے کل نہیں تو اکثر جاہل ہی ہیں بلکہ بعض عالم تو جاہلوں سے بھی زیادہ جاہل ہیں دو کتابیں اردو کی بغل میں مارکر وعظ کہتے پھرتے ہیں اور علم کے نام خاک بھی نہیں جانتے۔ کم سے کم علم اتنا تو ہو کہ ہر علم کی ہر ایک کتاب طالبعلم کو پڑھا سکے باقی رہی تراویح اُس میں جو آجکل کے ملانوں نے تخفیف نکالدی ہے یعنی بیس کی آٹھ کردی ہیں تو ہر ایک کو بوجہ آسانی یہ بات پسند آتی ہے پر یہ بات کوئی نہین سمجھتا کہ آٹھ رکعتیں جو حدیث میں آئی ہیں تو وہ تہجد کی رکعتیں ہیں تہجد اور چیز ہے اور تراویح اور چیز تراویح کی بیس ہی رکعتیں ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں ہزار ہا صحابہ تھے اُس زمانے سے لیکر آجتک کسی نے بیس رکعت میں کچھ حجت نکی تھی مگر آجکل ایسے اَن پڑھے امی عالم پیدا ہوئے ہیں کہ اُنہوں نے حضرت عمر اور صحابہ کی بھی غلطی نکالی سبحان اللہ یہ مونہہ اور مسور کی دال باقی یہ کہنا کہ عمرؓ سے پہلے بیس رکعتیں

Marfat.com

نہیں پڑھتے تھے یہ خیال خام ہے یہ بات اتنی بات سے کیونکر نکل آئی کہ حضرت عمر کے زمانہ میں بیس کا اہتمام شروع ہوا دیکھیے پہلے زمانہ میں نکاح ثانی کا اسلیے چنداں اہتمام نہ تھا کہ اس نکاح کو اتنا برا نہ سمجھتے تھے جب شاہ ولی اللہ صاحب نے یہ دیکھا کہ اس امر خیر کو آجکل معیوب سمجھنے لگے اُنہوں نے اس کا ذکر اپنی تصانیف میں کیا آخر کار اُن کی اولاد اور اُن کے شاگردوں نے اسکو جاری کرنے میں کمر باندھی مگر اس کے یہ معنی نہیں کہ یہ نکاح ثانی
شاہ ولی اللہ اور اُنکے خاندان کا ایجاد ہے رسول اللہ صلی اللہ عل
بات نہیں ایسے ہی بیس رکعت کو حضرت عمرؓ اور اُن کے
سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہی سمجھیے ورنہ اسکے یہ مع
سنی نہ تھے اُنکے زمانہ کے صحابہ سنی نہ تھے سب کے سب
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کو مٹا دیا - اپنی سنت جاری
عمرؓ اور اصحاب پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کا برا سمجھنے والا کون
حضرت عمر اور اصحاب رضی اللہ عنہم کی پیروی کا حکم تو صحیح صحیح حدیثوں
ایک دو حدیث لکھے دیتا ہوں اُنہیں مولوی صاحب سے اُنکا ترجمہ کرا لینا جو آٹھ ر
گاتے پھرتے ہیں ایک حدیث تو یہ لیجیے - علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین من بعدی دوسری یہ لیجیے - اقتدوا بالذین من بعدی - تیسری یہ لیجیے - اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اہتدیتم فقط

## خاتمۃ الطبع

الحمد للہ والمنۃ کہ کتاب تصفیۃ العقائد جس میں تین مکتوبات حضرت مولانا مولوی محمد قاسم صاحب علیہ الرحمۃ والرضوان کے ہیں پہلا مکتوب جواب ہے اُن عقائد کا جو سر سید احمد خان سی ایس آئی نے لکھ بھیجے تھے دوسرے مکتوب میں آسمان اور اسکے دروازوں کا ثبوت ہے - تیسرے میں مصلحت تعلیم کا بیان اور تراویح کا تذکرہ ہے بتصحیح مولوی محمد عبد الرحمن سلمہ الرحمن باہتمام حاجی غفران محمد عبد الاحد سلمہ الصمد مطبع مجتبائی دہلی میں طبع ہو کر بصیرت افزائے ناظرین ہوئی فقط

Marfat.com

# کتب مفصلہ ذیل کے سوا ہر قسم کی کتابیں مطبع مجتبائی دہلی سے

از تصانیف مولانا محمد قاسم صاحب رح تقریر دلپذیر دلیل محکم ہدیۃ الشیعہ تحذیر ا... روری

...گٹر وڑوں — آقاسمیہ حجۃ الاسلام حق الصریح فی بیان التراویح تصفیۃ العقائد مجتبائی

...ی کہیگا کہ جسطرف ایک جہان کا جہان

...ت ہے کہ اس بات میں عالموں کی چال سیلۂ خداشناسی قصائد قاسمی آب حیات قبلہ نما مجتہ...

...سی طبیب کو مرض کے وقت دیکھے کہ ایضاح العلوم حصہ اول حصہ دوم حصہ سوم زبدۃ المناسک...

...میں پوچھا یہ دیکھکر یہ بھی یہی اندازہ اختیار زیر طبع

...ے کام نہ رکھے تم ہی کہو ایسے آدمی حاجت مجتبائی تنقیح المسائل رد شیعہ آیات بینات حصہ اول دوم

...تقلید دیکھکر جاہل اگر تقلید چھوڑ دیں نصار الحق مطبوعہ صدیقی ازالۃ الغین حصہ دوم دو جلد تحفۃ الہند ...

...و نصیب ہوئی اور جاہلوا

...ہی ہیں بلکہ بعض اثناعشری فتح المبین جواب نظر المبین اعتراضات اہل السنۃ علی مسائل اہل البدعۃ از مولوی...

...عظ کہتے ہیں... النظام فی قرأۃ خلف الامام ظل الغمام نظامی رد وہابیہ مصری منتہی الکلام رد شیعہ مولوی حیدر علی...

ابحاث ضروری حارق الاشرار مجتبائی تذکرۃ الراشد نتیجہ در جواز حجبہ وغیرہ ایضاح الحق ...

اصلاح الحق الصریح عن احکام المحاربۃ الحسن والقبیح مولوی کمال احمد صاحب سکندرپوری رشیدۃ مصطفائے رشا...

الضاف شاہ ولی اللہ رح معہ ترجمہ انصاف مع ترجمہ اردو از حضرت مولانا محمد احسن صاحب مدظلہ افادۃ الشیوخ بمقدار...

البحر الزخار لازہاق خطا الانحصار معیار الحق فتوائے میلاد مجتبائی زیر طبع رسالہ صغیر ظفر مبین حصہ دوم ہدایۃ...

کلام المبین فی جواب فتح المبین رد الاشقاق تقویۃ الایمان عقد الجید موضوعات شاہ...

Marfat.com

# کتب مفصلہ ذیل کے سوا ہر قسم کی کتابیں مطبع مجتبائی دہلی سے

وری | از تصانیف مولانا محمد قاسم صاحب رح تقریر دلپذیر دلیل محکم ہدیۃ الشیعہ تحذیر ا

گڑوڑوں — آب حیات قاسمیہ حجۃ الاسلام حق الصریح فی بیان التراویح تصفیۃ العقائد مجتبائی ۲ر

۲ر ۱ر

ی کہیگا کہ جسطرف ایک جہان کا جہان

ت ہے کہ اس بات میں عالموں کی چال میلۂ خدا شناسی قصائد قاسمی آب حیات قبلہ نما مجتب

۲ر ۲ر

سی طبیب کو مرض کے وقت دیکھے کہ ایضاح العلوم حصہ اول حصہ دوم حصہ سوم زبدۃ المناسک مو

۳ر ۸ر ۸ر

میں پوچھا یہ دیکھکر یہ بھی یہی اندازہ اختیار زیر طبع

سے کام نہ لکھے تم ہی کہو ایسے آدمی حاقیلہ مجتبائی تنقیح المسائل رد شیعہ آیات بینات حصہ اول دوم

۱۲ر

تقلید دیکھکر جاہل اگر تقلید چھوڑ دیں انتصار الحق مطبوعہ صدیقی ازالۃ الغین حصہ دوم دو جلد تحفۃ الہند ح

۹ر ۱۴ر

و نصیب ہوئی اور جاہلوا

ی ہیں بلکہ بعض ابنا عشری فتح المبین جواب ظفر المبین اعتراضات اہل السنۃ علی مسائل اہل البدعۃ از مولوی

۴ر

غلط کہتے ہیں

تحفۃ النظام فی قرءۃ خلف الامام ظل الغمام نظامی رد وہابیہ مصری منتہی الکلام رد شیعہ مولوی حیدر علی

۲ر ۱۰ر

ایجاث ضروری حارق الاشرار مجتبائی تذکرۃ الرشد نتیجہ در جواز تعجیہ وغیرہ ایضاح الحق

۲ر ۱۳ر

اصلاح الحق الصریح عن احکام المحدثۃ الحسن والقبیح مولوی کمال احمد صاحب سکندپوری رشیدیہ مصطفائی رش

الضاف شاہ ولی اللہ رح معہ ترجمہ انصاف مع ترجمہ اردو از حضرت مولانا محمد احسن صاحب مدظلہ افادۃ الشیوخ بمقدار

زیر طبع

البحر الزخار لازھاق جاء الانتصار معیار الحق فتوائے میلاد مجتبائی رسالہ حقہ ظفر مبین حصہ دوم ہدایۃ

۱۳ر

کلام المبین فی جواب فتح المبین رد الشقاق تقویۃ الایمان عقد الجید موضوعات مش

۱۲ر ۸ر ۱۰ر ۵ر ۱۴ر

Marfat.com

ما شاء الله لا قوة الا بالله

بحسن توفیق خداوند جهان درین آوان خیر و برکت اقتران براے اهل سنت جماعت رساله بزیور طبع [illegible]

# احسن العقائد

[illegible] از تصانیف شریف [illegible] دام بالافادة والافاضة

باهتمام راجی رحمت و غفران عاجز محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشن خان مغفور

در مطبع نظامی واقع کانپور محله پٹکاپور مطبوع گردید ۱۳۰۱